ماہنامہ
راہنمائے عملیات
لاہور
March 2016 Rs.60/-

محبان رسول ﷺ

دنیا ستاروں کی روشنی میں

عملیاتی، روحانی وظائف و اعمال

کون سی نظرات موثر ہیں کون سی نہیں

خالد روحانی جنتری مارچ ۲۰۱۶

لوح ہمزاد (قسط نمبر ۲)

بسم اللہ الرحمن کا نقش و عمل

آپ کا ماہ کیسا گزرے گا؟

طلسماتی چھری

عادت سے مجبور

علم اعداد

کتاب التعویذات

نمبر لگ گیا

لکی نمبرز

آئیں دماغ لڑائیں

مقدر کا سکندر

مہورت

عملیاتی مصنوعات

عطر	گلاب، مشک، عنبر، مشک عنبر مکس، چنبیلی، صندل، رات کی رانی، موتیا، خس، گل، زعفران، عود، دھن عود، نرگس، نسرین، کرنا، غلاف کعبہ، حجر اسود، زمزم، مکہ، اصیل عطر اعمال سعد و اعمال نحس، سبعہ کواکب، تسخیر و رجوع
اگربتیاں	عود، صندل، بخور، غلاف کعبہ، گلاب، موتیا، دربار، لوبان، مشک، عنبر، حب و سعادت، بغض و نحوست کی اگربتیوں کے علاوہ "شان اگربتی" خاص عملیاتی، روحانی اور موکلاتی امور کے لیے۔
بخورات	سعد اعمال عام، سعد اعمال خاص، نحس اعمال عام، نحس اعمال خاص، ردسحر و جادو عام، ردسحر و جادو خاص
مومی خشبویں	مشک، عنبر، عنبر خاص فی الحال مومی شکل میں دستیاب ہیں۔
بخوردان	گھر کو ہروقت معطر رکھنے کے لیے بجلی سے جلنے والے بخوردان بمعہ 6 متفرق خشبوں کے ساتھ۔
قرعہ رمل	ٹھوس تانبا، پیتل، سلور پر دستیاب ہے۔
کورسز	علم نجوم، علم اعداد، علم ساعات، علم دست شناسی، ٹیرٹ کارڈ، علم جفر (مستحصلہ)، علم عملیات
قدیم کتب	500 سے زائد اردو، عربی، فارسی اور انگلش قدیم اور نایاب کتب دستیاب ہیں۔

عملیاتی و طلسماتی انگوٹھیاں

انگوٹھی عدد 9	معاملات زندگی میں عمومی تکمیلیت اور متفرق مسائل کے حل کے لیے زیادہ استعمال ہوتی ہے۔ مختلف کاموں کو باخیر انجام دینے اور معاملات میں عمومی کامیابی کے لیے۔
برکاتی انگوٹھی	کاروبار اور تجارت میں اضافے، رزق میں برکت، حصول روزگار، حصول اولاد، تسخیر و رجوع خلقت، شادی، محبت، صحت، خصوصی امراض، ردسحر و جادو، مقدمے میں کامیابی وغیرہ کے لئے
انگوٹھی مریخ	جنسی قوت، صحت، توانائی، جسمانی، حیوانی تحفظ، خاتمہ بیرونی اثرات اور ردسحر کے لیے اس کو بہت دفعہ تجربے کے بعد زود اثر پایا گیا ہے۔
عددی طلسمی انگوٹھیاں	تاریخ پیدائش کے مفرد عدد کے حوالے سے زیادہ موثر ہیں، نام کے مفرد عدد سے بھی مفید۔
خاتم سلیمان (انگوٹھی)	متفرق معاملات و مسائل کے حل کے لیے موثر ہے۔

ماہنامہ راھنمائے عملیات لاھور

سرپرست
خالد اسحاق راٹھور، ایم اے ہسٹری

ایڈیٹر
عبدالباسط راٹھور

سب ایڈیٹر
عبدالحی راٹھور

قیمت
راہنمائے عملیات -/60 فی شمارہ
راہنمائے عملیات (12 شمارہ) -/700 زرسالانہ
راہنمائے عملیات (12 شمارہ) -/55 ڈالرز زرسالانہ (بیرون ملک)
خالد روحانی جنتری -/250
خالد ہندی جنتری -/250

جملہ حقوق

ویب سائٹ
علوم مخفی، نجوم، اعداد، عملیات، لکی نمبرز اور دیگر
www.khalidrathore.com
کیلی گرافی اینڈ آرٹ ورک
www.easternartist.com

ای میل
kirathor@yahoo.com

فیس بک
Rehnuma-e-amliyat
Eastern Artist

دفتری اوقات کار
صبح 11:00 تا شام 06:00 تک
دوپہر 04:30 تا شام 06:00 تک
(خالد اسحاق راٹھور سے ملاقات)
تعطیل اتوار و دیگر حکومتی اعلانات کے مطابق

فون نمبرز
0300-8442060
0321-4753240
0300-4783518
042-36293245
042-36374864

ترسیل زر

آن لائن بینک اکاؤنٹ
A/C # 05570017139203
Khalid Ishaq Rathore, Habib Bank Limited, Allama Iqbal Road, Lahore, Pakistan.

بیرون ملک
Western Union, Xpress money, Ria

منی آرڈر
خالد اسحاق راٹھور، راٹھور مینشن، مکان نمبر 2، گلی نمبر 11، محمد نگر، گڑھی شاہو لاہور پاکستان۔

ایزی پیسہ
عبدالباسط راٹھور
Account# 034643876831
Phone# 03464387683

عبدالحی راٹھور
Account# 034643876823
Phone# 03464387682

فہرست مضامین

ناشر۔ شائستہ خالد راٹھور
پرنٹر۔ الامین ٹریڈرز لاہور
جلد 20 شمارہ 1

خالد اسحٰق راٹھور، مکان نمبر 2، گلی نمبر 11، محمد نگر گڑھی شاہو لاہور

محبانِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم

حضرت عکرمہ رضی اللہ عنہ

ان صفحات کو ان محبانِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے مخصوص کیا گیا جن کی زندگی نبی اکرم ﷺ کی خدمت اور اسلام کی سربلندی کے لیے بسر ہوئی۔

جناب عکرمہؓ نبی رحمت ﷺ کی دعوت حق و ہدایت کے وقت اپنی عمر کی تیسری دہائی میں تھے۔ حسب و نسب سے قریش کے معزز ترین خاندان سے تعلق اور دولت و ثروت کے لحاظ سے ان میں سب سے فائق تھے۔ باپ آڑے نہ آتا تو اپنے ہم عمروں سعد بن ابی وقاصؓ اور مصعب بن عمیرؓ کی طرح بہت پہلے مشرف بہ اسلام ہو جاتے۔

باپ کا نام "ابوجہل" تھا۔ خود عکرمہ ابن ابی جہل مخزومی ہیں۔ عکرمہ کا شمار قریش کے چند سربرآوردہ رئیسوں اور اس کے نامور شہسواروں میں ہوتا تھا۔

عکرمہ ابن ابی جہل نے خود کو اس حال میں پایا کہ وہ اپنے باپ کی مرضی کے مطابق محمد ﷺ کی مخالفت کرنے پر مجبور ہے۔ چنانچہ اس نے اہل اسلام پر ایسی عقوبتیں نازل کیں کہ اس کے باپ کی آنکھیں ٹھنڈی ہوئیں۔

جنگ بدر میں اہل مکہ کی شکست اور والد کی موت کا بدلہ اور دیگر ہم خیال مشرکین قریش جن کے آباء جنگ بدر میں مارے گئے تھے انتقام کی صورت اختیار کر گیا جو جنگ اُحد کی شکل اختیار کر گیا۔ عکرمہ نے اپنی بیوی ام حکیم کو بھی ساتھ لیا تا کہ وہ عورتوں کے ساتھ شامل ہو کر صفوں کے پیچھے کھڑی ہو جائے اور دف بجا بجا کر قریش کو قتال پر برانگیختہ کریں اور ان کو میدان جنگ میں ثابت قدم رکھنے کی کوشش کریں۔ میمنہ پر خالد بن ولید اور میسرہ پر عکرمہ بن ابی جہل کو متعین کیا گیا جن کی جرات و شجاعت سے قریش کا پلہ جناب محمد ﷺ اور ان کے اصحاب پر بھاری ہو گیا اور اس کے نتیجے میں وہ فتح و کامرانی سے ہمکنار ہوئے جس پر ابوسفیان کی فرط مسرت سے چیخ نکل گئی کہ "یہ جنگ بدر کا بدلہ ہے" (سیرت ابن ہشام، صفحہ ۳۸۳)۔

فتح مکہ کے موقع پر جب قریش نے دیکھا کہ محمد ﷺ اور ان کے اصحاب کے راستے ان کو تاب مقاومت نہیں تو انہوں نے طے کیا کہ ان کے راستے سے ہٹ جائیں۔ لیکن عکرمہ اور اس کے کچھ ہم خیال ساتھی قریش کے اس فیصلے کے علی الرغم جنگ کا ارادہ لیے مکہ سے نکل پڑے اور مسلمانوں کے لشکر جرار کے سامنے جاڈٹے۔ لیکن جناب خالد بن ولیدؓ نے ایک معمولی جھڑپ کے بعد انہیں شکست دے کر بھاگنے پر مجبور کر دیا۔ اس جھڑپ میں چند آدمی مارے گئے اور باقی میدان چھوڑ کر بھاگ نکلے۔ مفرورین میں عکرمہ ابن ابی جہل بھی تھا لیکن ساتھ ہی وہ سخت حیرانی و سراسیمگی سے دوچار تھا کہ اس کے لیے وہاں کوئی جائے پناہ نہیں رہ گئی تھی۔ رسول اللہ ﷺ نے قریش کے ان تمام جرائم کو معاف کر دیا تھا جو انہوں نے آپ ﷺ کے مقابلے میں کیے تھے۔ البتہ اس عام معافی سے چند مجرموں کو مستثنیٰ قرار دیا گیا اور نام لے کر حکم دیا گیا انہیں قتل کر دیا جائے خواہ وہ غلاف کعبہ میں چھپے ہوئے ہی کیوں نہ ملیں۔ ان لوگوں میں عکرمہ ابن ابی جہل کا نام سرفہرست تھا۔ اس لیے اپنی جان کے خوف سے وہ چھپ کر مکہ سے نکلا اور یمن کی طرف چل پڑا۔

عکرمہ کی بیوی ام حکیم اور ہند بنت عتبہ دس دوسری عورتوں کے ہمراہ نبی کریم ﷺ کی بیعت کرنے کے ارادے سے آپ ﷺ کی قیام گاہ پر پہنچیں۔ ہند نے اپنا چہرہ نقاب میں چھپا رکھا تھا۔ اس نے گفتگو کا آغاز کرتے ہوئے کہا۔

"اے اللہ کے رسول ﷺ! اللہ کا شکر ہے کہ اس نے اپنے پسندیدہ دین کو غالب کر دیا۔ میں آپ کے ساتھ اپنی نسبی اور خاندانی قرابت کا واسطہ دے کر آپ سے خیر اور حسن سلوک کی خواستگار ہوں۔ میں آپ کی تصدیق کرنے والی ایک مسلمان عورت ہوں"۔ پھر اس نے اپنے چہرے سے نقاب سرکاتے ہوئے کہا "اللہ کے رسول ﷺ! میں عتبہ کی بیٹی ہند ہوں"۔ آپ ﷺ نے فرمایا "میں تمہیں مرحبا کہتا ہوں اور تمہارا خیر مقدم کرتا ہوں"۔ اس نے پھر کہا "اللہ کی قسم! اے اللہ کے رسول ﷺ! آج سے پہلے روئے زمین پر کوئی ایسا گھر نہ تھا جس کی ذلت و رسوائی مجھے آپ ﷺ کے گھر کی ذلت و رسوائی سے زیادہ پسند ہو مگر اب یہ حال ہے کہ دنیا کا کوئی گھر میرے نزدیک آپ ﷺ کے گھر سے زیادہ معزز نہیں ہے"۔ (صحیح بخاری، کتاب مناقب الانصار، حدیث ۳۸۲۵، صحیح مسلم، کتاب الاقضیہ، باب قضیۃ ھند)۔

رجسٹریشن

ادارہ راہنمائے عملیات نے علوم مخفی کے شائقین اور طلباء کے لیے خصوصی راہنمائی کا بندوبست کیا ہے۔ وہ تمام طالب علم جو ادارہ کے کسی بھی کتابی کورس کا حصہ ہیں وہ ادارہ کے ساتھ رجسٹر ہو کر متعلقہ کتابی کورس کے حوالے سے مکمل راہنمائی حاصل کر سکتے ہیں۔ ادارہ کے ساتھ رجسٹر طلباء کو یہ خصوصی سہولت حاصل ہوگی کہ وہ کورس کے حوالے سے درکار وضاحت یا ذہن میں آنے والے سوالات کے جوابات کے لیے ادارہ کی خدمات سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ ادارہ کے ساتھ رجسٹر ہونے کے طریقہ کار اور رجسٹر ہونے کے بعد عملی راہنمائی اور دیگر فوائد کی تفصیل الگ سے دی گئی ہے۔

اس کے بعد عکرمہ کی بیوی ام حکیم کھڑی ہوئی۔ پہلے تو اپنے اسلام کا اظہار کیا، پھر یوں گویا ہوئی "اے اللہ کے رسول ﷺ! آپ انہیں امان بخش دیں، اللہ آپ کو امان دے گا"۔ نبی ﷺ نے اس کی درخواست سن کر ارشاد فرمایا "عکرمہ ابن ابی جہل کو امان دی جاتی ہے"۔

شوہر کی جاں بخشی کا اعلان سن کر ام حکیمؓ اسی وقت اپنے رومی غلام کو ساتھ لے کر ان کی تلاش میں نکل پڑیں۔ دوران سفر غلام کی نیت خراب ہوگئی اور اس نے ان پر ڈورے ڈالنا شروع کر دیئے۔ وہ اسے امید دلاتی اور ٹالتی ہوئی عرب کے ایک قبیلہ میں پہنچ گئیں۔ وہاں اہل قبیلہ سے مدد کی طالب ہوئیں۔ جنہوں نے غلام کو قید کر لیا۔ آپؓ نے تن تنہا اپنا سفر جاری رکھا اور آخر کار تہامہ کے علاقے میں سمندر کے کنارے عکرمہ کو پالیا۔ عکرمہ مسلمان ملاح سے گفتگو کر رہا تھا کہ اس کو پار پہنچا دے۔ مگر ملاح اس بات پر مصر تھا کہ پہلے تم اخلاص کا اظہار کرو اور کہو **اشهد ان لا اله الا الله و اشهد ان محمد رسول الله**۔

عکرمہ نے کہا کہ "اسی سے بھاگ کر تو میں یہاں آیا ہوں" گفتگو جاری تھی کہ ام حکیم رضی اللہ عنہا عکرمہ کے پاس پہنچ گئیں اور اس سے بولیں:۔

"میرے ابن عم! میں تمہارے پاس سب سے افضل، سب سے نیک اور سب سے اچھے انسان کی طرف سے آئی ہوں۔ میں تمہارے پاس محمد بن عبداللہ ﷺ کی طرف سے آئی ہوں۔ میں نے ان سے تمہاری جان بخشی کا وعدہ لے لیا ہے۔ تم اپنی جان کو ہلاکت میں نہ ڈالو"۔

عکرمہ نے پوچھا کہ "کیا تم نے خود ان سے بات کی ہے؟" انہوں نے جواب دیا "ہاں! میں نے خود بات کی ہے اور انہوں نے تم کو امان دی ہے"۔ آخر کار یقین دہانی کے بعد واپسی اختیار کی۔ دوران سفر انہوں نے غلام کی خباثت نفس کا ذکر کیا جس کو عکرمہ نے مسلمان ہونے سے پہلے وہاں پہنچ کر قتل کر دیا۔

اثنائے سفر میں جب وہ دونوں ایک منزل پر رکے تو عکرمہ نے بیوی سے خلوت کی خواہش ظاہر کی لیکن انہوں نے سختی سے انکار کرتے ہوئے کہا "میں ایک مسلمان عورت ہوں اور تم ابھی مشرک ہو"۔ عکرمہ نے اس بات پر تعجب کا اظہار کرتے ہوئے کہا "وہ بات جو تمہیں میرے ساتھ خلوت سے روک دے، یقیناً کوئی نہایت ہی بڑی بات ہوگی"۔ جب عکرمہ مکہ کے قریب پہنچا تو رسول اللہ ﷺ نے صحابہ کرامؓ سے فرمایا:۔

"عکرمہ ابن ابی جہل بہت جلد ایک مومن و مہاجر کی حیثیت سے تمہارے پاس پہنچنے والا ہے۔ اس کے باپ کو برا مت کہنا، مردے کو برا کہنے سے زندہ کو اذیت پہنچتی ہے اور میت کو اس کی خبر بھی نہیں ہوتی"۔

اس کے تھوڑی ہی دیر بعد عکرمہ اپنی بیوی ام حکیمؓ کے ساتھ رسول اللہ ﷺ کی مجلس میں پہنچ گیا۔ نبی ﷺ اسے دیکھتے ہی فرط مسرت سے اچھل پڑے اور چادر کے بغیر ہی اس کے استقبال کے لیے لپکے۔ پھر جب نبی ﷺ اپنی جگہ پر آ کر بیٹھ گئے تو عکرمہ نے کھڑے کھڑے عرض کیا "محمد (ﷺ) ام حکیم نے مجھے بتایا ہے کہ آپ نے مجھے امان دے دی ہے"۔ نبی ﷺ نے جواب دیا "اس نے صحیح کہا ہے۔ تم مامون ہو"۔

اس نے دوبارہ سوال کیا "اے محمد (ﷺ) آپ مجھے کس بات کی دعوت دیتے ہیں؟"

"میں تمہیں اس بات کی دعوت دیتا ہوں کہ تم گواہی دو کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی دوسرا لائق عبادت و پرستش نہیں اور اس بات کی کہ میں اللہ کا بندہ اور اس کا رسول ہوں اور اس بات کی کہ تم زکوۃ دو"۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارکان اسلام گناتے ہوئے فرمایا۔

عکرمہ نے کہا "اللہ کی قسم! آپ نے حق کی دعوت دی اور خیر کا حکم دیا۔ واللہ! آپ اس دعوت سے پہلے بھی ہم میں سب سے سچے اور نیکوکار تھے"۔ یہ کہہ کر اس نے بیعت کے لیے اپنا ہاتھ بڑھا دیا اور کلمہ شہادت پڑھ کر دائرۂ اسلام میں داخل ہو گیا (سیرت النبی ﷺ / امام ابن کثیر ۲: ۳۹۲، ۳۹۳)۔

اسلام لانے کے بعد جناب عکرمہؓ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے درخواست کی "اللہ کے رسول ﷺ! مجھے سب سے اچھی چیز بتا دیجیے تاکہ میں اسے برابر پڑھا کروں"۔

"**اشهدان لا اله الا الله واشهد ان محمدا عبده و رسوله**" پڑھا کرو۔ نبی ﷺ نے جواب دیا۔ وہ بولے "اس کے بعد کیا؟"۔ فرمایا "یہ کہو کہ میں اللہ تعالیٰ اور حاضرین کو گواہ بنا کر کہتا ہوں کہ "میں مسلم ہوں، مجاہد ہوں اور مہاجر

ہوں'' اور عکرمہؓ نے یہ کہہ دیا۔

اس وقت نبی کریم ﷺ نے ان سے فرمایا کہ ''آج تم جو چیز بھی مجھ سے مانگو گے وہ تمہیں عطا کروں گا''۔

''میں چاہتا ہوں کہ میں نے آپ کے ساتھ جتنی عداوت کی، جہاں کہیں بھی آپ کے مدمقابل ہوا اور آپ کے خلاف جو بات بھی، خواہ آپ کے روبرو یا پس پشت کہی ہو ان سب سے میرے لیے مغفرت کی دعا فرمائیں''۔ عکرمہؓ نے زبانِ سوال کھولی۔

تو رسول اللہ ﷺ نے ان کے لیے دعا کی ''اے اللہ! ہر اس عداوت سے عکرمہ کی مغفرت فرما جو اس نے میرے ساتھ کی اور معاف فرمادے اس کی ہر اس سرگرمی کو جس کے ذریعہ سے اس نے تیرے نور کو بجھانے کی کوشش کی اور درگزر فرما اس کی ہر اس حرکت کو جو اس نے میری آبرو سے کھیلتے ہوئے میرے سامنے یا میری عدم موجودگی میں کی ہو''۔ اس دعا کو سن کر جناب عکرمہؓ کا چہرہ خوشی سے دمک اٹھا اور انہوں نے کہا ''اے اللہ کے رسول ﷺ! اللہ کی قسم! آج سے پہلے اللہ کی راہ سے اللہ کے بندگان کو باز رکھنے کے لیے جتنا مال میں خرچ کرتا ہوں، اب آج کے بعد سے اللہ کی راہ میں اس سے دوگنا خرچ کروں گا، اور آج سے پہلے اللہ کے دین سے روکنے کے لیے جتنی قوت سے لڑتا رہا، آج کے بعد سے اس سے دوگنی طاقت کے ساتھ اللہ کی راہ میں لڑوں گا''۔

اس روز مسلمانوں کی جماعت میں ایک ایسے شخص کا اضافہ ہوا جو میدان کارزار میں ایک شیر دل شہسوار اور مسجدوں میں ایک عابد شب زندہ دار اور قاری قرآن تھا۔ وہ قرآن کریم کو اپنے چہرے پر رکھ کر اللہ کے خوف سے روتے ہوئے بڑے والہانہ انداز میں کہتے ''کتاب ربی..... کلام ربی''۔

رومیوں کے خلاف معرکہ یرموک میں تلوار کی نیام توڑ کر پھینک دی اور ننگی تلوار لے کر ان کی صفوں میں گھس گئے۔ یہ دیکھ کر جناب خالد بن ولیدؓ نے فوراً ان کے پاس پہنچ کر کہا ''عکرمہ! ایسا نہ کیجیے۔ اپنی جان کو خطرے میں نہ ڈالیے۔ آپ کا قتل ہو جانا مسلمانوں کے لیے ناقابل برداشت اور ناقابل تلافی سانحہ ہوگا''۔ لیکن جناب عکرمہؓ نے ان سے کہا ''خالد! ہٹ جاؤ۔ میرا راستہ نہ روکو۔ صحبت رسول ﷺ سے استفادہ اور خدمت اسلام میں تم کو میرے اوپر سبقت حاصل ہے۔ میں اور میرا باپ رسول اللہ ﷺ کے کٹر مخالف تھے اور میں آخر دم تک اس مخالفت پر قائم رہا، اس لیے صحبت رسول ﷺ کا شرف میرے حصے میں بڑی تاخیر سے آیا۔ مجھے چھوڑ دو۔ آج میں گذشتہ کوتاہیوں اور محرومیوں کی تلافی کر لینا چاہتا ہوں... پھر قدرے توقف کے بعد فرمایا ''میں بہت سے مواقع پر رسول اللہ ﷺ کے ساتھ جم کر لڑا۔ کیا آج رومیوں کے مقابلے میں راہ فرار اختیار کرلوں؟ ایسا کبھی نہیں ہوسکے گا''۔ پھر انہوں نے مسلمانوں کو پکارا ''موت پر کون بیعت کرتا ہے؟''۔

ان کی پکار پر تقریباً چار سو مسلمانوں نے بیعت کی۔ اور خونریز جنگ کی۔ آخر جب مسلمانوں کی عظیم الشان فتح کا آفتاب طلوع ہوا تو یرموک کی زمین پر تین مجاہد زخموں سے چور پڑے تھے۔ شدت تشنگی سے بے تاب جناب حارثؓ نے پانی مانگا۔ پانی ان کو پیش کیا جارہا تھا، جناب عکرمہؓ نے ان کی طرف دیکھا۔ جناب حارثؓ نے پہلے ان کو پانی پلانے کا اشارہ کیا اور جب پانی ان کے پاس لے جایا گیا تو جناب عیاشؓ نے اس کی طرف نظر اٹھا کر دیکھا۔ جناب عکرمہؓ نے اشارہ کیا کہ پہلے ان کی پیاس بجھائی جائے اور جب پانی پلانے والے ان کے قریب گئے تو دیکھا کہ وہ اس سے بے نیاز ہوچکے ہیں۔ جب وہ پلٹ کر پہلے دونوں صحابیوں کے پاس پہنچے تو دیکھا کہ وہ لوگ بھی آب کوثر سے اپنی پیاس بجھا چکے ہیں۔

اللہ تعالیٰ ان سب لوگوں سے راضی ہو اور انہیں حوض کوثر سے اس طرح سیراب کرے کہ اس کے بعد انہیں تشنگی محسوس نہ ہو اور انہیں جنت الفردوس کی سرسبزی و شادابی مرحمت فرمائے۔ آمین۔

از: عبدالباسط راٹھور

دنیا ستاروں کی روشنی میں

ملکی اور بین الاقوامی حالات — سٹاک مارکیٹ کا جائزہ

پاکستان

یہ ماہ حکومت مخالف اٹھتی ہوئی آوازوں اور عوام کے اندر بڑھتی ہوئی بے یقینی کی کیفیت کو ظاہر کر رہا ہے۔ اس ماہ کے پہلے دو عشروں میں حکومت مخالف آوازوں اور احتجاجوں میں اضافہ دیکھنے کو ملے گا۔ حکومت کا عوام سے کیے گئے وعدوں کی تکمیل میں التواء کا عنصر کافی واضح رہے گا۔ حکومت اور اپوزیشن کے درمیان سرد جنگ میں کافی اضافہ ہوگا اور ایک دوسرے کے اوپر کیچڑ اچھالا جائے گا۔

قانونی حوالے سے قدرے بہتر وقت ہے۔ عدالتی کاروائیوں میں قدرے تیزی آئے گی اور لوگوں کو جلد انصاف کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے گا۔ ملک میں ہسپتالوں کے نظام کو بہتر بنانے اور لوگوں کو بہتر طبی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے گا۔ دوست ممالک کے ساتھ تعلقات میں تیزی آئے گی اور نئے معاہدے طے پائیں گے۔ ہمسایہ ممالک کے ساتھ وقتی طور پر حالات کشیدہ ہو سکتے ہیں اور سخت بیانات کا تبادلہ ہوگا۔ رینجرز کی کاروائیوں میں تیزی آئے گی اور ملک دشمن عناصر سے سختی سے نمٹا جائے گا۔

وزیراعظم نواز شریف صاحب کو اس عرصے میں کچھ سخت فیصلے لینے پڑ سکتے ہیں جس پر اپوزیشن جماعتیں کافی شور و غل کریں گی۔ یہ عرصہ ان کے لیے کافی مشکلات اور رکاوٹیں لے کر آ رہا ہے مگر وہ اپنی مضبوط قوت ارادی کی وجہ سے ان کا بخوبی سامنا کریں گے۔ صحت کے معاملات پر خصوصی توجہ دی جائے گی۔ تعلیم کے حوالے سے بنائے گئے منصوبے التواء کا شکار ہوتے نظر آتے ہیں۔

وزیراعلیٰ شہباز شریف صاحب کے لیے بھی ایک مشکل وقت ہے ان کے جاری منصوبوں پر روز بروز اٹھتے ہوئے سوالوں اور اعتراضات میں بتدریج اضافہ ہوگا مگر ان کے منصوبے کسی صورت رکتے ہوئے نظر نہیں آتے۔ البتہ ان کو فی الوقت اپنی صحت پر خاص توجہ دینے کی ضرورت ہے، بیمار پڑ سکتے ہیں۔ صوبے میں صنعت و تجارت کے شعبے کے فروغ کے لیے خصوصی اقدامات اٹھائے جائیں گے۔ ان کو اچھا کام کرنے والے لوگوں کا ساتھ کافی فائدہ دے گا۔

وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ صاحب صوبے میں امن و امان کی صورتحال کو بہتر بنانے کے حوالے سے تو کافی کامیابیاں سمیٹتے ہوئے معلوم ہوتے ہیں۔ البتہ صوبے میں صحت کے مسائل ایک دفعہ پھر بڑھتے ہوئے معلوم ہوں گے۔ عوام کے اندر خود اعتمادی کی فضاء بحال ہوگی۔

وزیراعلیٰ خیبر پختونخواہ پرویز خٹک صاحب صوبے میں تعلیم اور صحت کے معیار کو بہتر بنانے پر خصوصی توجہ دیں گے اور اس حوالے سے اہم اقدامات اٹھائے جائیں گے۔ البتہ ان کے خلاف سیاسی سازشیں کافی سرگرم رہیں گی۔ ان کے مخالفین ان کے خلاف بیان بازی اور الزام تراشی کا کوئی بھی موقع ہاتھ سے جانے نہ دیں گے۔ صوبے میں موجود قدرتی ذخائر سے فائدہ اٹھانے کے حوالے سے کوئی خاطر خواہ منصوبہ بندی بنتی نظر نہیں آتی۔ ذرائع آمد و رفت کے نظام کو مزید بہتر بنانے پر توجہ دی جائے گی۔ پھلوں اور فصلوں کی پیداوار متاثر ہونے کا خدشہ ہے۔

عمران خان صاحب کے لیے جاری وقت کافی اچھا ہے۔ ان کی شہرت میں اضافہ ہوگا البتہ انہیں چاہیے کہ اپنے فیصلے خوب سوچ سمجھ کریں اور دوسروں سے فی

الوقت مشاورت کرنے سے گریز کریں ورنہ بعد میں انہیں اپنے لیے گئے فیصلوں پر پچھتاوا ہوگا۔ صحت کے حوالے سے احتیاط کریں طبیعت خراب ہو سکتی ہے۔ اپنے قریبی لوگوں پر اعتبار کم سے کم کریں ورنہ نقصان اٹھائیں گے۔

الطاف حسین صاحب کے لیے قدرے ایک بہتر وقت ہے۔ اپنے خلاف چلنے والے قانونی معاملات کو بہتر انداز میں نپٹا لیں گے۔ لاپرواہی کی وجہ سے صحت خراب ہو سکتی ہے۔

سٹاک مارکیٹ

اس ماہ کی شروعات قدرے تیزی سے ہوگی مگر 5 تا 21 تاریخ کا عرصہ مجموعی طور پر مندی کے رجحان کو ظاہر کر رہا ہے۔ البتہ ماہ کا آخری ہفتہ نسبتاً تیزی کے رجحان کو لے کر آئے گا۔

آئل اینڈ گیس سیکٹر:

اس سیکٹر میں کوئی خاص بہتری آتی ہوئی نظر نہیں آتی مجموعی طور پر ملا جلا رجحان دیکھنے کو ملے گا۔ البتہ آخری ہفتے میں نسبتاً تیزی آئے گی۔

مالیاتی ادارے:

مجموعی طور پر پہلے دو عشرے اونچ نیچ کے ساتھ مندی کو ظاہر کر رہے ہیں۔ البتہ آخری عشرے میں قدرے معمولی بہتری آئے گی۔

سیمنٹ سیکٹر:

سرمایہ کاری کے حوالے سے بہتر سیکٹر ہے مجموعی طور پر تیزی کا رجحان رہے گا۔ البتہ دوسرے عشرے میں نسبتاً معمولی مندی آئے گی۔

ٹیلی کام سیکٹر:

اس سیکٹر میں سرمایہ کاری احتیاط سے کریں۔ دوسرے عشرے میں مندی کا رجحان بڑھے گا جس وقت سرمایہ کاری کی جا سکتی ہے جو کہ ماہ کے آخری ہفتے میں آپ کو فائدہ دے گی۔

فوڈ سیکٹر:

اس سیکٹر میں مجموعی طور پر تیزی کا رجحان رہے گا مگر پہلے دو عشروں میں اس سیکٹر میں کام نسبتاً کم رہے گا البتہ آخری عشرے میں کافی تیزی آئے گی اور اس سیکٹر میں کام بھی کافی ہوگا۔

بین الاقوامی حالات

امریکہ:

معاشی لحاظ سے ایک بہتر وقت ہے۔ سٹاک مارکیٹ میں قدرے تیزی دیکھنے کو ملے گی۔ بے روزگاری کی شرح میں کمی متوقع ہے۔ البتہ فصلوں کی پیداوار اُمید کے مطابق نہ ہوگی۔ عوام حکومت سے غیر مطمئن نظر آئے گی۔ حکومت مخالف بیانات میں اضافہ ہوگا۔ دوسرے ممالک پر اپنی حاکمیت ظاہر کرنے اور ان کے خلاف جنگی کارروائیوں میں تیزی آئے گی۔ شرح پیدائش میں اضافہ ہوگا۔ کھیلوں کے میدانوں میں امریکی عوام کی کارکردگی کافی بہتر نظر آئے گی۔ جنگی جنون کی دوڑ میں مزید کامیابیاں ملتی نظر آتی ہیں۔

برطانیہ:

ملک میں صحت کے مسائل بڑھتے ہوئے نظر آتے ہیں۔ بے روزگاری کی شرح میں نسبتاً اضافہ دیکھنے کو ملے گا۔ اشیاء خورد و نوش کی قیمتوں میں کمی متوقع ہے۔ دوسرے ممالک کے ساتھ تجارتی تعلقات استوار کرنے پر خاصی توجہ دی جائے گی۔ ملکی برآمدات میں اضافہ ہوگا۔

چین:

صنعت و تجارت کے حوالے سے قدرے مناسب وقت ہے، البتہ سٹاک مارکیٹ میں کوئی خاص تیزی آتی نظر نہیں آتی۔ اسٹریٹ کرائم اور جنسی تشدد کے واقعات میں اضافہ ہوگا۔ لوگوں کو انصاف کی فراہمی ایک مشکل امر ہوگا۔ حکومت عوام کو بہتر طبی سہولیات فراہم کرنے پر زور دے گی۔

انڈیا:

قانونی نظام کو مزید بہتر بنایا جائے گا اور ملک میں بڑھتے ہوئے جنسی تشدد اور زیادتیوں کے واقعات کے خلاف اہم قانونی کارروائیاں کی جائیں گی۔ جس سے عوام میں سکون اور تسلی کی لہر چلے گی۔ حکومت اور اپوزیشن کے درمیان سرد جنگ بڑھنے کا خدشہ ہے ایک دوسرے کے خلاف الزام تراشیوں اور کیچڑ اچھالنے کی ہر ممکن کوشش کی جائے گی۔ عوام مجموعی طور پر حکومت سے قدرے غیر مطمئن نظر آئے گی۔

ایران:

حکومت کے لیے ایک بہتر وقت ہے۔ اجناس کی پیداوار میں خاطر خواہ اضافہ ہوگا۔ لوگوں کو صاف پانی کی فراہمی اور بہتر طبی سہولیات پر خصوصی توجہ دی جائے گی۔ ہمسایہ ممالک کے ساتھ بہتری تعلقات قائم کرنے کی کوشش کی جائے گی۔

نمبر 7

دماغی سکون

دماغ کو طاقت دینے کے لیے جیڈ استعمال کریں۔ دماغی تناؤ اور رگوں کا درد کرنا، پھٹنا وغیرہ سب اس سے بہتر ہوتا ہے۔ جتنا جیڈ کا رنگ بہتر ہوگا اتنا زیادہ مفید ہوگا۔

نظرات کواکب پر مضامین کا ایک خاص سلسلہ

خرابی صحت

ہبوط عطارد

	ابتداء نظر	اختتام نظر
تاریخ	13-03-16	14-03-16
وقت	17:54:05	07:09:36

ہبوط عطارد کے دوران دشمن کے کاروبار کو نقصان پہنچانے، کاروباری بندش لگانے، صحت کو نقصان پہنچانے، تعلیمی میدان میں کمزور کرنے اور کھیل کے میدان میں دشمن کو نقصان پہنچانے کے لیے عمل تیار کیے جاتے ہیں۔ ہر مقصد کے لیے الگ عمل ترتیب دیا جاتا ہے۔ البتہ اس بار آپ کے لیے دشمن کی خرابی صحت کے حوالے سے ایک عمل پیش کیا جارہا ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اللہ	ممیت	ضار	قهار
اللہ	قهار	ممیت	ضار
اللہ	ضار	قهار	ممیت
اللہ	ممیت	ضار	قهار

درج بالا نقش کو دشمن کی تصویر کی پشت پر بنائیں۔ کوشش کریں کہ جو تصویر استعمال کریں اس میں دشمن کی مکمل تصویر سرتا پاؤں تک واضح ہوتا کہ عمل میں شدت اور تیزی آئے۔ اگر دشمن کا استعمال شدہ کپڑا بھی مل جائے تو زیادہ بہتر ہے ورنہ اس کے بغیر ہی عمل مکمل کریں۔ نقش لکھنے کے بعد اسے ایک کالے کپڑے میں ڈال دیں۔ اس کے ساتھ تھوڑا کوئلہ بھی پیس کر ڈال دیں پھر اسے کسی پرانی قبر میں دفنا دیں۔ 33 دن میں آپ کو اس کے اثرات واضح ہونے لگ جائیں گے۔

کاروبار میں ناکامی اور نقصان

عطارد تربیع مریخ

	ابتداء نظر	تکمیل نظر	اختتام نظر
تاریخ	04-03-16	05-03-16	06-03-16
وقت	15:46	10:44	05:25

اگر آپ کے مخالفین آپ کے کاروبار پر نظر بد لگائے بیٹھے ہیں اور آپ کے کاروبار کو نقصان پہنچانے اور بندش لگوانے کے لیے طرح طرح کے اعمال کا سہارا لے رہے ہوں اور آپ بھی اپنے دشمنوں سے بدلہ لینا چاہتے ہوں تو یہ وقت اس کام کے لیے نہایت موزوں وقت ہے۔ اپنے دشمن کے کاروبار کو نقصان پہنچانے کے لیے کالی سیاہی سے دو عدد نقوش تیار کریں۔

الاسماء الحسنیٰ: یا اللہ یا مذل یا خافض

خاکی چال

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

خاکی نقش

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یا اللہ یا مذل یا خافض

۵۷۱	۵۸۵	۵۸۲	۵۷۹
۵۸۳	۵۷۸	۵۷۲	۵۸۴
۵۷۷	۵۸۰	۵۸۷	۵۷۳
۵۸۶	۵۷۴	۵۷۶	۵۸۱

یا اللہ یا مذل یا خافض

آبی چال

۱۴	۱	۸	۱۱
۷	۱۲	۱۳	۲
۹	۶	۳	۱۶
۴	۱۵	۱۰	۵

آبی نقش

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یا اللہ یا مذل یا خافض

۵۸۵	۵۷۱	۵۷۹	۵۸۲
۵۷۸	۵۸۳	۵۸۴	۵۷۲
۵۸۰	۵۷۷	۵۷۳	۵۸۷
۵۷۴	۵۸۶	۵۸۱	۵۷۶

یا اللہ یا مذل یا خافض

خاکی چال کے نقش کو دشمن کی دوکان دفتر یا کاروبار کے مین گیٹ کے باہر دفنا دیں۔ اگر اس کے دفتر کے دو مین گیٹ ہوں تو خاکی چال سے دو نقش بنائیں اور دونوں دروازوں کے باہر دفنا دیں۔ آبی چال سے لکھے نقوش کو پانی میں گھول دیں اور اس کی دوکان/دفتر کی دیواروں پر چھڑکیں۔

صدقہ: عمل شروع کرنے سے قبل ایک عدد مرغا ذبح کرا کر صدقہ کریں۔

بخور: عمل کے دوران بغض اگربتی سلگائیں۔

جائز علیحدگی کے لیے

ہبوط قمر

اختتام نظر	ابتداء نظر	
26-03-16	26-03-16	تاریخ
05:14	03:13	وقت

اگر کسی دو افراد کے درمیان جائز علیحدگی کرانا مقصود ہو تو اس کے لیے ایک آسان اور مجرب عمل پیش کیا جا رہا ہے۔

جن کے درمیان علیحدگی کرانا مقصود ہو ان کی تصویر کی پشت پر درج ذیل نقش تیار کریں۔ نقش کو کالی سیاہی سے تیار کریں اور اس کے چار ٹکڑے کر کے الگ الگ قبر میں دفنا دیں۔

الاسماء الحسنیٰ: یا اللہ یا آخر یا موخر یا قابض

آتشی چال

۱	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

آتشی نقش

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یا اللہ یا آخر یا موخر یا قابض

۶۵۳	۶۵۷	۶۶۰	۶۴۶
۶۵۹	۶۴۷	۶۵۲	۶۵۸
۶۴۸	۶۶۲	۶۵۵	۶۵۱
۶۵۶	۶۵۰	۶۴۹	۶۶۱

باسم فلاں بنت فلاں علی بغض فلاں بن فلاں

عمل شروع کرنے سے قبل گندم کا صدقہ دیں اور عمل کے دوران عود اور لوبان کی اگربتی سلگائیں۔

دل کے سکون کے لیے

دل کی بے سکونی اور ڈر و خوف کا پیدا ہونا ایسی تکالیف ہیں جو انسان کو ہر وقت بے چین طبع رکھتی ہے اور کوئی بھی کام کرنے نہیں دیتی۔ دلی بے سکونی اور ڈر و خوف کی شکایات بہت زیادہ سننے کو ملتی ہیں خصوصاً عورتوں میں۔ بہت سے مرد حضرات بھی اپنی والدہ یا بیگم کے حوالے سے اس طرح کی شکایات لے کر آتے ہیں کہ وہ اکثر بے چین رہتی ہیں اور جلد ہی چھوٹی چھوٹی باتوں پر پریشان ہو جاتی ہیں۔ ایسی صورتحال میں آپ کو چاہیے کہ اپنے گھر میں سورہ یٰسین کو 3 دفعہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پئیں۔ انشاءاللہ تعالیٰ گیارہ دن کے بعد آپ خود فرق دیکھیں گے۔ پڑھائی کے دوران صندل کی اگربتی سلگائیں۔

اس مضمون کا بنیادی مقصد یہ ہے کہ نقوش و عملیات تیار کرنے والے عامل یا عام لوگ جن کو نجوم و عملیات کی معمولی سمجھ ہے یا بالکل نہیں ہے اس مضمون کی مدد سے صرف ایسے وقت میں نقش یا اعمال تیار کریں جو موثر ثابت ہوں اور ان کا وقت، رقم اور محنت ضائع نہ ہو۔ بہت سے لوگ بلا علم ہر نظر کی سعادت و نحوست پر اعمال تحریر کر دیتے ہیں جو کہ فائدہ مند ثابت نہیں ہوتے۔ سو راھنمائے عملیات کے قارئین کی خصوصی راہنمائی کے لیے ہر ماہ یہ مضمون تحریر کیا جاتا ہے۔ تاکہ کوئی بھی کواکبی نظر ہو آپ اس مضمون سے زیادہ سے زیادہ بہتر اور قوت اور طریق سے عمل تیار کر سکیں۔ اللہ آپ کو کامیابی عطا فرمائے۔

کواکبی نظر	ابتداء نظر	تکمیل نظر	اختتام نظر	احکام نظر......یعنی نقش، تعویذ و عمل تیار کریں یا نہ؟
مارچ				
عطارد تربیع مریخ	04-03-16 15:46	05-03-16 10:44	06-03-16 05:25	نحس نظر ہے اور اس وقت تیار کردہ اعمال نحس و نقوش نحس 65/60 فی صد سے زیادہ نتائج نہ لائیں گے۔ اثرات وقتی ہوں گے۔
شمس تربیع زحل	05-03-16 10:18	06-03-16 11:04	07-03-16 11:49	نظر کو ذاتی حوالے سے نحس ہے۔ تاہم فی الحال اثرات کے حوالے سے اعمال نحس کے لیے موثر نہیں۔ صبر کریں۔
شمس مقابلہ مشتری	07-03-16 18:45	08-03-16 15:58	09-03-16 13:11	بلحاظ نظر اعمال نحس کے لیے موثر نظر ہے۔ تاہم اعمال روحانی و عملیاتی اُمور میں کامیابی کی شرح 50/40 فی صد نتائج ملیں گے۔
زہرہ تربیع مریخ	13-03-16 23:38	15-03-16 01:48	16-03-16 03:47	نظر تو نحس ہے لیکن جاری صورت حال میں جزوی کامیابی ہو گی مکمل کامیابی کا امکان نہیں۔
عطارد تربیع زحل	14-03-16 11:09	15-03-16 00:26	15-03-16 13:38	نحس اعمال کا اثر مکمل طور پر واضح نہ ہوگا۔ تاہم 40 تا 50 فی صد تک ناقص اُمور کے اعمال کامیاب رہیں گے۔
عطارد مقابلہ مشتری	15-03-16 02:29	15-03-16 14:42	16-03-16 02:52	نظر تو نحس ہے اور اعمال نحس کے لیے مجرب خیال کی جاتی ہے۔ لیکن جاری زائچہ کے مطابق اعمال نحس میں کامیابی کا تناسب 60 فی صد سے زیادہ نہ ہوگا۔
مشتری تربیع زحل	16-03-16 04:17	23-03-16 15:18	01-04-16 20:02	اعمال نحس میں ہی نظر استعمال ہوتی ہے لیکن جاری صورت حال میں مطلوبہ نتائج حسب منشاء نہ ملیں گے۔
عطارد قران شمس	23-03-16 01:09	24-03-16 01:11	25-03-16 00:51	اس وقت کیے گئے سعد اعمال وقتی طور پر موثر ہوں گے۔ بعد میں معاملات پرانی ڈگر پر آجائیں گے۔
عطارد تثلیث مریخ	24-03-16 14:09	25-03-16 03:45	25-03-16 17:16	سعد نظر ہے۔ اس وقت تیار کردہ اعمال و نقوش میں کامیابی کا عنصر 50 فی صد کے قریب ہوگا۔ زیادہ توقع نہ رکھیں۔
زہرہ مقابلہ مشتری	24-03-16 23:15	25-03-16 16:58	26-03-16 10:43	نظر کو ذاتی حوالے سے نحس ہے۔ تاہم فی الحال اثرات کے حوالے سے نحس کے لیے موثر نہیں۔ صبر کریں۔
زہرہ تربیع زحل	25-03-16 02:24	25-03-16 21:49	26-03-16 17:13	نظری اعتبار سے تو بظاہر انتہائی نحس نظر ہے لیکن حقیقت میں یہ کسی بھی نحس کام کے لیے موثر نہیں۔
شمس تثلیث مریخ	25-03-16 07:42	26-03-16 15:33	27-03-16 22:58	سعد وقت ہے جو بھی سعد عمل و لوح تیار کرنا چاہیں کر سکتے ہیں۔ کامیابی 70 فی صد کے قریب ہے۔
عطارد تثلیث زحل	29-03-16 20:21	30-03-16 08:03	30-03-16 19:45	یہ کواکبی حالات 40 تا 50 فی صد تک سعد اعمال میں کامیابی کا مظہر ہے۔ بہت ضروری نہ ہو تو اگلے کسی وقت عمل کریں۔

خالد روحانی جنتری...... مارچ2016 / جمادی الاول 1437 / چیت2072

ماہانہ تقویم					[illegible]	روز نمبر	لاہور		کراچی		پشاور		کوئٹہ		راولپنڈی		ملتان	
دن	مارچ	جمادی الاول	پھاگن	حوت			طلوع	غروب	طلوع	غروب	طلوع	غروب	طلوع	غروب	طلوع	غروب	طلوع	غروب
منگل	1	21	18	12	ن	6	06:30	18:01	06:55	18:33	06:43	18:10	06:59	18:31	06:37	18:04	06:42	18:13
بدھ	2	22	19	13	س	7	06:29	18:01	06:54	18:34	06:42	18:11	06:58	18:32	06:36	18:05	06:41	18:14
جمعرات	3	23	20	14	س	8	06:28	18:02	06:54	18:35	06:40	18:12	06:56	18:32	06:35	18:06	06:40	18:15
جمعہ	4	24	21	15	ن	9	06:27	18:03	06:53	18:35	06:39	18:12	06:55	18:33	06:33	18:07	06:38	18:15
ہفتہ	5	25	22	16	ن	1	06:25	18:04	06:52	18:36	06:38	18:13	06:54	18:34	06:32	18:07	06:37	18:16
اتوار	6	26	23	17	س	2	06:24	18:04	06:51	18:36	06:37	18:14	06:53	18:35	06:31	18:08	06:36	18:17
پیر	7	27	24	18	س	3	06:23	18:05	06:50	18:37	06:35	18:15	06:52	18:35	06:30	18:09	06:35	18:18
منگل	8	28	25	19	ن	4	06:22	18:06	06:49	18:37	06:34	18:16	06:51	18:36	06:28	18:10	06:34	18:18
بدھ	9	29	26	20	س	5	06:21	18:06	06:48	18:38	06:33	18:17	06:50	18:37	06:27	18:11	06:33	18:19
جمعرات	10	جمادی الثانی	27	21	ن	6	06:19	18:07	06:47	18:38	06:31	18:17	06:48	18:37	06:26	18:11	06:32	18:20
جمعہ	11	2	28	22	س	7	06:18	18:08	06:46	18:39	06:30	18:18	06:47	18:38	06:24	18:12	06:30	18:20
ہفتہ	12	3	29	23	ن	8	06:17	18:09	06:45	18:39	06:29	18:19	06:46	18:38	06:23	18:13	06:29	18:21
اتوار	13	4	30	24	س	9	06:16	18:09	06:44	18:40	06:27	18:20	06:45	18:39	06:22	18:14	06:28	18:21
پیر	14	5	چیت	25	ن	1	06:14	18:10	06:42	18:40	06:26	18:21	06:44	18:40	06:21	18:14	06:27	18:22
منگل	15	6	2	26	س	2	06:13	18:11	06:41	18:41	06:25	18:21	06:43	18:40	06:19	18:15	06:26	18:23
بدھ	16	7	3	27	س	3	06:12	18:11	06:40	18:41	06:23	18:22	06:41	18:41	06:18	18:16	06:24	18:23
جمعرات	17	8	4	28	س	4	06:11	18:12	06:39	18:42	06:22	18:23	06:40	18:42	06:17	18:17	06:23	18:24
جمعہ	18	9	5	29	س	5	06:09	18:13	06:38	18:42	06:21	18:24	06:39	18:42	06:15	18:17	06:22	18;25
ہفتہ	19	10	6	حمل	س	6	06:08	18:13	06:37	18:43	06:19	18:24	06:38	18:43	06:14	18:18	06:21	18:25
اتوار	20	11	7	2	ن	7	06:07	18:14	06:36	18:43	06:18	18:25	06:36	18:44	06:13	18:19	06:20	18:26
پیر	21	12	8	3	ن	8	06:06	18:15	06:35	18:43	06:17	18:26	06:35	18:44	06:11	18:20	06:18	18:27
منگل	22	13	9	4	ن	9	06:04	18:15	06:34	18:44	06:15	18:27	06:34	18:45	06:10	18:20	06:17	18:27
بدھ	23	14	10	5	س	1	06:03	18:16	06:33	18:44	06:14	18:28	06:33	18:45	06:09	18:21	06:16	18:28
جمعرات	24	15	11	6	س	2	06:02	18:17	06:32	18:45	06:12	18:28	06:32	18:46	06:07	18:22	06:15	18:28
جمعہ	25	16	12	7	ن	3	06;01	18:17	06:31	18:45	06:11	18:29	06:30	18:47	06:06	18:23	06:14	18:29
ہفتہ	26	17	13	8	م	4	05:59	18:18	06:30	18:46	06:10	18:30	06:29	18:47	06:05	18:23	06:12	18:30
اتوار	27	18	14	9	س	5	05:58	18:19	06:29	18:46	06:08	18:31	06:28	18:48	06;03	18:24	06:11	18:30
پیر	28	19	15	10	س	6	05:57	18:19	06:28	18:47	06:07	18:31	06:27	18:49	06:02	18:25	06:10	18:31
منگل	29	20	16	11	س	7	05:55	18:20	06:27	18:47	06:06	18:32	06:25	18:49	06:01	18:26	06:09	18:31
بدھ	30	21	17	12	ن	8	05:54	18:21	06:25	18:48	06:04	18:33	06:24	18:50	05:59	18:26	06:07	18:32
جمعرات	31	22	18	13	س	9	05:53	18:21	06:24	18:48	06:03	18:34	06:23	18:50	05:58	18:27	06:06	18:33

کشش کے لیے

وہ جو محسوس کرتے ہیں کہ جنس مخالف ان میں دلچسپی نہیں لیتی یا توجہ کی کمی ہے یا ان میں کشش یا دل کشی کے حوالے سے کمی پائی جاتی ہے تو اس مسئلہ کے حل کے لیے مون سٹون کا استعمال کریں۔ مرد ہو یا عورت مون سٹون خاص قسم کی کشش اور جذبی کیفیت پیدا کرتا ہے۔ اصل پتھر دستیاب ہے۔

الوح همزاد

قسط نمبر4

تحریر: مولانا خواجہ حسن نظامی دہلوی

تسخیر زحل

اس دعوت کو دعوت محمودی کہتے ہیں۔

زحل اپنے اثر میں نحس وظالم اکبر ہے۔ دور تمام چھ برس میں ختم کرتا ہے۔ ہر برج میں ڈھائی برس قیام رکھتا ہے۔ رنگ سیاہ ہے اس لئے بخورات میں عود، لوبان کا استعمال ہونا چاہیے۔ شنبہ (سنیچر) کا حاکم ہے۔

جس اسم سے تسخیر زحل کا کام لیا جاتا ہے۔ اس کی دعوت حضرت ذوالکفل علیہ السلام سے منسوب ہے۔

نصاب دولاکھ چھپن ہزار زکوۃ ایک لاکھ اٹھائیس ہزار عشر چار ہزار تین سو قفل تین سو ساٹھ بار دور مدور برابر نصاب۔

یا محمود فلا تبلغ الا وھام کل ثنائہ ومجدہ

یہ اسم جمالی ہے۔ یکشنبہ کے دن شروع کرے۔ پچیس روز تک ہر روز بیس ہزار بار اسم کی تلاوت کرے۔ جب دعوت قریب ختم ہوگی۔ زحل نہایت دہشت ناک صورت سے آئے گا۔ بات کرے گا۔ جسم پر کئی ہاتھ ہوں گے۔ جس میں مختلف چیزیں لئے ہوگا۔ بات کرے گا تو معلوم ہوگا کہ گویا نہایت غصہ اور سختی سے بولتا ہے۔ لیکن عامل ذرا خوف نہ کرے اور برابر اسم کے پڑھنے میں مشغول رہے۔ البتہ زحل کی عظمت کا لحاظ رکھ کر مودب بیٹھ جائے۔ آخر مطلب دریافت کرے گا۔ جواب دے مجھے تمہاری حضوری درکار ہے۔ جب میرا کوئی کام ہو آپ مدد کیجئے۔ زحل وعدہ کرے گا اور عہد وپیماں کر کے ایک گل نرگس بطور علامت دے گا۔ جس کو عامل نہایت ادب وتعظیم سے لے کر سر اور آنکھوں پر رکھے۔ زحل غائب ہو جائے گا۔ جب بلانا ہو پھول سامنے رکھ کر اسم پڑھے۔

یہ دعوت نہایت زبردست طاقت ہے۔ جس سے تمام روئے زمین کے سلاطین مسخر ہو سکتے ہیں۔ تمام روئے زمین کے خزانہ نظر آنے لگتے ہیں۔ غرض کہ موجودات کے تمام اسرار آئینہ ہو جائے گا۔ یہاں تک کہ بعض ایسے عجیب وغریب کام اس کے ذریعہ سے ممکن ہیں۔ جو تحریر میں بھی نہیں آسکتے۔

گل نرگس جو عطیہ زحل یا بلانے کا آلہ ہے رموز اسرار الٰہی سے ہے کسی کو نہ دکھائے۔ ورنہ نقصان اٹھائے گا۔

خونی ستارہ پر قبضہ یعنی تسخیر مریخ

یہ وہی ستارہ ہے جس کے ذریعہ سے شاہ محمد غوث گوالیاری نے مخالف سلطان کی عظمت و جبروت خاک میں ملادی تھی اور فقط اتنے سے لفظ۔

اقتلو یا مریخ

ہزاروں کو ایک لحظہ میں کاٹ کر رکھ دیا تھا۔ اگرچہ زحل کے اثرات بحیثیت حکومت اس سے بدرجہ بڑھے ہوئے ہیں۔ لیکن عظمت وجبروت جس قدر اس سے پیدا ہو سکتی ہے۔ دوسرے ستارہ کی تسخیر سے نہیں ہو سکتی۔ اس کا عمل فلک پنجم پر اور اثر میں نحس اصغر ہے۔ دور تمام ڈیڑھ سال اور ہر برج میں پینتالیس دن قیام رکھتا ہے۔

اس کے تصرف میں منگل کا دن ہے۔ رنگ سرخ اور دھونی عود وملاگیر کی ہونی چاہیے۔ دعوت جس اسم سے دی جاتی ہے۔ اس کی نسبت پیغمبروں میں حضرت ابراہیم علیہ السلام اور حکماء میں لقمان حکیم سے دی جاتی ہے۔

اسم جمالی ہے۔ اس لئے ابتداء دوشنبہ کے دن کرے۔

نصاب تین لاکھ چوبیس ہزار زکوۃ ایک لاکھ باسٹھ ہزار عشر اکاسی ہزار قفل تین سو ساٹھ دور مدور برابر نصاب۔

یا عظیم ذو الثناء الفاخر والعز والکبریاء فلا یذل عزہ

چالیس روز تک ہر روز چار ہزار بار پڑھے۔ آخر دن نہایت شور وغل برپا ہوگا۔ اور پانچ ساعت یہی کیفیت رہے گی۔ اتنے میں مریخ بصورت انسان خوفناک عظیم الشان گنبد سرخ کی طرح گرجتا ہوا۔ ہاتھوں تو میں تلواریں داڑھی، ناف تک گنجان پیدا ہوگا۔ آتے ہی سلام کر کے دائرہ کے قریب بیٹھ کر تلواریں زانو کے نیچے رکھ کر آہستہ ہونٹوں میں کچھ بات کرے گا۔

جو عامل کی بھی سمجھ میں نہ آئیگی۔ ایسے وقت ذرا خوف نہ کھائے اور آواز سے اسم پڑھنا شروع کر دے۔ اگر اس کے سخت تیور اور ہولناک چہرہ سے خوف زدہ ہو کر اسم کو چھوڑے گا۔ تلوار سے قتل کیا جائے گا۔

اگر اسم بولے گا تب بھی قتل کا سامان ہے ایک ساعت بیٹھنے کے بعد مطلب دریافت کرے گا۔ عامل کو جواب دینا چاہے کہ مجھے آپ کی تسخیر کے سوا اور کچھ مطلوب نہیں مریخ کہے گا۔ میں قبول کرتا ہوں تو نے مجھے آسمان پنجم سے بلایا ہے۔ اب جو تیرا مخالف ہوگا۔ اس تلوار سے قتل کروں گا۔ لیکن اس راز کو کسی پر ظاہر نہ کرنا ورنہ علویات کی نظریں تجھ سے پھر جائیں گی۔ اور تصرف جاتا رہے گا۔ یہ

وصیت کرنے کے بعد ایک عقیق کی انگشتری بطور علامت قبولیت عطا کرے گا۔ جب انگوٹھی لے کر رکھ لے تو کہے کہ جہاں اور عنایتیں کی ہیں۔ وہاں اتنا کرم اور کیجئے کہ اس کے نقش سے مطلع فرمائے وہ بتائے گا۔ نمخیشا نملیشا ویا سطحی وسطحی

ان اسمائے عبرانی کو یاد کرنے کے بعد اجازت دے کر فوراً غائب ہو جائے گا۔ جب بلانا منظور ہو انگشتری سامنے رکھ کر اسم پڑھے حاضر ہوگا۔

تسخیر روحانیات

اب یہ بات قابل بحث ہے کہ جبکہ ہم باوجود تمام ظاہری قوتوں کے موجود ہونے کے کوئی کام خارج از امکان نہیں کر سکتے تو وہ شئے جو تشخص جس میں سے آزاد ہے اور جس کی طاقتیں ایک ذی جسم کے مقابلہ میں بظاہر کارآمد نہیں ہو سکتیں۔ کس طور پر کام کر لیتی ہے۔ جو احاطہ امکان سے خارج ہیں۔

مخالفان اسلام کا ان ارشادات رسول اور فرمان خدائے عالم یزل پر اعتراض ہے۔ جو عالم روحانیات کی کیفیت کے بارے میں کہیں وارد ہوئے ہیں۔ مثلاً ساکنان جنت کے بارے میں آیا ہے کہ وہ کتنے ہی ہزار برس تک جمال الٰہی سے فیضیاب ہوں گے۔ لیکن اس کیفیت سے جس وقت علیحدگی ہوگی۔ وہ سمجھیں گے کہ گویا چند منٹ تک کیفیت رہی تھی۔ اصل یہ ہے کہ تمام قوتیں جو انسان میں موجود ہیں۔ اگر اُس سے علیحدہ کیے جائیں تو وہ اس حالت سے بدرجہا بڑھ جاتی ہیں۔ جو عالم تشخص میں موجود ہیں۔ فرض کیجئے۔ آنکھ کی روشنی اگر علیحدہ کام کرے اور محدود نظری جس کی زادراک کیلئے موجودات کا نظارہ ہے۔ سامنے نہ ہو تو وہ اس حالت سے بدرجہا زیادہ کام کرنے لگے گی۔ جو اس وقت موجود ہے کیونکہ جس طرح عالم خواب میں انسان کی قوت روحی بڑھ جاتی ہے اور وہ برسوں کے واقعات کا مشاہدہ چشم زدوں میں کر لیتا ہے۔ اسی طرح ان تمام قوتوں کا حال ہے۔ وہ دیکھتا ہے کہ گویا میں ایک دشمن کے قتل کیلئے کمربستہ ہوں۔ ہفتے گزر جاتے ہیں کہ وہ اس فکر میں رہتا ہے اور جب وہ تجویز قتل پختہ کر لیتا ہے تو مقام قتل کی طرف توجہ منعطف کر لیتا ہے۔ آخرالامر وہ اپنے ارادہ میں کامیاب ہوتا ہے۔ پھر اس تعاقب سے جو صدور جرم کی وجہ سے عاملاں قانون کرتے ہیں۔ جنگل میں پھرتا ہے اور بھاگ کر غیر ولایت میں پہنچتا ہے۔ وہاں جا کر دوسرا گھر بساتا ہے اور سلسلہ توالد و تناسل پھیلاتا ہے۔ غرض کہ حالت خواب میں وہ برسوں کے واقعات کا مجموعہ گھنٹوں میں (اور اگر تحقیقات جدید کو سچ مانا جائے۔ حالانکہ نہ ماننے کی کوئی وجہ نہیں تو منٹوں یا سکنڈوں میں) طے کر لیتا ہے۔ آخر یہ کون شے ہے جو اس سے اس قدر جلد تمام مراتب طے کرا دیتی ہے۔ وہی روح کا کچھ عرصہ کیلئے عالم تشخص سے گونہ بے تعلق ہو جانا۔

(یہ بات بھی ظاہر کرنی مناسب معلوم ہوتی ہے کہ یہ جدائی یا بالفاظ دیگر گونہ بے تعلقی تھوڑی وقفہ کیلئے ہوتی ہے اور اسی طرح اس کی طاقت بھی روح اصلی سے نہایت کم ہے)

رسول کریم علیہ الصلوۃ والتسلیم کے جس قدر ارشادات ہیں۔ سائنس فلسفہ کی مطابق ہیں اور جتنی نیز گمیاں تحقیقات جدید کی ظاہر ہوتی جاتی ہیں۔ اسی قدر صداقت اقوال سرور کائنات علیہ الصلوۃ والتحیات روشن ہوتی جاتی ہے۔

ایک ڈاکٹر کا قول ہے کہ جب انسان گہری نیند سوتا ہے۔ معاً خواب کا توامہ ہو جاتا ہے۔ اس کا یہ خیال ہے کہ یہ کیفیت خواب چند سکینڈ تک رہتی ہے۔ جس طرح بخار کے اندازے کے لئے تھرمامیٹر بنایا گیا ہے۔ اسی طرح ایک آلہ نیند کی جانچ کے لئے ایجاد کیا گیا ہے۔ جس کے لگانے سے معلوم ہو جاتا ہے کہ اس وقت نیند کس درجہ پر ہے۔ تجربہ کے لئے جب عمل کیا گیا اور معمول کا درجہ خواب جس میں لازمی طور پر خواب نظر آنے چاہیے۔ معلوم ہوا تو ایک سیکنڈ یا اس سے کم زیادہ عرصہ میں کوئی تکلیف دہ شے اُس کے جسم میں چبھوئی گئی۔ جس سے وہ دفعتاً

ہوشیار ہوگیا۔ جب اس سے خواب دیکھنے نہ دیکھنے کی بابت استفسار کیا گیا تو اس نے اپنا ایک خواب جو عالم تشخص میں عملی صورت اختیار کرنے کے لئے ایک طویل مدت کی احتیاج رکھتا تھا بیان کیا۔ ڈاکٹر نے سن کر نہایت وثوق سے وہ رائے ظاہر کی جس کو پچھلی سطور میں ظاہر کر چکے ہیں۔ اب غور کرنا چاہیے کہ وہ ڈاکٹر آف اسلام جس نے تیرہ سو برس پہلے روح کی آزادی کی مثالیں دے دی ہیں۔ کہاں تک درجہ حکمت و سائنس میں ان ڈاکٹروں سے بڑھا ہوا تھا۔ جس کے اقوال ہر زمانہ میں سائنس فلسفہ عقل نقل کے کانٹے میں پورے اترتے چلے آتے ہیں۔

اس تمام تحریر سے ہمارا مقصود روحانیات کی طاقت کی زیادتی کا ثبوت دینا تھا۔ جس کو بحمد اللہ ہم نے سمجھا دیا۔ اب صرف یہ بات اور باقی رہ گئی کے روحانیات کا اثر دوسروں پر پڑ سکتا ہے یا نہیں۔ اور آیا یہ بات کہ فلاں روح کا فلاں شخص پر تصرف ہے۔ صحیح ہے یا نہیں۔

یہ ایک اہم سوال ہے بعض لوگ روحانیات کے اثر سے قطعی انکاری ہیں۔ وہ کہتے ہیں اگر ارواح طیبات ہیں تو انہیں عشق و عاشقی اور دوسروں کو ستانے سے کیا واسطہ۔

اور اگر خبیث روحیں ہیں تو ان کو سزا جزاء سے کب فرصت ہوگی۔ جو دوسروں کو تکلیف پہنچا سکیں۔ علاوہ ازیں خیال کرنے کی بات ہے کہ جو ہستی دوسروں کو تکلیف پہنچانے پر قادر ہوئی وہ کس طور پر عذاب وعقاب کی مصدر ہو سکتی ہے۔ اور اگر یہ بات مان لی گئی تو انصاف کرنے والے خدا کے لئے بہت سے الزام عائد ہو جائیں گے۔ جو کسی طور سے اُس منصف ذات کیلئے سزاوار نہیں ارواح طیبات کی طاقتیں جس قدر آزاد ہیں اور دوسروں کو نفع نقصان پہنچانے پر قادر ہیں اس کے ثبوت کی حاجت نہیں اکثر واقعات اس بات کے شاہد ہیں کہ ارواح شہداء نے لوگوں کو نفع نقصان پہنچایا ہے اور پہنچ ہے۔ ولا تقولوا لمن یقتل فی سبیل اللہ اموات بل احیاء ولکن لا تشعرون۔

سوال صرف یہ ہے باقی رہ گیا کہ آیا اسی طور سے خبیث روحیں اپنا عمل کر سکتی ہیں۔

یہ ثابت ہے کہ بعض روحیں جو خبیثات سے علاقہ رکھتی ہیں۔ شیاطین کی حالت میں ان کی کیفیت کا تبادلہ ہو جاتا ہے اور جب اس تاویل پر متذکرہ بالا سوال کو منطبق کیا جائے گا۔ تو کچھ شک باقی نہ رہے گا کہ جس طرح انسان کے جسم میں شیطان خون بن کر دورہ کرتا ہے۔ (یہ ثبوت حدیث) تو وہ روحیں جو ان (شیاطین) سے تبدیل ہو گئی ہیں۔ کیوں نہ ان جیسا تاثر قائم رکھ سکیں گی۔

اسی ضمن میں یہ سوال بھی پیدا ہوگا۔ (یا پیدا ہو سکتا ہے) کہ آیا جس طرح حالت تشخص میں انسان درد اور تکلیف محسوس کرتا ہے کیا اسی طور سے وہ روح جو عالم تجرد میں ہے تکلیف محسوس کرے گی۔

بے شک کیونکہ جس طرح خواب میں ہم تکلیف کا صدمہ بوجہ اُس کیفیت وارده کے جو پیدا ہوتی ہے۔ محسوس کرتے ہیں حالانکہ ہمارے جسم پر اثر نہیں پڑتا۔ تو کیوں روح کو عقاب و عذاب محسوس ہوگا۔ اس سے اس امر پر بھی روشنی پڑتی ہے کہ عامل جب کبھی کسی اسم کے اثر سے اُس خبیث روح یا شیطان کو تکلیف پہنچاتا ہے تو اس کا رونا چیخنا معمول کی بناوٹ نہیں ہوتی۔

انتقال جسمی پر ارواح کا تعلق اپنی قبر یا جسم سے ضرور رہتا ہے اور اپنے متعلقین سے بھی ایک گونہ واسطہ رہنا یقینی ہے تو یہ بھی مان لینا چاہیے کہ وہ اثر بھی ڈال سکتی ہیں۔

جس طرح محرم کے لئے یہاں قواعد ہیں۔ اگرچہ اس پر وہاں کے معاملات گونہ طبق کرنا ٹھیک نہیں۔ لیکن مثالاً ہم کہہ سکتے ہیں کہ جس طرح خونی مجرم کو یہاں تا فیصلہ حاکم حوالات شدید رہتی ہے اور کم درجہ کے مجرم تا صدور حکم رہا پھرتے ہیں۔ عجیب نہیں کہ اسی طرح وہاں ارواح کے ساتھ برتاؤ کیا جاتا ہو۔ کیونکہ وہ دن جس کو حشر یا قیامت کے نام سے پکارا جاتا ہے۔ اصل میں حاکم حقیقی کے فیصلہ کا دن ہے۔

بہر کیف ہم نے یہ ثابت کر دیا ہے کہ روحانیات کا اثر اور ان کی طاقت ہماری طاقت سے بدرجہا بڑی ہوتی ہے۔

اور جب یہ ثابت ہوگیا تو ہمارا مقصود جو تسخیر روحانیات سے انتہائی عروج یا انتہائی طاقت کا حاصل ہو جاتا ہے۔ بعید الفہم نہ رہے گا۔

یہ واضح رہنا چاہیے کہ جو طریقے ہم شرائط کے ضمن میں بیان کر چکے ہیں۔ ہر اسم کیلئے ہیں۔ اس کے بعد اس عمل تسخیر کو سننا چاہیے۔ جس کے لئے ہم نے ناظرین کتاب کی اس قدر سمع خراشی کی۔

یا ذاکی الطاھر من کل آفة بقدسه یا ذاکی

یہ اسم جمالی ہے۔ یکشنبہ کے دن شروع کرے۔ طریق دعوت یہ ہے کہ اول اس کا نصاب مجموعی مقدار سے ادا کرے۔ جس کی تفصیل یہ ہے۔

نصاب دو لاکھ چھپن ہزار زکوۃ ایک لاکھ اٹھائیس ہزار عشر چونسٹھ ہزار قفل تین سو ساٹھ ورد مدبر برابر نصاب۔

اس کے ادا کرنے کے بعد بروز چہار شنبہ غسل پاک کر کے اور خالی مقام میں بیٹھ کر اسم کو ایک ہزار اکیاون بار پڑھے۔ ترک حیوانات جلالی و جمالی لازمی ہے۔ جب اسم ختم ہوگا سات شخص نہایت خوبصورت جن کا نور حسن در و دیوار پر بھی پڑتا ہوگا۔ سبز لباس پہنے حاضر ہوں گے اور عامل سے بات کرنا چاہیں گے۔ تاوقتیکہ تعداد اسم ختم نہ ہو جائے کلام نہ کرے جب اسم کو ختم کر دے اور وہ مقصود دریافت کریں تو بزرگانہ مخاطبت کا خیال کر کے کہے کہ میرا مقصود جناب سے امداد کا حاصل کرنا ہے۔ جب مجھے کسی قسم کی ضرورت پیش آئے۔ آپ میری مدد کریں۔ آخر وہ قبول کریں گے۔ عامل سینہ پر ہاتھ باندھ کر کہے کہ کوئی علامت اس عہد و پیاں کی مرحمت فرمائے تا کہ مجھے دوبارہ دعوت دینے کی ضرورت نہ پڑے۔ وہ ایک گول

شے مثل بیضہ جس پر سبز رنگ کے حروف منقوش ہوں گے حوالے کریں گے۔ اس کو تعظیم سے لے کر اس کے نقش کے اسرار کی واقفیت چاہیے۔ وہ تعلیم کریں گے۔

اس بیضہ ترکیبی کو کبھی ناپاک ہاتھ نہ لگائے۔ ناپاک جگہ زن حائض سے بچائے اور ہر فاسق و فاجر کی نظر سے مخفی رکھے۔ جب بلانا منظور ہو سات مرتبہ اسم پڑھ کر بیضہ پر دم کرے۔ حاضر ہو کر مقصود پورا کریں گے۔

غیبی ہستیاں

(یعنی جنات اور ان کی تسخیر)

غیب پر ایمان لانا دین اسلام کا ضروری حکم ہے۔ مگر یہ بھی معلوم رہے کہ غیب کس کو کہتے ہیں۔ آپ کہیں گے کہ وجود باری تعالیٰ غیب میں شامل ہے۔ ہم اس پر ایمان لائے گویا غیب پر ایمان لائے۔ لیکن کہنے والا کہہ سکتا ہے کہ خدا تو ہر جگہ حاضر و ناظر ہے۔ اس کا یقین غیب کا یقین نہیں ہے۔

اس کا جواب یہ ہے کہ اگر چہ ذات پروردگار ہر ذرے میں جلوہ افروز ہے۔ مگر اس کے موجود ہونے کا یقین بغیر غیبی ایمان لانے کے ناممکن ہے۔ اول اول تو یوں ہی بلا ادراک حضوری اس کے موجود ہونے کا اقرار کرنا لازم آتا ہے۔ اس کے بعد آہستہ آہستہ غور کرنے سے معرفت الٰہی تک رسائی نصیب ہوتی ہے۔

یہی حال اُن سب ہستیوں کا ہے۔ جو انسان کی نظر اور حواس ظاہری سے غائب ہیں۔ مگر ان پر ایمان لانا یعنی ان کے موجود ہونے کا یقین رکھنا شعار اسلام سے ہے۔ مثلاً فرشتے اور جن ایسی مخلوقات ہے۔ جن کو ہم دیکھ نہیں سکتے۔ تاہم اسلام ان کے موجود ہونے کا یقین دلاتا ہے۔ اور مسلمان (بشرطیکہ وہ تاویل کرنے والے مسلمان) نہ ہوں ان کے وجود پر یقین رکھتے ہیں۔

اگلے زمانہ میں ہر شخص جنات اور ارواح کا کوئی نہ کوئی کرشمہ دیکھتا تھا۔ جس کی آج تک صدہا حکایتیں بیان کی جاتی ہیں مگر آج کل سائنس کے عجیب و غریب مشاہدات کے سبب بہت کم لوگ ان غیبی ہستیوں کو مانتے ہیں اور نہ اس زمانہ میں پہلی سی باتیں مشہور ہیں یعنی اب جنات وغیرہ لوگوں کو بہت کم نظر آتے ہیں۔

عام طور پر تو اس کی وجہ یہ بیان کی جاتی ہے کہ لامذہب حکومت کے اثر سے یہ مکاشفات بند ہو گئے اور منکرین کہتے ہیں کہ غیبی ہستیوں پر یقین کرنا۔ جہالت کے توہمات پر مبنی تھا۔ علم کی روشنی نے وہم کی تاریکی کو دور کر دیا تو اس کی موہوم مگر نظر آنے والی شکلیں بھی مٹ گئی ہیں اور جو تھوڑے بہت توہمات باقی ہیں۔ وہ رفتہ رفتہ جاتے رہیں گے۔

میں بحیثیت ایک مسلمان کے آخر الذکر استدلال کو تسلیم نہیں کرتا۔ میرے عقیدے میں جنات اور فرشتے ان تمام تاویلوں سے پاک ہیں۔ جو نئی روشنی والے جنات و ملائکہ کی نسبت پیش کیا کرتے ہیں اور کہتا ہوں کہ خدا تعالیٰ نے سینکڑوں مخلوقات ایسی پیدا کی ہے۔ جن کو ہم نہ دیکھ سکتے ہیں اور نہ سمجھ سکتے ہیں۔

اس واسطے مسلمانوں کو اسرار غیب میں عقل لڑانا اور بے سمجھے بوجھے اس کی قدرت کے رموز سے منکر ہونا بہت نازیبا اور گناہ کی بات ہے۔

اگر چہ میں مانتا ہوں کہ جہالت توہمات پیدا کرتی ہے۔ اور خلقت میں بے شمار آدمی ان توہمات کے سبب جان و مال کا نقصان اٹھاتے ہیں۔ لیکن یہ ضروری نہیں کہ توہمات کے ذیل میں ہم اپنے دین کے ان مسلمات کو بھی رد کریں۔ جن کا موجود سائنس نے اب تک کوئی تشفی بخش جواب نہیں دیا۔

صوفیہ اکرام پر آج کل ایک یہ اعتراض بھی کیا جاتا ہے کہ تعویذ گنڈے کی گرم بازاری کے خیال سے مخلوق کو جن دپری کے توہمات میں پھنسائے رکھتے

دفع نحوست

لعل

یاقوت، لعل اور روبی وغیرہ ناموں سے پکارے جانے والا یہ جواہر اپنے سحری اثرات۔ کے حوالے سے اس خصوصیات کا حامل ہے کہ یہ آپ کو اس طرح کے تمام خطرات و عوارض سے محفوظ رکھ سکے۔ سو اگر ایسی کوئی بھی صورت حال ہو تو اس کو استعمال کریں لیکن شرط ہے کہ ہو اصل۔ اس حوالے سے جب استعمال کریں تو میرے مشورہ سے اس کو انگوٹھی یا لاکٹ جس بھی شکل میں استعمال کریں۔ کاریگر جس سے بنوائیں اس طرح کا ڈیزائن تیار کروائیں کہ یہ آپ کی جلد کے ساتھ لازم مس کرے۔ گو عام حالات میں یہ کچھ اوپر بھی ہو تو کام کرتا ہے لیکن اس حوالے سے یعنی دفعہ نحوست کے لیے خصوصی طور پر اس کو جلد کے ساتھ مس کرنا چاہیے۔

ہیں۔ ممکن ہے کہ اعتراض کسی حد تک صحیح ہو۔ مگر اس سے یہ نتیجہ کیوں اخذ ہو سکتا ہے کہ جن و پری کوئی چیز نہیں۔ حالانکہ قرآن شریف صاف صاف وجود جن کا اقرار کرتا ہے۔

اس زمانہ میں غیبی مخلوق کا انسانوں پر ظاہر ہونا دو وجوں پر مبنی ہے۔ اول تو وہی عوام کا خیال کہ حکومت کی لامذہبی کو بھی اس میں بڑا دخل ہے۔ دوسرا یہ امر بھی قرین قیاس ہے کہ غیبی کائنات ارشاد ایزدی سے مخفی کر دی گئی ہو۔ کیونکہ آج کل مادہ پرستی اور ظاہر بینی کا بڑا زور ہے۔ اس لئے قدرت اپنے تمام باطنی کاروبار کو حجاب میں رکھ کر ایمان والوں کا امتحان لینا چاہتی ہے۔ تا کہ معلوم ہو کہ کتنے لوگ باوجود عالمگیر بدعقیدگی کے راہ راست پر رہتے ہیں۔

کہا جائے گا کہ آج کل بھی غیبی ہستیوں کا ظہور مفقود ہوا ہے۔ جو لوگ ان ہستیوں پر عقیدہ رکھتے ہیں۔ ان کو اب بھی جن و پری وارواح نظر آتے ہیں۔ لیکن جو لوگ ان کو نہیں مانتے وہ کیوں ان کی زیارت سے محروم ہیں۔ لہٰذا سمجھنا چاہیے کہ مخلوقات غیب کا وجود وہم و خیال ہے اور کچھ بھی نہیں۔ جن کے وہم پختہ ہیں۔ ان کو اشکال وہمی نظر آتی ہیں۔ جو ان لغویات میں خیال نہیں دوڑاتے انہیں کچھ معلوم نہیں ہوتا۔

میرے نزدیک یہ سوال ایسا دشوار نہیں ہے۔ جیسا کہ سمجھا جاتا ہے۔ حالانکہ یورپ و امریکہ میں جہاں منکرین کے سوا اور کوئی آباد نہیں۔ آج کل غیبی مخلوقات کے یقین کا ایک عام میلان پیدا ہو رہا ہے۔ متعدد اخبار اور رسالے اس مضمون کے نکلنے لگے ہیں۔ جن میں غیبی ہستیوں کے وجود کے واقعات سے ثابت کیا جاتا ہے۔ پس ہندوستان کے منکر بھی (جو یورپ کے اندر ہے مقلد ہیں) عنقریب توہمات پر ایمان لے آئیں گے۔

غدر سے پہلے میرے نانا حضرت شاہ غلام حسن صاحب چشتی نظامی الہ آباد تشریف لے گئے۔ وہاں بہادر شاہ بادشاہ دہلی کے بھائی مرزا سلیم جہانگیر انگریزوں کی قید میں نظر بند تھے۔ نانا صاحب اور مرزا صاحب میں مدت سے ربط ضبط تھا۔ الہ آباد پہنچنے۔ تو مرزا صاحب نے اپنے مکان کے قریب ایک عالی شان مکان میں ٹھہرایا۔ جس میں ضرورت کی سب چیزیں مہیا تھیں۔ مگر رات کو کوئی آدمی نانا صاحب کے پاس نہ رہا۔ سب چلے گئے۔ شمع روشن تھی۔ اور گندھک کی دیا سلائیاں پاس رکھی تھیں اور قریب ہی آگ دبی ہوئی تھی۔ تا کہ ضرورت ہو تو آگ سے دیا سلائی روشن کر لیں۔ کیونکہ اس زمانہ میں دیا سلائی بغیر آگ کے روشن نہ ہوتی تھی۔ نانا صاحب فرماتے ہیں کہ جب میں پلنگ پر لیٹ رہا۔ تو میں نے ایک متحرک سایہ سا دیکھا جو شمع کے قریب گیا۔ سائے کا قریب جانا تھا کہ شمع گل ہو گئی۔ نانا صاحب نے خیال کیا کہ ہوا کے جھونکے سے شمع خاموش ہو گئی ہے۔ اس لئے اُٹھ کر دیا سلائی جلائی اور شمع روشن کر دی۔ اس کے بعد آ کر پلنگ پر لیٹ رہے۔ پلنگ پر لیٹے ہی وہ سایہ پھر نمودار ہوا اور شمع گل کر دی۔ نانا صاحب قدرتی طور پر ضدی اور دلیر واقع ہوئے تھے۔ انہوں نے پھر اُٹھ کر شمع روشن کر دی۔ تیسری بار سائے نے شمع کو پھر خاموش کر دیا۔ مگر نانا صاحب کی جرات باز نہ آئی اور شمع سہ بارہ روشن کر دی گئی۔ اب شمع تو باقی رہی اور نانا صاحب کے پلنگ کو حرکت ہوئی۔ انہوں نے نیچے جھانک کر دیکھا تو کچھ نظر نہ آیا۔ اتنے میں پلنگ زمین سے اوپر ہو کر دوسرے مقام پر جا کر بچھ گیا۔ نانا صاحب ہی کی ہمت تھی ورنہ اور کوئی آدمی تنہائی میں ہوتا تو خبر نہیں اس کی کیا کیفیت ہو جاتی۔ فرماتے ہیں میں پلنگ سے نیچے اترا اور اس کو گھسیٹ کر پھر اصلی مقام پر لے آیا۔ دوبارہ پھر یہی صورت پیش آئی اور نانا صاحب نے یہی جواب دیا۔ تین دفعہ کی کشمکش کے بعد پلنگ اپنی جگہ سے نہ ہلا اور چھت کے اوپر کسی کے چلنے کی آواز آئی یکا یک کیا دیکھتے ہیں کہ ایک شخص انسان معقول شکل میں زینہ سے اترا چلا آتا ہے۔ اس نے آتے ہی سلام کیا اور پلنگ پر بیٹھ گیا۔ اس کے بعد بولا آپ مجھ کو جانتے ہیں۔ میں کون ہوں۔ نانا نے جواب دیا تم بھی مجھ کو جانتے ہو میں کون ہوں۔ نو وارد نے کہا ہاں میں آپ سے خوب واقف ہوں۔ آپ حضرت محبوب الٰہی کے خواہرزادے ہیں۔ میں ہر چار شنبہ کو آپ کے ہاں درگاہ شریف میں حاضر ہوا کرتا ہوں اور بارہاں آپ کو وہاں دیکھا ہے۔ اور یہی وجہ ہے میں نے آپ کے ساتھ کوئی برا سلوک نہیں کیا ورنہ دیکھتے۔ یہ جو چھت میں موکھا ہے۔ اس میں آدمی کی گردن اڑس دیا کرتا ہوں۔ یہ فقط آپ کی خاطر تھی جو خاموش رہا۔ شمع سے مجھے تکلیف ہوتی ہے۔ اس کو خاموش کر دیجئے۔ اور پلنگ یہاں سے ہٹا لیجئے۔ یہ میری نماز پڑھنے کی جگہ ہے۔ میں جن ہوں اور مدت سے یہاں رہتا

ہوں۔ نانا صاحب نے فرمایا آج کی رات تو شمع یہی روشن رہے گی اور پلنگ بھی یہیں رہے گا تم اور کہیں چلے جاؤ۔ کل میں اس مکان میں نہیں رہوں گا۔ جن یہ سن کر ہنسا اور کہا کہ میں آپ کی ضد سے واقف ہوں اور جانتا ہوں کہ اب یہاں سے ہٹنے والے نہیں۔ اس لئے محض بپاس ادب آج کی رات اپنی جگہ آپ کی نذر کرتا ہوں۔ مگر یاد رہے کہ کل یہاں نہ رہنے گا۔ یہ کہا اور چھت پر چڑھ کر چل دیا۔

صبح کو مرزا جہانگیر نے سارا واقعہ سنا تو نانا سے معافی مانگی اور کہا کہ میں نے محض امتحاناً یہ حرکت کی تھی۔ کیونکہ اس مکان کی نسبت لوگ طرح طرح کی باتیں کہتے تھے۔ (گھر یزی جواہر رقم حضرت مولانا خواجہ حسن نظامی مدظلہ)

عمل تسخیر جنات

یاحنان انت الذی وسعت کل شئی رحمة وعلما

یہ اسم جمالی ہے۔ یکشنبہ کے دن شروع کرے۔ دعوت اس کی حضرت سلیمان علیہ السلام سے منسوب ہے۔ جب آنحضرت نے اسم کو موافق شرائط ختم کیا۔ چار موکلوں نے حاضر ہو کر اطاعت قبول کی اور نبوت کے معجزات کی تکمیل کا باعث ہوئے اور فقط اتنا ہی نہیں بلکہ تمام جنات دیو پری وغیرہ نے حاضر ہو کر اطاعت کا عہدو پیمان کیا۔

نصاب دو لاکھ پچاس ہزار زکوۃ ایک لاکھ پچیس ہزار عشر باسٹھ ہزار قفل تین سو ساٹھ دور مدور برابر نصاب ادا کیا جاتا ہے۔ بعد ادائیگی نصاب وغیرہ ایک سال تک خلوت اختیار کرے۔ بے انتہا اس اسم کو پڑھنا شروع کرے اور ہر وقت نئی بات ظاہر ہونے کا خیال رکھے۔

آخری خلوت میں سات علامتیں ظاہر ہوں گی۔ لیکن خوف زدہ نہ ہو دل کو قوی رکھے اور اسم کو ترک نہ کرے۔ تین دن آخری خلوت گزرنے کے بعد تمام عالم سبز نظر آئے گا در و دیوار کپڑے غرض کہ تمام موجودات سبز ظاہر ہوں گے۔ آٹھ دن گزرنے کے بعد دو شخص آئیں گے اور کہیں گے۔ کیوں اپنا وقت تسخیر جنات میں خراب کرتا ہے۔ اٹھ اور اپنے دنیاوی کاروبار میں مشغول ہو۔ ورنہ نقصان پہنچے گا۔ لیکن جواب نہ دے اور اسم بہ آواز بلند پڑھنا شروع کر دے۔ ورنہ ہلاکت کا خوف ہے۔ تیرھویں دن ایک پرندہ سبز رنگ مثل مرغ (یا مرغ) عامل کے سر پر آ کر بیٹھے اور اذان دے یا اپنی بولی بولے۔ جس سے چھوٹے چھوٹے بکثرت اسی رنگ کے پرندے جمع ہوں گے۔ اسم کو بلند آواز سے پڑھتا رہے۔ آخر وہ بھی غائب ہو جائیں گے۔ سترہویں دن عصر کے وقت ایک شخص درویشانہ صورت سے برقعہ پوش آئے گا۔ اور سلام کریگا لیکن سوائے جواب سلام کے اس سے کچھ بات نہ کرے۔ اور اسم پڑھتا رہے۔ ستائیسویں روز تمام جنات پری دیو خواہ کافر ہوں یا مسلمان حاضر ہو کر عامل کا مقصود دریافت کریں گے۔ لیکن ان کی کسی بات کا جواب نہ دے۔ اٹھائیسویں دن سے چلہ تک اس شکل کا اپنے گرد احصار کھینچ کر اسم پڑھے۔

رات کو سبز چراغدان میں روغن زیتون یا چنبیلی ڈال کر جلائے اور سترہ بار **قل اوحی الی انه استمع نفر من الجن الخ** فتیلہ پر دم کر کے روشن کرے اور اسم پڑھنا شروع کرے۔ سات رات تک اسی طرح عمل کرے۔ آخر دن

قسم بخور	وزن	قیمت
سعد اعمال، عام	50 گرام	550روپے
سعد اعمال، خاص	50 گرام	1600روپے
نحس اعمال، عام	50 گرام	550روپے
نحس اعمال، خاص	50 گرام	1200روپے
ردسحر وجادو، عام	50 گرام	550روپے
ردسحر وجادو، خاص	50 گرام	1200روپے

دے۔ مکان میں رکھنے سے اگر کوئی آسیب مکان میں ہو جاتا رہے گا۔ اس میں کسی قسم کی زکوۃ نہیں صرف احتیاطاً کسی بزرگ سے اجازت حاصل کرے۔ بلا اجازت بھی تاثیر یقیناً ہوگی۔ لاریب فیہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

هذا كتاب من محمد رسول رب العالمين الى من طرق الدار من العمار و الزوار والسائحين الا طارقا يطرف بخير يا رحمن. اما بعد فان لنا ولكم فى الحق سعة فان تک عاشقامو لعا اوفاجرا مقحما اور اعيا حقا مبطلا هذا كتاب الله ينطق علينا وعليكم يا بالحق ابا

تسخیر شاہزادی جنات

اس طریقہ میں سب سے بڑی احتیاط دل پر قابو رکھنا ہے۔ جب وہ شاہزادی اپنی حسن کی تجلیاں عامل پر ڈالے گی۔ نہایت ضبط وتحمل کی ضرورت ہوگی۔

نوچندی جمعرات کے دن یعنی اس جمعرات کو جو شروع ماہ پر آئے روزہ رکھے اور شیرینی سے افطار کرے۔

بارہ بجے رات کو غسل کرے اور پاکیزہ کپڑے پہن، خوشبو لگا کر، ایسے حجرہ میں جا کر بیٹھے جو پہلے سے مصفا د معطر کیا گیا ہو۔ عطریات اور بخورات پاس رکھے اور استعمال کرے۔

تفکرات وتعلقات دنیاوی سے فارغ اور بے اندیشہ ہو کر زبردست حصار اپنی گرد کرے اور ایک چراغ روغن کنجد کا روشن کرے تمام ضروری اشیاء اپنے پاس رکھے جب تک دعا ختم نہ ہو۔ حصار سے باہر قدم نہ رکھے ورنہ خطا پائے گا۔

بخورات وخوشبویات کا انتظام نہایت کافی ہونا چاہیے۔ جس وقت تک پڑھے چراغ بخور روشن رکھے اور حصار کے پاس کسی کو نہ آنے دے خیالات غیر کا دخل نہ دے۔ نہایت ہوشیاری ستعدی سے پڑھے۔ غنودگی نہ آئے۔ اگر

خوفناک خواب

خواب میں ڈر لگتا ہو اور خوفزدہ کر دینے والے خواب آتے ہوں اور نیند پوری نہ ہوتی ہو تو ترملین کا استعمال مفید رہے گا۔ جیب اجازت دے تو کوارٹرز (دھواں رنگ کا) جسے انگریزی میں (smoky quartz) کہتے ہیں ترملین کے ساتھ ملا کر استعمال کرنا مفید رہے گا۔ گو ان دونوں کو الگ الگ بھی استعمال کر سکتے ہیں۔

درمیان میں چار شخص حصار کے گرد پیدا ہوں گے اور کہیں گے۔ اے شخص اگر معشوق کا طالب ہوے تو معشوق حاضر کریں۔ علم چاہتا ہے۔ تو علم سکھا دیں۔ مال وروزگار کا بھوکا ہے تو جس قدر مقصود ہوا۔ ابھی حاضر کئے دیتے ہیں۔ لیکن ان کے کہنے سے حصار سے ہرگز باہر نہ نکلے۔ ورنہ جان کا خطرہ ہے۔

آخر دن تمام عالم میں شور غوغا پیدا ہوا اور افواج قاہرہ کی نقل وحرکت نظر آئے۔ کبھی معلوم ہو کہ ہزاروں سوار گھوڑے کنکاتے مشعلیں ہاتھ میں لئے دوڑ رہے ہیں۔ ہر ایک کی صورت مختلف الہیت ہوگی۔ انہیں کے درمیان ایک سلطان وضع شیر پر سوار تیس ہزار پریوں کی جمعیت سے نظر آئیں گے۔ جن کے خدام زرو جواہر نثار کرتے ہوئے ساتھ ساتھ ہوں گے۔ جب عامل کو روبرو حاضر ہو کر سلام کرے تو کچھ نہ بولے۔ البتہ تعظیماً اٹھ کھڑا ہو اور جواب سلام دے کر سینہ پر ہاتھ باندھ کر کھڑا رہے۔ زبان سے کچھ نہ کہے اشارہ سے جواب دے تو مضائقہ نہیں۔

آخر بادشاہ مقصود دریافت کرے گا۔ عامل کہے کہ مجھے آپ کی امداد اور تسخیر کے سوا کچھ مطلب نہیں۔ چاہتا ہوں کہ آپ اور آپ کا تمام لشکر میرے کاموں میں امداد دیں۔ اور بس باجمر داس کلام کے سننے کے وہ تمام لشکر کو عامل کا مطیع کرا کر چلا جائے گا۔ پھر جو چاہے ان سے کام لے۔

بلا محنت کی تسخیر

(یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا حکم نامہ اجنہ کے نام)

اگر اس خط کو جن کے اتارنے کے لئے استعمال کرنا چاہے۔ تو اس کا یہ طریق ہے کہ جس پر جن کا تصرف ہو۔ رات کو سوتے وقت بلا اطلاع اس کے تکیہ کے نیچے رکھ دے۔ انشاء اللہ صبح اثر نہ رہے گا۔ یا موم جامہ کرکے گلے میں ڈال

پڑھتے وقت کوئی ہیبت کی صورت نظر آئے تو خوف نہ کرے اور برابر مشغول رہے۔ ختم عمل پر ایک عورت نہایت خوبصورت جس کی خوبصورتی کی کوئی انتہا نہ ہوگی۔ برہنہ حاضر ہوگی اور مقصود دریافت کرے گی۔ لیکن تا اختتام اسم بات نہ کرے۔ جب اسم ختم کر چکے تو گفتگو اس کی سمجھ میں نہ آئے تو اس سے عدم فہم گفتگو کا عذر کر کے کہے کہ چونکہ میں آپ کی زبان نہیں جانتا۔ اس لئے اس طریقہ پر بات کیجئے۔ جس سے میں واقف ہوں۔ یہ سن کر وہ سلیس گفتگو کرے گی۔ اپنی مقصود کے اظہار کرنے پر کہے کہ اس کو فوراً پورا کر دیجئے۔

اگر چاہے کہ تسخیر کامل ہو تو چالیس روز تک ہر روز بارہ بجے رات کے بعد تازہ حصار بنا کر پڑھے۔ اقل درجہ تین روز ورنہ گیارہ روز روزے رکھے۔ افطار ہمیشہ شیر برنج سے ہونا چاہیے۔ ہر جمعرات کو تا اختتام چلہ روزہ لازمی ہے۔ روزانہ ایک ہزار بار پڑھے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

رھین بـریـن سفـریـن نستـریـن اکـج اکـج یا سر سندوتی آدمت مت بهت سوا ها یا بدوح بحق لا اله الا الله محمد الرسول الله صلی الله علیه واله وسلم شفیع خلق الله یا سید الثقلین یا غیاث الصمدی وعلیک معتمدی یا علی ادر کنی واحضروا عننی باذن الله.

دعا سریانی زبان ہے۔ اگر تسخیر کامل موافق ہوئے تو تمام روئے زمین کے اجنہ قبضہ تصرف عامل میں ہوں گے۔

جن کا حاضر کرنا

جنات کے حاضر کرنے کے طریقے اگرچہ کثرت سے جواہر قر نقش سلیمانی دیربی و دیگر قدیمی کتب میں دیکھے گئے۔ لیکن عجیب و غریب طریقہ کسی قسم کی محنت کا خواہاں نہیں اور تجربہ شدہ ہے۔

جس عورت یا مرد پر جن کا تصرف ہو اس نقش کو لکھ کر اس کو دکھائے۔ انشاء اللہ بصورت انسان حاضر ہو کر اسی دم گفتگو کرے گا۔ خوف زدہ نہ ہو۔

بحرمت سلیمان بن داؤد علیہ السلام یا جن حاضر شو حاضر شو۔ ان الفاظ کو کہہ کر سورہ مزمل پڑھے۔ اور ختم سورہ مزمل پر دوبارہ پھر بحرمت سلیمان بن داؤد آخر تک کہے۔ اگر اس طریقے سے بھی جن اس معمول سے نہ جائے تو عزیمت مندرجہ ذیل کا فلیتہ بنا کر ناک میں دھونی دے۔

تسخیر ملوک

خدا تعالیٰ نے ہر اسم کے لئے علیحدہ علیحدہ تاثیر بخشی ہیں اور ہر نقش میں نیا اثر پیدا کیا ہے۔ بسا اوقات وہ انسان بادشاہوں کے مزاج میں داخل ہو جاتے ہیں۔ (جو مرتبہ کے کسی طرح سے ان کے مقابلہ میں کچھ بھی حقیقت نہیں رکھتے)۔ ہر افسانہ مثال واقعہ کا کچھ نہ کچھ حصہ اور اگر اس معاملہ کی طرف زیادہ غور کیا جائے

گا۔ تو ایسے بہت سے واقعے نظر آئیں گے۔ جو ہمارے مقصود کے موافق ہیں۔

اصل یہ ہے کہ کلام ایزدی کے طریقے اگر نظر غائر سے دیکھے جائیں۔ ان کی رنگارنگ کیفیات کا مشاہدہ حقیقت کی آنکھوں سے کیا جائے تو ظاہر ہو جائے گا کہ دنیا کا جس قدر کارخانہ ہے سب انہیں سے چل رہا ہے۔ اچھے برے سب کام اسی سے انجام پاتے ہیں اور یہی معنی ہیں۔ لا رطب ولا یابس الا فی کتاب مبین کے اور ہے یہی صحیح۔ پس اگر بعض متبرک ومقدس اسم عنوان مضمون کا اثر رکھتے ہوں۔ تو تعجب کی کیا بات ہے اور انکار کرنے کی کون وجہ ہوسکتی ہے۔

میرا خود ہزاروں دفعہ کا تجربہ کیا ہوا ہے کہ فقط بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کو اگر داہنی ابرو کے ابتدائی کنارہ سے شروع کر کے آخر رحیم کے میم کو بائیں ابرو تک ختم کرنے بعد میم سے تمام رخسار اور تھوڑی کو احاطہ کرتے ہوئے۔ اس میم کو پورا دور لا کر داہنی ابرو پر جہاں سے بسم اللہ کی بے شروع کی تھی ختم کر دیا جائے۔ پھر کسی حاکم کے سامنے جس کو مہربان کرنا مقصود ہو جائے۔ انشاء اللہ ضرور مہربان ہوگا۔ اور فقط حاکم پر ہی اس کا تجربہ نہ کرے۔ بلکہ اپنی ہر مخالف کے مقابلہ پر بھی تاثیر پائے گا۔ اتنی سی شرط ہے۔ باوضو لکھے اور جب تک اس کو اپنے پر قائم رکھنا چاہے باوضو رہے جب وضو ساقط ہو جائے۔ دوبارہ یہی عمل کرے۔ تسخیر خلائق کیلئے بھی یہ عمل نہایت ذی اثر دیکھا گیا ہے۔

نمبر2: بابونہ کے ساتھ پھول لائے اور دم کرے کسی طور سے سونگھائے خوشبو کے پہنچتے ہی حاکم حسب منشا کام کرے گا۔

لوحِ حرز تحفظ (تحفظات)

دشمن سے حفاظت، مخالفین پر غلبہ حاصل کرنے، دشمنوں کو شکست دینے، ان کی تکلیفوں سے محفوظ رکھنے، مقدمہ یا لڑائی میں کامیابی، صحت، سحری وآسیبی امراض سے بچاؤ، تحفظ اور قوت جسمانی جیسے فوائد حاصل کرنے کے لیے یہ لوح استعمال ہوتی ہے۔ اس کے استعمال سے آپ ایک خاص قسم کا روحانی تحفظ حاصل کریں گے۔ مختلف مردانہ امراض، مسائل اور ازدواجی و جسمانی مسائل کے حل، مردانہ طاقت، صحت، جسمانی حالت کی بہتری کے ساتھ ساتھ آسیب اور سحر وغیرہ سے بچاؤ کے لئے بھی لوح مریخ استعمال کی جاتی ہے۔ ان حوالوں سے یہ ایک لا جواب لوح ہے۔

لقد فتنا سلیمان والقینا علی کرسیه جسد ثم ان اناب

یہ کیا ہیں صرف الفاظ ہیں۔ لیکن خدا تعالیٰ نے ان میں تاثیر دی ہے۔ تعجب کی کیا بات ہے۔ جب ہماری بری بھلی بات کا اثر دوسروں پر ہوتا ہے تو خدائی باتوں کا اثر کیوں نہ ہوگا۔

نمبر3: نہایت عجیب وغریب عمل ہے۔ اگر کسی عورت کے دل کا راز معلوم کرنا چاہتا ہو تو ہرن کی کھال پر لکھ کر پاک کپڑے میں لپیٹے اور حالت خواب میں سینہ پر رکھے جو کچھ راز ہوگا ظاہر ہوگا اور اس کو خبر نہ ہوگی۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

بسم اللہ رفیع الدرجات ذوالعرش یلقی الروح من امره علی من یشاء من عباده لینذر یوم سم بارزون لا یخفی علی اللہ منهم شیاء لمن الملک الیوم للہ الواحدالقهار تجزی کل نفس ماکسبت لا ظلم الیوم ان اللہ سریع الحساب

تسخیر طیور

نمبر3: اکثر لوگوں کی بابت سنا گیا ہے کہ وہ جانوروں کو جمع کر لیتے ہیں۔ اول راقم کو بھی اس سے انکار تھا۔ لیکن جب اس قسم کا ایک واقعہ آنکھوں سے دیکھا اور پھر یہ مقدس خزر جس کو لکھا جاتا ہے۔ نظر پڑی تو شک جاتا رہا۔

ومن یتق اللہ یجعل له مخرجا ویرزقه من حیث لا یحتسب ومن یتوکل علی اللہ فهو حسبه ان اللہ بالغ امره قد جعل اللہ کل شئی قدرا

تین بار چھری پر دم کر کے اپنے گرد حصار کھینچ کر بے تعداد پڑھے جائے اور کہتا جائے بحق این حرز ہمہ ماران حاضر آیند۔ بہت سے سانپ اس مقام پر جمع ہو جائیں گے۔

نمبر4: اسی حرز کا دوسرا اثر ہے کہ بھیڑئے کی کھال پر لکھے اور کوٹھے کی چھت پر ایک دوڑے میں باندھ کر کہتا جائے۔ بحق حرز یمانی ہمہ طیور جمع شوند پھر قدرت کا مشاہدہ کرے۔

نمبر5: شریر گھوڑے کے کان میں تین مرتبہ یا علی کہے اور سوار ہو جائے۔

نمبر6: سورہ اخلاص تین مرتبہ پڑھ کر پھونکے یہی تاثیر ہوگی۔

نمبر7: دیوانہ کتے کو اتوار کے روز آ کر دفن کرے اور اکیس روز کے بعد نکال کر اس کے بائیں شانہ پر معہ نام طالب ومطلوب شنگرف سے لکھے ضرور حاضر ہوگا۔

تسخیر اسلحہ

نمبر8: اگر تیر وتبر تلوار وچاقو ونیزہ دیگر ہتھیار سے کوئی حملہ کرے تو اول

حمعسق سے شروع کرے اور کہیعص آخر آیت تک پڑھ کر جو پانچ آیتیں لکھی جاتی ہیں پڑھے اور ہاتھ اوپر کو روکنے کے لئے اٹھا دے ہرگز اثر نہ ہوگا مجرب و آزمودہ ہے۔

کما انزلناہ من السماء فاختلط بہ نبات الا رض فاصبح ھشیما تذروہ الریاح ھو اللہ الذی لا الہ الا ھوا عالم الغیب والشھادۃ ھو الرحمن الرحیم.

یوم آلا زفۃ اذا لقلوب لد الحناجرو الکاظمین الغیض وما للظلمین من حمیم لا شفیع یطاع عملت نفس ما احضرت فلا السم بالجنس الجوارا لکنس و اللیل اذا عسعس

صٓ بل قران ذی الذکربل الذین کفروفی عزۃ و شقاق

نمبر9: ترنج کے پتے پر لکھ کر اپنے جسم پر برہنہ ہو کر پتے کی مالش کرے کوئی حربہ کارگر نہ ہوگا۔

لو ح لا رلہ وا وہ یا ھوادیں ادی کہ ابن جسد بحق بسم اللہ الرحمن الرحیم

التماس

مجھے بچپن سے قدرتی طور پر علوم اسلامی سے محبت تھی میرے والد قبلہ جناب منشی احمد الدین صاحب مدظلہ تعالیٰ نے ابتداء تعلیم دلانے کا۔ مجھے قصد کیا تو جس طرح اخی معظم و مکرم منشی محمد ابرار احمد صاحب صدیقی سے (جو آج کل علامہ گوالیار میں ملازم ہیں) ان کی طرز تعلیم کے استفسار کرنے پر انتظام تعلیم کیا تھا۔ مجھے بھی میری خواہش تعلیمی دریافت کی اگرچہ زمانہ یا بالفاظ دیگر اہل زمانہ سے جو تجربہ ہوا اس نے میری طرز عمل کو غلط ثابت کیا لیکن مجھے خوب یاد ہے کہ میں نے انگریزی تعلیم سے منافرت کا اظہار کیا تھا۔ چنانچہ تحصیل علوم کیلئے ہندوستان کے مختلف حصص میں گشت لگائی اور جس قدر قسمت میں تھا حاصل کیا۔ سترہ سال کی عمر میں اتفاقات نے وطن سے پھینک کر ہندوستان کے وسیع حصہ میں پھرنے کا موقعہ دیا۔ اس زمانہ کے تجربے اور صعوبتیں جو مجھے سفر میں اٹھانی پڑیں۔ نہایت قیمتی مگر ساتھ ہی تکالیف سے بھری ہوئی تھیں پھرتے پھرتے دہلی آیا۔ اور تقریباً دو سال قیام کیا۔ یہ حصہ میری زندگی کا نہایت قیمتی تھا۔ اس لحاظ سے نہیں کہ میں نے کوئی نمایاں قومی خدمت انجام دی ہو۔ بلکہ اس نظر سے کہ مجھے ایسے بزرگ کے قدموں میں رہنا میسر ہوا جن کے تقدس کی اثرات سے میرا قلب ہمیشہ معمور منور رہے گا یعنی تقدس مآب سیدی خواجہ حسن نظامی کی صحبت میسر آئی جن کو میں اپنی گوناگوں سفری تجربے سے ہندوستان میں واحد شخص خیال کرتا ہوں۔ گو بعض لوگ کچھ سمجھیں لیکن مجھے اپنے اس بیان سے ذرا باک نہیں کہ اگر حضرت کے مغتنم وجود سے ہندوستان نے فائدہ نہ اٹھایا تو وہ بعد میں افسوس کرے گا۔

دو برس حضرت کے خدمت میں رہنے کے بعد والدین کے پے درپے تقاضوں سے مجبور ہو کر مجھے مستقل طور پر وطن میں سکونت اختیار کرنی پڑی اور خدا کا شکر ہے کہ اب میں والدین کے سایہ عاطفت ظل سبحانی میں بسر کر رہا ہوں۔ میرے دادا صاحب قبلہ مرحوم مغفور کو فن اعمال سے نہایت دلچسپی تھی۔ اس لئے مجھے بھی با اعتبار الوالدسی لابیہ اس فن سے خاص لگاؤ ہے۔ یہ عمل اکثر وہ ہیں جو مجھے بزرگوں سے ملے ہیں یا وہ لکھے ہیں جو احادیث معتبر اور بزرگوں کے ملفوظات میں پائے گئے ہیں۔ بعض طریقے کتب اعمال سے بھی اخذ کئے ہیں۔ یہ اس لئے لکھ دیا گیا ہے کہ ناظرین کتاب کو میری نسبت کوئی غلط فہمی نہ ہو اور میری تحریرات مبالغہ یا خلاف بیانی پر محمول نہ کریں۔

اس کا اطمینان دلانا بھی میرا فرض ہے کہ یہ تمام عمل نہایت معتبر اور مستند ہیں اور جس طرح بعض لوگ کچھ نہ کچھ کسر باقی رکھ لیتے ہیں اور پورے طور پر کتاب میں طریقہ لکھنے میں کوتاہی کر جاتے ہیں۔ ان طریقوں کو نہایت صحیح اور واضح طور پر بے کم و کاست بتا دیا ہے۔

جو صاحب ان طریقوں سے فائدہ اٹھائیں گے۔ انشاء اللہ راقم کو دعائے خیر سے یاد فرمائیں گے۔ والسلام علی من اتبع الھدی

مقبول احمد نظامی سیوہاروی خادم حلقہ نظام المشائخ دہلی۔ (ختم شد)

تسخیر و محبت کا زود اثر عمل برائے شادی

قارئین اکرام کہتے ہیں کہ کسی کے دل کا تسخیر کرنا بہت مشکل ہے۔ اگر دیکھا جائے تو واقعی یہ مشکل کام ہے۔ لیکن ناممکن بھی نہیں ہے۔

دنیا کے جتنے بھی کام ہیں یہ سب محنت سے کیے جاتے ہیں۔ جس کام میں محنت نہ ہو وہ کام پایہ تکمیل تک نہیں پہنچتا۔ جس کام میں محنت و خلوص ہو وہ انشاء اللہ ضرور بہ ضرور اپنی منزل مقصود پر پہنچتا ہے۔ اس لیے جب بھی کوئی کام شروع کریں تو گھبرائیں نہیں ہمت و حوصلہ رکھیں۔ انشاء اللہ ضرور کامیاب ہوں گے۔ یہ صرف عملیات کی بات نہیں ہو رہی ہے۔ بلکہ دنیا کا کوئی بھی کام ہو اس میں دلچسپی لیں محنت کریں آپ کی محنت رائیگاں نہیں جائے گی۔

کامیابی کے بعد آپ کو جو خوشی حاصل ہوگی۔ اس کی قدر اُس وقت آپ کو معلوم ہوگی۔ یہ وہ کامیابی نہیں ہے۔ جو کسی دوکان سے خریدی جاسکے۔ اللہ تعالیٰ کی طرف سے یہ خاص عنایت ہوگی۔ جو آپ کے اُس دُکھ قرب کا مداوا ہوگی جو آپ عمل سے پہلے برداشت کرتے رہے ہیں۔ یہ عمل بسم اللہ کا مجرب عمل آپ کی تمام پریشانیوں کا حل ہے۔ آپ کے نصیب کشائی میں معاون ثابت ہوگا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

مثال عمل:

طالب انیس حیدر کے اعداد قمری	۳۴۳
والدہ، ساریہ بتول کے اعداد قمری	۷۱۴
مقصد شادی کے اعداد قمری	۳۱۵
مطلوب آرزو فاطمہ کے اعداد قمری	۳۴۹
والدہ معصومہ بتول کے اعداد قمری	۶۸۹
میزان	۲۴۱۰

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے اعداد	۷۸۶
عمل کے اعداد	۲۴۱۰
کل میزان	۳۱۹۶

ترکیب عمل:

اعداد ۷۸۶ کو اعداد ۲۴۱۰ سے ضرب دیں۔

۱۸۳۴۲۶۰

اب ان اعداد کا نقش مربع آتشی چال سے تیار کریں۔ کل اعداد سے ۳۰ نفی کریں باقی کو ۴ پر تقسیم کریں۔ حاصل قسمت کو چال کے مطابق پر کریں۔ اگر ۴ پر تقسیم کرنے سے کچھ بچے تو کسر میں ڈال دیں۔ یہ نقش زوج پر کیا گیا ہے۔ جس سے کسر ختم ہوگئی ہے۔ حب کا عمل ہے۔ اس لیے یہ نقش زود اثر ہوگیا ہے۔

کسر کو پُر کرنے کا طریقہ:

اگر باقی ۱ بچے تو خانہ ۱۳ میں ایک عدد کا اضافہ کریں۔ اگر کسر ۲ بچے تو خانہ ۹ میں ایک عدد کا اضافہ کرنا ہوگا۔ اگر کسر ۳ بچے تو خانہ نمبر ۵ میں ایک عدد کا اضافہ کردیں۔ نقش صحیح پُر ہو جائے گا۔ اعداد لگاتے وقت نقش کو پُر کرتے وقت دوبارہ عمل کو چیک کرلیا کریں۔ اور نقش کو چاروں طرف سے چیک کرلیا کریں۔ اوپر سے نیچے اور دائیں سے بائیں کے اعداد کو جمع کرلیا کریں۔ اور ساتھ ہی چاروں کونوں کے اعداد کو جمع کر کے دیکھ لیا کریں۔ تاکہ کہیں غلطی رہ جائے تو اس کو درست کرلیا جائے۔

نقش مربع آتشی

۷۸۶

جبرائیل

۳۵۸۵۶۴	۳۵۸۵۷۰	۳۵۸۵۷۶	۳۵۸۵۵۰
۳۵۸۷۷۳	۳۵۸۵۵۲	۳۵۸۵۶۲	۳۵۸۵۷۲
۳۵۸۵۵۴	۳۵۸۵۸۰	۳۵۸۵۶۶	۳۵۸۵۶۰
۳۵۸۵۶۸	۳۵۸۵۵۸	۳۵۸۵۵۶	۳۵۸۵۷۸

عزرائیل

میکائیل

وکفی باللہ شہیدا محمد رسول اللہ

یاالٰہی انیس حیدر بن ساریہ بتول کی شادی آرزو فاطمہ بنت معصومہ بتول کے ساتھ جلد ہو بحق ایں نقش عمل بسم اللہ۔

نقش کے چاروں طرف بسم اللہ مکمل کی بست حرفی سطر کو چاروں طرف لکھیں۔

بست حرفی سطر:

ب س م ال ل ہ ال رح م ن ال رح ی م نقش کو تہہ کر کے اپنے بازو پر باندھیں جس ستارہ کی ساعت میں لکھیں اس ستارہ کا بخور جلائیں۔ اور اس کی دھونی کو نقش پر پہنچائیں ستارہ کی خوشبو بھی نقش پر لگائیں۔

نقش تیار کرنے کا وقت:

نوچند بدھ، جمعرات، جمعہ، اتوار، پیر صبح کے وقت ان کی ساعت میں تیار کریں۔ شرف قمر شرف زہرہ شرف شمس بھی موزوں وقت ہے۔

نظرات:

قمر وزہرہ، قمر وعطارد، عطارد وزہرہ، زہرہ ومشتری، قمر نحوست سے پاک ہو جس ستارہ میں تیار کریں اس کو چیک کر لیں کہ کیا وہ رجعت میں ہے یا مستقیم۔

نقش تیار ہو جائے تو اُس پر ۷۸۶ بار بسم اللہ مکمل پڑھ کر دم کر دیں۔

پڑھائی:

ایک وقت مقرر کر کے روزانہ تا حاصل مقصد ۷۸۶ بار بسم اللہ مکمل ورد کریں۔ رجال الغیب کا خیال رکھیں۔ نقش تیار کرتے وقت اور پڑھائی کرتے وقت پڑھائی کے پہلے روز جس طرف منہ کیا ہو اُس طرف روزانہ رخ رکھیں۔ عمل کا راز کسی پر ظاہر نہ کریں۔ بخور، خوشبو کی معلومات ادارہ سے لیں۔

بسم اللہ کا نایاب عمل

قارئین وقت اور حالات کے مطابق ہمیں ایسے اعمال کی ضرورت پڑتی ہے۔ جو وقت کی مناسبت سے زود اثر ہونے کے ساتھ ساتھ آسان بھی ہوں۔ جو ہر کوئی آسانی کے ساتھ عمل کر سکے اور اپنے مسائل کو خود حل کر سکے۔ ایسی چیز کو مدنظر رکھتے ہوئے۔ بندہ ناچیز نے اپنی محنت سے تحقیق اور تجربہ کے بعد اپنے وہ اعمال رفاع عامہ کیلئے وقت کے ساتھ ساتھ پیش کرتا رہوں گا۔

اس بار بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کا نایاب عمل پیش کر رہا ہوں اور آئندہ بھی جب تک اللہ تعالیٰ نے مجھے توفیق بخشی پیش کرتا رہوں گا۔ آپ اپنے حالات و مسائل کے حل کیلئے نورانی عمل کو پڑھتے رہا کریں۔ سچی توبہ کریں اُسی سے ہی مدد مانگیں جو خالق کل ہے۔ کوئی بھی عمل کریں تو خشوع وخضوع سے پڑھیں جس سے دل میں ایک عجیب کیفیت محسوس ہو گی اور عمل بھی پُر اثر ہو گا۔

اکثر یہ شکایات آتی ہیں کہ عمل پڑھا ہے۔ مگر عمل کا اثر ظاہر نہیں ہوا۔ کبھی آپ نے یہ محسوس کیا ہے کہ اثر کیوں نہیں ہوا ہے۔ یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ ہم نے اپنا عمل خشوع وخضوع سے پڑھا ہو اور اثر نہ ہو۔ حقیقت یہ ہے کہ قرآن پاک میں اللہ تعالیٰ خود فرماتا ہے۔ سورۃ العمران آیت نمبر 198 ''پس قبول فرمائی ان کی دعا ان کے رب نے کہ بلاشبہ میں ضائع نہیں کرتا عمل کسی عمل کرنے والے کا تم میں سے مرد ہو یا عورت''۔

بات یہ ہے کہ ہم اپنے عمل پر اور مقصد پر توجہ نہیں دیتے پڑھتے وقت ہماری توجہ عمل سے ہٹ جاتی ہے۔ اس لیے وہ عمل کامیاب نہیں ہوتا۔

آج کل ترقی کے دور میں ہر شخص ایک قسم کی افراتفری کا شکار ہے۔ ذہنی فتور نے اُسے آدھ مویا کر رکھا ہے۔ بے چینی بے اطمینانی اور بے قراری ہر انسان پر مسلط ہے۔

اب عمل کی طرف آتے ہیں۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی بست حرفی کریں۔

ب س م ال ل ہ ال ر ح م ن ال ر ح ی م کل حروف اُنیس۔

بست حرفی سطور کو تخلیص کریں یعنی جو صرف دوبارہ آئے ان کو گرا دیں۔ اس سطور میں م ال ر ح دوبارہ آئے ہیں۔ م تین بار آیا ہے۔ ا بھی تین بار آیا ہے۔ ل چار بار آیا ہے ر دو بار آیا اور ح دو بار آیا ہے۔

اس طرح کل حروف اُنیس میں سے جو ایک سے زائد بار آئے ہیں۔ وہ م دو بار ا دو بار ل تین بار ر ایک بار اور ح ایک بار یہ کل حروف 9 ہیں۔ باقی حروف ۱۰ ہیں جو خالص ہو گئے ہیں وہ یہ ہیں: ب س م ال ہ ر ح ن ی = حروف ۱۰ باقی جو حروف ہیں۔ ان کے اسماء الٰہی حاصل کریں۔

اسماء الٰہی حاصل کرنے کا طریقہ:

باقی ۱۰ حروف ب س م ال ہ ر ح ن ی کے اسم الٰہی

ب سے باسط — ح سے حفیظ

س سے سمیع — ن سے نافع

م سے مالک الملک — ی سے یٰسین

ا سے اللہ

ل سے لطیف

ہ سے ھادی

ر سے رزاق

عمل پڑھنے کا طریقہ:

اپنے مقصد کو ذہن میں رکھتے ہوئے اپنے نام کا اسم الٰہی کو بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے ساتھ اس طرح پڑھیں۔

مثال:

محمد کامران بن آمنہ خاتون کو ملازمت کیلئے عمل پڑھنا ہے۔ وہ اس طرح پڑھیں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم یا مالک الملک بحق بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔

تعداد عمل:

نام سائل مع والدہ کے اعداد قمری کے مطابق پڑھیں۔

محمد کامران بن آمنہ خاتون کے اعداد قمری ۱۵۵۷ بنتے ہیں اگر صرف نام کے اعداد کے مطابق پڑھیں تو بھی فائدہ ہوگا۔

عمل پڑھنے کا وقت:

نوچندہ بدھ، جمعرات، جمعہ، اتوار، پیر کی رات یا صبح نماز کے بعد سورج طلوع ہونے کے بعد اول و آخر طاق بار درود پاک پڑھیں۔ انشاء اللہ اپنے مقصد میں کامیاب ہوں گے، مثال کو سمجھ کر اپنا عمل تیار کریں اور عمل کا راز کسی پر ظاہر نہ کریں۔

قابل غور بات:

اگر کسی کے نام کا حرف اول ان دس حروف میں نہیں آتا تو وہ ان تمام اسماء کو ملا کر ترتیب سے لے کر ی تک پڑھیں۔

عبدالحئی راٹھور

عرصہ حکومت	21مارچ تا20اپریل
منسوبی کوکب	مریخ
منسوبی حروف	ا، ل، ع، ی
خوش قسمت اعداد	9'7'2'1

خوش قسمت پتھر	مرجان، یاقوت
خوش قسمت دن	ہفتہ، اتوار، منگل
خوش قسمت رنگ	لال، نارنجی، ہلکا آسمانی

یکم تا 8مارچ

انداز گفتگو میں خاصی بہتری آئے گی۔ نیز رواں دنوں میں آپ نئے دوست بھی بنائیں گے۔ بہو کے ساتھ تعلقات خراب ہیں تو اس میں بھی بہتری آئے گی۔ آپ کی چند ایک خواہشات پوری ہوتی نظر آرہی ہیں۔ بڑے بہن بھائیوں اور یار دوستوں سے وابستہ اگر کوئی غلط فہمی تھی تو وہ دور ہو جائے گی اور تعلقات دوبارہ استوار ہوں گے۔ انعامی سکیمیں، لاٹری وغیرہ کھیلنا آپ کے لیے فائدہ مند نہ رہے گی۔ سیر و تفریح کے پروگرام بنائیں گے، لیکن ان کو بھی عملی شکل دینے میں کامیاب نہ ہو سکیں گے۔ وراثت وغیرہ کا مسئلہ ہے تو وہ حل نہ ہو سکے گا۔ اولاد کے ساتھ تعلقات میں بگاڑ پیدا ہوتا نظر آرہا ہے۔ حکومتی عہدیداروں سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو وہ حل نہ ہو سکیں گے۔ شریک حیات کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی۔

9تا 16مارچ

مالی حالات میں خرابی متوقع ہے۔ آپ کے ذہن پر غصہ سوار رہے گا اور آپ اکثر فیصلے یا کام جلد بازی میں کریں گے۔ امتحانی نتائج کو لے کر پریشانی کی کوئی بات نہیں، انشاء اللہ بہتر نتائج سامنے آئیں گے۔ بانڈ، ریس وغیرہ کھیلتے ہیں تو اس سے کوئی خاص فائدہ حاصل نہ کر سکیں گے۔ شریک حیات کے ساتھ تعلقات میں اونچ نیچ رہے گی۔ وراثتی مکان یا جائداد کا مسئلہ چلا آرہا ہے تو حل نہ ہو سکے گا۔ وہ افراد جو مکان یا سواری کی خریداری کرنا چاہتے ہیں ان کو بہتر چیز مناسب قیمت کے ساتھ ملنے کی توقع ہے لیکن اس کے لیے ان کو کافی محنت کرنا ہوگی۔ بیماری طوالت اختیار کر گئی تھی تو اب صحت میں بہتری کے اُمید پیدا ہوتی نظر آرہی ہے۔

آپ کا برج؟

آپ کس برج کے تحت آتے ہیں یا کون سا برج آپ پر زیادہ اثر انداز ہوگا۔ یہ دیکھنے کے تین طریقے ہیں:......

☆ پہلا طریقہ یہ ہے کہ اپنی تاریخ پیدائش کے مطابق دیکھیں کہ کون سا برج آپ کا ہے۔ اگلے صفحات میں ہر برج کے ساتھ اس کا عرصہ حکومت بھی تحریر ہے۔

☆ دوسرا طریقہ یہ ہے کہ دیکھیں آپ کا نام کس حرف سے شروع ہو رہا ہے۔ بس اس حرف سے متعلق برج سے حالات پڑھیں۔

☆ تیسرا طریقہ یہ ہے کہ اپنے نام اور والدہ کے اعداد دی گئی عددی جدول کی مدد سے نکالیں اور کل اعداد کو ۱۲ سے تقسیم کر دیں جو نمبر بچے گا وہی آپ کا برج ہوگا۔

رجعت کواکب

جو کواکب کی رجعت کا شکار ہوں وہ دی گئی عزیمت رجعت و نحوست سیارگان کو روزانہ گیارہ بار پڑھنا اپنا معمول بنالیں۔ اول آخر ۳ مرتبہ درود شریف بھی پڑھیں اور صدق دل سے اللہ سے دعا کریں۔ حسب گنجائش صدقہ دیں۔

يَا اَللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيْمُ بِحَقِّ كٓهٰيٰعٓصٓ وَبِحَقِّ حٰمٓ عٓسٓقٓ قِنَا مِنْ نُحُوْسَةِ الْكَوَاكِبِ وَرُجُوْعِهٖ وَوَبَالِهٖ وَسُوْءِ نَظْرِهٖ بِحَقِّ يَا اللّٰهُ يَا اَحَدُ يَا صَمَدُ صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ۔

عددی جدول

ا ی ق غ	۱
ب پ ک گ ر ژ	۲
ج چ ل ش	۳
د ڈ م ت ٹ	۴
ہ ن ث	۵
و س خ	۶
ز ژ ع ذ	۷
ح ف ض	۸
ط ص ظ	۹

مثال

اکبر ا ک ب ر

۱ ۲ ۲ ۲ =۷

حمل کا گرنا
لاجورد

اولاد کی خواہش ہر مرد و زن کی فطرت میں شامل ہے لیکن بہت سے لوگوں کو اس حوالے سے مسائل کا سامنا رہتا ہے۔ آپ یا آپ کے حلقہ احباب میں کوئی ایسا فرد جس کے ہاں اولاد کی پیدائش حمل کے گرنے کے باعث خواہش کی خواہش رہ گئی ہو تو لاجورد استعمال کریں۔ اس کو ''روکنے والا'' پتھر کے طور پر قدیم زمانوں میں جانا جاتا ہے اور دیگر مسائل سے بچاؤ کے ساتھ ساتھ حمل کو گرنے سے روکنے کی خصوصی قوتوں کا حامل مانا گیا ہے اور قدیم ماہرین نے اس کی اس خوبی کو بہت اہمیت دی ہے۔ لیکن فائدہ اٹھانا ہے تو پھر اصل جواہر حاصل کریں۔ نقل کا فائدہ نہیں۔

17 تا 24 مارچ

انعامی بانڈ اور نمبر وغیرہ کھیلنے والے

افراد کو اس عرصہ میں جیت کی خوشی ملنے کی توقع ہے۔ وہ افراد جو روزی کی تلاش میں ہیں یا موجودہ نوکری سے بہتر نوکری کے متلاشی ہیں ان کو چاہیے کہ ہمت مت ہاریں اور کوشش کرتے رہیں، اللہ کے فضل و کرم سے کامیابی ملنے کے امکانات ہیں۔ فضول اخراجات میں اضافہ کی وجہ سے مالی معاملات میں تنگی کا سامنا کرنا پڑسکتا ہے۔ علاوہ ازیں بڑے بھائیوں سے مالی مدد کے یا کسی اور کام کے حل کے منتظر ہیں تو وہ کام ہونے کی کوئی توقع نہیں ہے۔ طالب علموں کا دھیان تعلیم کے ساتھ ساتھ دوسری سرگرمیوں کی طرف بھی رہے گا۔

25 تا 31 مارچ

مالی مسائل پر قابو پاسکیں گے۔ ساس

کے ساتھ تعلقات خوشگوار رہیں گے۔ شادی، نکاح اور منگنی کے لیے یہ وقت بہتر نہیں ہے۔ کاروبار سے وابستہ افراد کے لیے یہ وقت سخت رہے گا۔ آپ کو چاہیے کہ کاروبار میں پیسہ سوچ سمجھ اور منصوبہ بندی کے مطابق لگائیں۔ سیر و تفریح کا پلان بنا رکھا ہے تو مجبوری کی وجہ سے جانہ سکیں گے۔ بڑے بہن بھائیوں اور یار دوستوں سے ملنا جلنا کم رہے گا۔ انعامی سکیمیں کھیلتے ہیں تو اس سے فائدہ کی اُمید ہے۔ سواری اور جائیداد کی لین دین کرنا فائدہ مند ہوگا۔ علاوہ ازیں وراثتی جائیداد یا زمین کا مسئلہ ہے تو اس حوالے کی گئی کوششوں کے مثبت نتائج رونما ہوں گے۔ چھوٹی چھوٹی باتوں کو نظر انداز کرنے کی کوشش کریں، ورنہ شریک حیات کے ساتھ معاملات زیادہ خراب ہوجائیں گے۔

سعد تاریخیں	2-7-11-15-19-29
نحس تاریخیں	4-9-24-25
لکی نمبر	1-8-9

عرصہ حکومت	21 اپریل تا 20 مئی
منسوبی کوکب	زہرہ
منسوبی حروف	ب' و
خوش قسمت اعداد	9'6'3
خوش قسمت پتھر	ہیرا' نیلم
خوش قسمت دن	جمعرات' جمعہ' ہفتہ
خوش قسمت رنگ	سفید' لائٹ بلیو

یکم تا 8 مارچ

وہ ملازمت پیشہ افراد جن کی ترقی کی

فائل کافی دیر سے رُکی ہوئی ہے، رواں عرصے میں اُس پر دوبارہ نظر ثانی کی جائے گی، اور ترقی کے امکانات پہلے کی نسبت زیادہ ہو جائیں گے۔ آپ کے اپنی ساس کے ساتھ تعلقات میں خرابی آتی نظر آ رہی ہے۔ شراکتی کاروبار سے وابستہ افراد کو کام میں چند ایک مسائل کا سامنا ہوگا۔ ذاتی کاروبار سے منسلک افراد کے لیے یہ وقت بہتر ثابت ہوگا۔ آپ کی توجہ اپنی ذات پر زیادہ رہے گی۔ حکومتی عہدیداروں سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو وہ سفارش کے بغیر حل نہ ہوسکیں گے۔ قرضہ لینا چاہتے ہیں تو اس سلسلے میں اپنے بہن بھائیوں، حکومتی اور غیر سرکاری ادارے سے لینے کی کوشش کریں آپ کو کامیابی ملتی نظر آ رہی ہے۔ شریک حیات کے ساتھ تعلقات میں پہلے کی نسبت خرابی آئے گی۔

9 تا 16 مارچ

اخراجات میں غیر ضروری اضافہ ہوتا

نظر آ رہا ہے۔ شریک حیات کے ساتھ تعلقات میں اونچ نیچ رہے گی۔ شریک حیات کی چھوٹی چھوٹی غلطیوں کو نظر انداز کرنے کی کوشش کریں، ورنہ حالات زیادہ خراب ہوسکتے ہیں۔ دشمنوں اور مخالفوں سے محتاط رہنے کی ضرورت ہے یہ آپ کو نقصان پہنچانے کی کوشش کریں گے۔ انعامی سکیمیں، بانڈ وغیرہ کھیلتے ہیں تو ان سے مالی فائدے کی امید بھی ہے۔ بیرون ملک سفر کرنا موزوں نہیں، حادثہ کا شکار ہوسکتے ہیں۔ بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات بہتر رہیں گے۔ نیز ان کے ساتھ گھومنے پھرنے کا پروگرام بھی بنائیں گے۔ حکومتی عہدیداروں سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو ان کو تھوڑا بہت کھلائیں پلائیں آپ کا مسئلہ حل ہوجائے گا۔

17 تا 24 مارچ

اولاد کی اخلاقی لحاظ سے تربیت کریں

گے۔ طالب علموں کی توجہ تعلیم کی طرف زیادہ رہے گی۔ علاوہ ازیں اگر تعلیمی حوالے سے کوئی پریشانی ہے تو وہ بھی خاطر خواہ طریقے سے حل ہو جائے گی۔ مقروض شخص اگر معین وقت پر بل بھی گیا تو بھی رواں دنوں میں رقم یا دی ہوئی اشیاء کی واپسی نظر نہیں

آتی۔ لوگوں سے امیدیں لگانے کی بجائے کام کو خود مکمل کرنے کی کوشش کریں، کیونکہ دوسروں سے وابستہ اُمیدیں پوری ہونے کے امکانات کم ہیں، لہٰذا خود عملی میدان میں رہیں۔ کاروبار سے منسلک افراد کو چاہیے کہ ان دنوں میں کام کے حوالے سے کوئی بھی ڈیل نہ کریں، بلکہ کوشش یہی کریں کہ اُسے مزید کچھ دنوں کے لیے ملتوی کر دیں۔

25 تا 31 مارچ

بیرون ملک سفر کے لیے کی گئی کوششوں کی خاطر خواہ نتائج رونما نہ ہوں گے۔ علاوہ ازیں ان دنوں میں سفر کرتے ہیں تو کسی نہ کسی پریشانی کا شکار رہیں گے۔ مکان یا گاڑی وغیرہ خریدنا چاہتے ہیں تو یہ آپ کو اُمید کے مطابق ملتی نظر آ رہی ہے۔ گھریلو ماحول خوشگوار رہے گا۔ مہمان بھی آئیں گے۔ ملازمت پیشہ افراد کو نوکری میں پریشانی کا سامنا رہے گا۔ ممکن ہے کہ آپ کو نوکری میں تنزلی کا سامنا کرنا پڑے۔ شادی بیاہ اور منگنی کے لیے یہ وقت بہتر ہے۔ ساس کے ساتھ بہتر تعلقات استوار ہوں گے۔ اپنی اشیاء کی حفاظت کریں، چوری ہونے کا خدشہ ہے۔ مستقل بیماری کا شکار ہیں تو رواں دنوں میں صحت بہتر رہے گی۔

سعد تاریخیں	12-17-21
نحس تاریخیں	7-19-25
لکی نمبر	2-4-6

جوزا

عرصہ حکومت	21 مئی تا 20 جون
منسوبی کوکب	عطارد
منسوبی حروف	ک،ق
خوش قسمت اعداد	9'5'1
خوش قسمت پتھر	زمرد، پکھراج
خوش قسمت دن	منگل، بدھ، جمعرات
خوش قسمت رنگ	سبز، پیلا، بسنتی

یکم تا 8 مارچ

سیر و تفریح کے پلان بنائیں گے اور جائیں گے بھی۔ شادی بیاہ اور اسی طرح کی دوسری تقریبات میں آپ کی شرکت رہے گی۔ ملازمت پیشہ افراد کو نوکری میں چند ایک پریشانیوں کا سامنا ہو گا۔ ننھیالی رشتے داروں سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو وہ رواں عرصے میں حل نہ ہو سکیں گے۔ انعامی سکیمیں، لاٹری، بانڈ وغیرہ کھیلتے ہیں تو آپ کو اس سے فائدہ ہوتا نظر آ رہا ہے۔ آپ کی اکثر خواہشات پوری نہ ہو سکیں گی۔ کاروبار سے منسلک افراد کو کام میں اگر کسی پریشانی کا سامنا ہے تو وہ مسئلہ حل ہو جائے گا نیز کاروبار میں بہتری آئے گی۔ کاروبار کے سلسلے میں بیرون ملک سفر کرنا چاہتے ہیں تو وہ ممکن ہے۔ ملازمین سے وابستہ کام مقررہ وقت پر حل نہ ہو سکیں گے۔

9 تا 16 مارچ

آپ کا رجحان خط و کتابت اور فنون لطیفہ کی طرف بڑھے گا۔ امیدوں اور خواہشات کو عملی شکل دینے کے لیے موزوں وقت ہے لیکن اس کے لیے آپ کو محنت بہت زیادہ کرنا ہو گی۔ سوتے میں برے خواب آئیں گے اور آپ اپنے اوپر جادو و سحر بھی محسوس کریں گے۔ جادو و سحر کے خاتمہ کے لیے آپ ہمارے ادارے سے لوح رد سحر لے کر استعمال کریں۔ اولاد کے ساتھ تعلقات خوشگوار رہیں گے۔ انعامی سکیمیں، بانڈ ریس وغیرہ کھیلتے ہیں تو ان سے مالی فائدہ حاصل کر سکتے ہیں۔ قانونی معاملات میں آپ کے دخل اندازی سے آپ کو پریشانی کے سوا کچھ حاصل نہ ہو گا۔ گھریلو حالات بہتر رہیں گے اور گھریلو سکون میسر آئے گا۔

17 تا 24 مارچ

آپ کا مزاج نرم رہے گا۔ علاوہ ازیں ذہنی سکون بھی میسر رہے گا۔ اندرون ملک سفر کرنے کے حوالے سے بہترین وقت ہے۔ شریک کار کے ساتھ ناراضگی رہے گی۔ کاروبار سے منسلک افراد کے لیے یہ عرصہ ذرا مشکل ثابت ہو گا۔ تجارت کے سلسلے میں بیرون ملک سفر کرنے کے حوالے سے مفید وقت نہیں ہے۔ آپ کا اپنے آبائی گھر/شہر جانا ہو گا۔ مائع اشیاء مثلاً پانی، مشروبات وغیرہ کا استعمال زیادہ کریں گے۔ طاقت اور اختیار رکھنے والے لوگ آپ کے اکثر کاموں میں رکاوٹ ڈالیں گے۔ اعلیٰ تعلیم کے حصول کے لیے داخلی ٹیسٹ وغیرہ میں کامیابی ملنے کی توقع کم ہے۔

25 تا 31 مارچ

قانونی نوعیت کے درپیش مسائل حل ہوتے نظر نہیں آ رہے۔ علاوہ ازیں اس سلسلے میں آپ کے اخراجات بھی ہوں گے، لیکن کوئی کام نہ بن سکے گا۔ بڑے بزرگوں کی صحت کا خاص طور پر خیال رکھیں۔ مستقل بیماری کے شکار افراد کو چاہیے کہ بیماری کے حوالے سے کسی بھی قسم کی بد پرہیزی یا سُستی نہ دکھائیں۔ رشتے داروں اور پرانے دوستوں سے ملنا جلنا رہے گا۔ برے خواب اور خیالات آئیں گے۔ جو آپ کے ذہن پر سوار رہیں گے۔ سفید رنگ کے کپڑے صدقہ دیں۔ آپ کا رجحان کھانے پینے کی طرف زیادہ رہے گا۔ لوگوں میں مقبولیت کا گراف بلند رہے گا۔ نچلے درجے کے لوگوں سے محتاط رہیں۔ آپ کے مخالف لوگوں کے کان بھرتے نظر آتے ہیں۔ اکثر خواہشات پوری ہوتی نظر نہیں آ رہی ہیں۔ قرضہ لینا چاہتے ہیں تو وہ ملتا نظر نہیں آ رہا۔

سعد تاریخیں	11-15-19-24
نحس تاریخیں	2-9-29
لکی نمبر	2-7

عرصہ حکومت	21 جون تا 22 جولائی
منسوبی کوکب	قمر
منسوبی حروف	ح، ہ
خوش قسمت اعداد	8'6'2
خوش قسمت پتھر	سفید موتی، ہیرا، مرجان
خوش قسمت دن	پیر، منگل، جمعہ
خوش قسمت رنگ	سفید، بسنتی، پیلا

یکم تا 8 مارچ

قرضہ لینا چاہتے ہیں یا لینے کی کوشش کر رہے ہیں تو آپ کی محنت رنگ لاتی نظر آ رہی ہے۔ نیز اس سلسلے میں اپنے خاندان کے لوگوں سے بھی رابطہ ضرور کریں، ان کی طرف سے بھی کسی نہ کسی طرح کی مدد مل جائے گی۔ طالب علموں کی توجہ تعلیم کی طرف ضرورت کے مطابق رہے گی۔ نیز اگر نتائج کو لے کر پریشان ہیں تو آپ کے نتائج بہتر آئیں گے۔ آپ کا انداز گفتگو لوگوں کے ساتھ تلخ رہے گا۔ مالی حالات میں چند ایک پریشانیوں کا سامنا ہوگا۔ حکومتی اداروں سے وابستہ کام ڈیل کے بغیر حل نہ ہو سکیں گے۔ کاروبار سے منسلک افراد کو کام میں چھوٹی موٹی پریشانیوں کا سامنا ہوگا۔ ساس کے ساتھ ناراضگی تھی تو وہ دور ہو جائے گی۔ آپ کی چند ایک خواہشات پوری ہوتی نظر آ رہی ہیں۔

9 تا 16 مارچ

مکان یا سواری کی خرید و فروخت کرنے کے لیے موزوں وقت نہیں، ڈیل مکمل نہ ہو سکے گی اور اگر ہو بھی گئی تو وہ شخص آپ کے ساتھ بے ایمانی کی ہر ممکن کوشش کرے گا۔ مالی حالات بہتر رہیں گے۔ انعامی سکیموں میں نقصان کے علاوہ کچھ حاصل نہ ہو گا۔ صحت کے حوالے سے پریشان ہونے کی کوئی بات نہیں آپ ذہنی اور جسمانی طور پر صحت یاب ہوتے دکھائی دے رہے ہیں۔ ساس کے ساتھ تعلقات خراب رہیں گے۔ بڑے بہن بھائیوں کے ساتھ بول چال بند رہے گی۔ بیرون ملک سفر کرنے کے لیے سعد وقت ہے۔ رواں دنوں میں کیا گیا سفر

خوشگوار ثابت ہوگا۔

17 تا 24 مارچ

مالی حالات میں بہتری آئے گی۔ اس کے ساتھ ساتھ اخراجات میں بھی کمی آئے گی۔ برے خواب یا خیالات آتے ہیں تو وہ بھی آنا ختم ہو جائیں گے۔ اولاد کو آپ کے بہن بھائیوں کی طرف سے مدد ملتی نظر آ رہی ہے، اس کے علاوہ تعلیمی حوالے سے راہنمائی بھی ملے گی۔ قانونی معاملات سے دور رہنے کی کوشش کریں، ورنہ مسئلہ سنگین شکل اختیار کر سکتا ہے۔ صحت کی طرف سے بھی احتیاط برتنے کی ضرورت ہے۔ دوستوں، عزیزوں اور جاننے والے لوگوں کے ساتھ بات چیت زیادہ ہوگی۔ یہ بات چیت ٹیلی فون یا خط کے ذریعے بھی ہو سکتی ہے۔

25 تا 31 مارچ

انعامی سکیمیں لاٹری وغیرہ کھیلنا آپ کے لیے فائدہ مند رہے گا۔ رشتے اور منگنی کے معاملات طے کرنے کے لیے موزوں وقت نہیں ہے۔ شریک حیات کے ساتھ ناراضگی رہے گی۔ انٹر اور اس سے کم درجے کی تعلیم حاصل کرنے والے طالب علموں کی توجہ تعلیم کی طرف کم رہے گی۔ وراثتی اُمور کا فیصلہ رواں عرصے میں ممکن نہیں ہے۔ قیمتی اشیاء کی خرید و فروخت کے دوران محتاط رہیں، مخالف شخص آپ کے ساتھ ہوشیاری لگانے کی کوشش کرے گا۔ ذاتی کاروبار سے منسلک افراد کے کام میں بہتری کی لہر پیدا ہوگی۔ اگر کام کی طرف بھرپور توجہ دیں تو فائدہ بھی ہوگا۔ اُدھار دی رقم واپس ملنے کی توقع کرنا فضول ثابت ہوگا۔ بہن بھائیوں اور یار دوستوں سے ملنا جلنا کم رہے گا۔ ان سے وابستہ کام بھی حل نہ ہو سکیں گے۔

سعد تاریخیں	12-17-21
نحس تاریخیں	4-11-24
لکی نمبر	0-2

عرصہ حکومت	23 جولائی تا 23 اگست
منسوبی کوکب	شمس
منسوبی حرف	م
خوش قسمت اعداد	9'6'5'1
خوش قسمت پتھر	یاقوت، مرجان
خوش قسمت دن	اتوار، منگل، بدھ
خوش قسمت رنگ	سنہرا، سبز، سرخ

یکم تا 8 مارچ

کاروبار سے منسلک افراد کے کام میں نسبتاً بہتری آتی نظر آرہی ہے۔ کاروبار سے ہونے والے منافع میں بھی اضافہ ہوگا۔ بہن بھائیوں کے ساتھ ناراضگی ہے تو وہ دور ہوجائے گی اور تعلقات میں بہتری آئے گی۔ اگر ان سے وابستہ کوئی کام ہیں تو ان سے نرمی سے پیش آئیں، آپ کا کام ہوجائے گا۔ ساس کے ساتھ تعلقات میں خرابی آتی نظر آرہی ہے۔ عمر میں بڑے لوگوں سے وابستہ کام اُمید کے مطابق حل نہ ہوسکیں گے۔ حکومتی عہدیداروں سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو کوشش سے وہ حل ہوجائیں گے۔ معاشرے میں آپ کی عزت میں بہتری آئے گی۔ زمین ومکان کی خرید وفروخت کے حوالے سے اچھا وقت نہیں۔

9 تا 16 مارچ

کاروباری افراد کے کام میں کمی آئے گی۔ نیز کاروبار سے حاصل ہونے والا منافع بھی کم رہے گا۔ بڑے بہن بھائیوں سے وابستہ اگر کوئی کام ہے تو وہ آسانی سے حل ہوجائے گا۔ سفر کے لیے جاتے ہیں تو اپنے سامان کے دھیان رکھیں، چوری ہونے کا اندیشہ ہے۔ خاندان کے لوگوں کے ساتھ تعلقات میں خرابی آئے گی۔ انعامی سکیمیں، بانڈ نمبر کھیلتے ہیں تو ان سے فائدہ حاصل کرتے نظر آرہے ہیں۔ ماموں اور خالہ یا ان کے بچوں سے ملاقات ہوگی۔ زمین یا مکان کی خرید وفروخت کی کوشش کرتے ہیں تو بات پکی نہ ہوسکے گی۔ مزدوری کرنے والے افراد کے کام میں بہتری آئے گی۔ ہمسایوں کے ساتھ اَن بن متوقع ہے۔

17 تا 24 مارچ

پیسے کمانے کے مختلف طریقے آپ کے ذہن میں آئیں گے۔ علاوہ ازیں آپ کے مالی حالات بھی خوشگوار رہیں گے۔ اُمیدوں اور خواہشات کی تکمیل کے لیے مناسب وقت ہے۔ آسان ذرائع سے آمدن حاصل کرنے والے افراد کو فائدہ ہوگا۔ لیکن لالچ کی وجہ سے نقصان کا اندیشہ بھی ہے۔ شریک حیات کی ہر چھوٹی چھوٹی بات پر نقطہ چینی نہ کریں اس کی وجہ سے تعلقات میں خرابی آئے گی۔ قرض دی ہوئی رقم واپس ملنے کی اُمید کرنا فضول ہے۔ بینکوں سے وابستہ معاملات آسانی سے حل ہوجائیں گے۔ نیز اکاؤنٹ کھلوانے کے لیے بھی اچھا وقت ہے۔

25 تا 31 مارچ

دماغی پریشانی ہے تو وہ بھی دور ہوجائے گی۔ تعمیراتی کام کرنے کے لیے سعد وقت ہے۔ کاروبار سے وابستہ افراد کو اُمیدوں کے مطابق فائدہ حاصل نہ ہوسکے گا۔ شریک حیات کے ساتھ ناراضگی رہے گی۔ یار دوستوں کے ساتھ وقت گزرے گا۔ غیر ضروری گفتگو سے گریز کریں۔ آپ کی توجہ پڑھنے لکھنے کی طرف زیادہ رہے گی۔ علاوہ ازیں اس سلسلے میں اُستاد اور بزرگ سے ملاقات بھی کریں گے۔ سیر وتفریح کے لیے جانا ہوگا۔ دماغی بے چینی اور قوت میں کمی آئے گی۔ صحت کے معاملات پر خاص طور سے توجہ دیں۔ نوکری سے وابستہ معاملات میں خاص احتیاط برتیں، آپ سے کوئی ایسی غلطی سرزد ہوسکتی ہے جو آپ کی نوکری کو خطرے میں ڈال دے۔

سعد تاریخیں	2-11-15-19-29
نحس تاریخیں	7-25
لکی نمبر	5-6

سنبلہ

عرصہ حکومت	24 اگست تا 22 ستمبر
منسوبی کوکب	عطارد
منسوبی حروف	پ، غ
خوش قسمت اعداد	6'5'3
خوش قسمت پتھر	پنا' پکھراج' ہیرا
خوش قسمت دن	بدھ' جمعرات' جمعہ
خوش قسمت رنگ	سبز' پیلا' سفید

یکم تا 8 مارچ

آپ کے مالی حالات میں بہتری آتی نظر آرہی ہے۔ ملازمت پیشہ افراد کو کام میں اگر کسی پریشانی کا سامنا ہے تو وہ پریشانی بھی دور ہوجائے گی۔ اُستاد اور روحانی بزرگ سے ملاقات کرنا آپ کے لیے فائدہ مند رہے گا۔ کاروبار سے وابستہ افراد تجارت کے سلسلے میں اندرون ملک سفر کرنا چاہتے ہیں تو یہ آپ کے لیے فائدہ مند نہ رہے گا۔ آپ کے اپنے بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات میں خرابی آئے گی، نیز ان سے ملنا جلنا بھی کم رہے گا۔ ملازمین سے وابستہ کام کے حل میں دشواری کا سامنا کرنا پڑے گا۔ قرضہ لینا چاہتے ہیں تو آپ کو ملتا نظر نہیں آرہا۔ قانونی نوعیت کے درپیش مسائل ہیں تو ان کا فیصلہ آپ کے حق میں ہوگا۔

9 تا 16 مارچ

مالی حالات میں خرابی آتی نظر آرہی ہے۔ ضروریات کو پورا کرنے کے لیے آپ کو اپنی جمع پونجی استعمال کرنا پڑے گی۔ وراثتی معاملات بھی آپ کے لیے پریشانی کا باعث بنیں گے۔ ملازمت پیشہ افراد کو کام میں کسی قسم کا مسئلہ پیش آئے تو ان کو چاہیے کہ افسران سے رابطہ کریں وہ اس کا بہتر حل نکال دیں گے۔ غیر ضروری سفر سے گریز کریں، حادثہ ہونے کا خدشہ ہے۔ یار دوستوں سے میل جول زیادہ ہوگا۔ اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے طالب علموں کی توجہ تعلیم کی طرف کم رہے گی۔ پچھلے کچھ دنوں میں اگر کوئی چیز گم ہوئی تھی وہ واپس مل جائے گی۔ دشمنوں سے مقابلے کی پوزیشن میں رہیں گے۔ ان کی طرف سے پریشان ہونے کی کوئی ضرورت نہیں۔

17 تا 24 مارچ

کاروبار کے آغاز کے لیے اچھا وقت ہے۔ ذہنی سکون بھی ملے گا۔ ساس اور شریک حیات کے ساتھ ناراضگی پیدا ہوتی نظر آرہی ہے۔ اولاد کے ساتھ گھومنے پھرنے کے لیے جائیں گے۔ فضول اخراجات میں خاطر خواہ کمی آنے کی توقع ہے۔ قانونی

نوعیت کے معاملات کو حل کروانے کی کوشش جاری رکھیں، رواں عرصہ میں بہتر نتائج آئیں گے۔ گھر کرایہ پر چڑھانے کے لیے مناسب وقت نہیں ہے۔

25 تا 31 مارچ

پودوں اور پھولوں میں دلچسپی لیں گے۔ علوم مخفی میں دلچسپی بڑھے گی اور اس حوالے سے معلومات بھی اکٹھی کریں گے۔ صحت کے حوالے سے آپ کو چند ایک پریشانیوں کا سامنا رہے گا۔ اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے طالب علموں کی توجہ پوری طرح تعلیم پر نہ ہوگی۔ یار دوستوں سے ملنا جلنا رہے گا۔ نئے دوست بنائیں گے اور پرانوں سے بھی ملاقات ہوگی۔ انعامی سکیمیں، میچ وغیرہ کھیلنا آپ کے لیے فائدہ مند نہ رہے گا۔ کنجوسی کا مظاہرہ کریں گے جس کی وجہ سے آپ کی عزت خراب ہوگی۔ پانی کا استعمال نہ کرنا، صحت میں خرابی کا باعث بن سکتا ہے۔ آپ کی توجہ عورتوں سے وابستہ کاموں کی طرف زیادہ رہے گی۔ شراکتی کام کے آغاز کے لیے اچھا وقت ہے۔ علاوہ ازیں شریک کار بھی اپنا کام نیک نیتی سے کرے گا۔

سعد تاریخیں	12-17-21
نحس تاریخیں	2-9-15-29
لکی نمبر	2-4

میزان

عرصہ حکومت	23 ستمبر تا 23 اکتوبر
منسوبی کوکب	زہرہ
منسوبی حروف	ت، ر، ط
خوش قسمت اعداد	9'6'4'1
خوش قسمت پتھر	ہیرا، سفید موتی
خوش قسمت دن	جمعہ، اتوار، منگل
خوش قسمت رنگ	پیلا، نارنجی، گندمی

یکم تا 8 مارچ

انعامی سکیمیں، لاٹری، جوا، بانڈ وغیرہ کھیلتے ہیں تو آپ کو اس میں فائدہ ہوتا نظر آرہا ہے۔ آپ کی توجہ اپنی ذات پر زیادہ رہے گی۔ قرضہ لینا چاہتے ہیں تو کوشش کریں، آپ کو ملتا نظر آرہا ہے۔ نیز اس سلسلے میں اپنے بہن بھائیوں سے بھی رجوع کریں۔ کاروبار سے وابستہ افراد کو کام میں چند ایک مسائل کا سامنا ہوگا۔ آپ کو اپنی خواہشات کی تکمیل میں چند ایک پریشانیوں کا سامنا ہوگا۔ وراثت وغیرہ کا مسئلہ ہے تو کوشش کریں وہ حل ہو جائے گا۔ عمر میں بڑے لوگوں سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو وہ مقررہ وقت پر حل نہ ہوسکیں گے۔ شریک حیات کے ساتھ تعلقات میں اونچ نیچ رہے گی۔

9 تا 16 مارچ

مسائل اور شریک حیات کے ساتھ تعلقات میں اونچ نیچ رہے گی۔ سیر و تفریح کے لیے جائیں گے۔ کاروبار کا آغاز کرنے کے لیے موزوں تاریخیں نہیں۔ اگر کاروبار کی شروعات کی گئی تو فائدہ کم اور نقصان زیادہ ہوگا۔ سفر کرنے کے لیے بہتر وقت ہے نیز آپ کا مقصد بھی پورا ہو جائے گا۔ سفر کے دوران اگر آپ خود ڈرائیونگ کرتے ہیں تو حادثہ کا خدشہ ہے۔ اس لیے بہتر یہی ہے کہ ہوائی جہاز، ریل یا بس کے ذریعے مطلوبہ جگہ پر جائیں۔ آپ کی خواہشات پوری ہوتی نظر آرہی ہیں۔ عبادات کی طرف رجحان بڑھے گا۔ مالی معاملات کے حوالے سے دشواری کا سامنا کرنا پڑے گا۔ ہمسایوں سے میل ملاقات ہوگی۔ دشمنوں سے مقابلے کی پوزیشن میں رہیں گے۔

17 تا 24 مارچ

آسان ذرائع سے آمدن کی خواہش پوری ہوتی نظر نہیں آرہی۔ اخراجات میں کمی واقع ہوگی۔ تعلیم کے سلسلے میں بیرون ملک اپلائی کرتے ہیں تو آپ کو کامیابی ملنے کے واضح امکانات ہیں۔ آپ اپنا مال فلاحی کاموں میں خرچ کریں گے۔ ملازمین پر زیادہ اعتبار نہ کریں ورنہ پریشانی اٹھانی پڑے گی۔ اُمیدیں اور خواہشات پوری ہو جائیں گی۔ صحت کے حوالے سے لاپرواہی برتتے نظر آرہے ہیں۔ اُستادوں سے کافی کچھ نیا سیکھنے کو ملے گا۔ قرض کی ادائیگی کرنے کی توقع ہے۔

25 تا 31 مارچ

اُدھار پیسے یا کوئی اشیاء دی ہوئی ہے تو واپسی کے امکانات نظر نہیں آتے۔ گھریلو زندگی قدرے پریشان کن رہے گی۔ آپ کی توجہ انعامی سکیمیں کھیلنے کی طرف رہے گی، لیکن آپ کوئی بڑا انعام جیت نہ سکیں گے۔ ذاتی یا کرایہ کے امکان کی تلاش کریں گے۔ لیکن کوئی خاطر خواہ کامیابی نہ مل سکے گی۔ مستقل بیماری کا شکار ہیں تو احتیاط کی خاص ضرورت ہے۔ بیماری زور پکڑتی نظر آتی ہے۔ فنون لطیفہ میں دلچسپی بڑھے گی۔ شریک حیات کے ساتھ ناراضگی تھی تو وہ دور ہو جائے گی۔ آپ حادثے کا شکار ہوتے نظر آرہے ہیں لیکن کوئی خطرناک چوٹ نہیں لگے گی۔ ہمسایوں و رشتے داروں سے میل جول ہوگا۔ ملازمین سے وابستہ توقعات جلد پوری ہو جائیں گی۔ شریک کار سے کسی مالی مدد یا کاروبار میں

شوگر اُن امراض میں سے ہے جن کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ انسانی جسم کو کھا جاتی ہیں ان میں سے سب سے نمایاں شوگر کا مرض ہے۔ روبی کی معدنی خصوصیات اور اس کی لہروں کی قوت کے حوالے سے یہ مانا گیا ہے کہ بلڈ شوگر جیسے امراض میں یہ دوا کے ساتھ دعا کا بھی کام کرتی ہے۔ سو شوگر کے مریض اس کو استعمال کریں اللہ کی ذات سے توقع ہے فائدہ اور صحت ہوگی۔

سرمایہ کاری کی توقع نہ رکھیں۔ کاروبار میں بڑے بہن بھائیوں یا یار دوستوں کی مدد درکار ہو تو وہ ہر وقت آپ کا ہاتھ بٹانے کے لیے تیار رہیں گے۔

سعد تاریخیں	2-7-15-19-29
نحس تاریخیں	4-11
لکی نمبر	3-7

عقرب

عرصہ حکومت	24 اکتوبر تا 22 نومبر
منسوبی کواکب	مریخ، پلوٹو
منسوبی حروف	ذ، ز، ض، ظ، ن
خوش قسمت اعداد	8،3،2،1
خوش قسمت پتھر	مرجان، روبی
خوش قسمت دن	اتوار، پیر، منگل، جمعرات
خوش قسمت رنگ	لال، سفید، کریم کلر

یکم تا 8 مارچ

آپ کے اپنی ساس کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی۔ اگر خاندان کے دوسرے لوگوں سے ناراضگی ہے تو وہ بھی دور ہوتی نظر آتی ہے۔ حکومتی اداروں سے وابستہ اگر کوئی کام درپیش ہیں تو وہ حل ہوتے نظر نہیں آ رہے۔ ذاتی کاروبار کرنے والے حضرات کو کام میں چند ایک پریشانیوں کا سامنا ہوگا۔ شریک حیات کے ساتھ تعلقات میں نسبتاً بہتری آئے گی، ان کے ساتھ سیر و تفریح کے لیے بھی جائیں گے۔ لڑائی جھگڑے جیسے کاموں سے دور رہیں، آپ کو چوٹ لگنے کا اندیشہ ہے۔ صحت کے حوالے سے چند ایک پریشانیوں کا سامنا ہوگا۔ آپ کے اخراجات میں کمی آئے گی۔

9 تا 16 مارچ

خفیہ دشمن اور مخالف آپ کو نقصان پہنچانے اور آپ کے کاموں میں رکاوٹ بنتے نظر آ رہے ہیں۔ جسمانی اور ذہنی سکون کے لیے آپ کو روحانی علاج کی ضرورت ہے۔ گھریلو حالات خراب رہیں گے۔ ساس اور شریک حیات دونوں کے ساتھ ناراضگی رہے گی۔ اولاد کو لے کر کسی قسم کی پریشانی تھی تو وہ دور ہو جائے گی۔ مالی حالات بہتر رہیں گے۔ لیکن اس کے ساتھ ساتھ اخراجات میں اضافہ بھی ہو گا۔ جس کی وجہ سے آپ مالی حالات میں بہتری محسوس نہ کر سکیں گے۔ سیر و تفریح کے لیے جائیں گے۔ یار دوستوں اور رشتے داروں سے ملنا جلنا ہوگا۔ عبادات کی طرف رجحان زیادہ رہے گا اور سکون بھی میسر آئے گا۔

17 تا 24 مارچ

کپڑوں کی خریداری کے لیے جائیں گے۔ انشورنس کے امور کو سر انجام دینے کے لیے موزوں وقت ہے۔ وراثتی مکان یا جائیداد کا مسئلہ زیر بحث آئے گا۔ اس حوالے سے جو بھی نتائج آئیں گے وہ آپ کے حق میں بہتر ہوں گے۔ گودام یا سٹور سے سامان چوری ہونے کا اندیشہ ہے۔ ساس کے ساتھ تعلقات میں خرابی کا اندیشہ ہے۔ گفتگو سوچ سمجھ اور جگہ دیکھ کر کریں، ورنہ آپ کو پریشانی کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ یار دوستوں اور بہن بھائیوں سے ملنے کے لیے جائیں گے۔ خواہشات کو عملی شکل دینے کے لیے بہترین وقت ہے۔ انعامی سکیمیں، بانڈ وغیرہ کھیلنے سے کوئی خاص فائدہ نہ ہوگا۔

25 تا 31 مارچ

گھریلو معاملات تناؤ کا شکار رہیں گے۔ علاوہ ازیں آپ کو خاندان کے دوسرے افراد کی وجہ سے پریشانی کا سامنا رہے گا۔ مخالفین خفیہ سازشیں کریں گے۔ دشمنوں اور مخالفوں کو کمزور سمجھنا بے وقوفی ہوگی۔ کاروبار کے فیصلے کرتے وقت کسی کے دباؤ کا شکار ہونا نقصان دے رہے گا۔ اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے طالب علموں کی توجہ تعلیم کی طرف زیادہ رہے گی۔ علوم مخفی اور دیگر علوم میں دلچسپی بڑھے گی۔ انعامی سکیمیں، جوا وغیرہ کھیلنا آپ کے لیے فائدہ مند رہے گا۔ اندرون ملک اور شہر سفر کرتے ہیں تو اپنے سامان کی حفاظت کریں، چوری ہونے کا اندیشہ ہے۔ گفتگو زیادہ کریں گے۔ مشروبات اور عطریات کا استعمال کریں گے۔ اولاد کے ساتھ معاملات میں بہتری آئے گی اور آپ کے حکم کی تکمیل بھی کرے گی۔ منگنی و نکاح کے لیے اچھا وقت نہیں۔

سعد تاریخیں	2-17-21-29
نحس تاریخیں	7-19
لکی نمبر	3-7-9

قوس

عرصہ حکومت	23 نومبر تا 21 دسمبر
منسوبی کوکب	مشتری
منسوبی حرف	ف
خوش قسمت اعداد	5،3،1
خوش قسمت پتھر	پکھراج، پنا، روبی
خوش قسمت دن	بدھ، جمعرات، اتوار
خوش قسمت رنگ	پیلا، ہلکا زرد

یکم تا 8 مارچ

ملازمت سے وابستہ افراد کو کام میں اگر کسی پریشانی کا سامنا ہے تو وہ مسئلہ حل ہوتا نظر آ رہا ہے۔ بہن بھائیوں اور رشتے داروں سے ناراضگی ہے تو وہ دور ہو جائے گی اور تعلقات میں بہتری آئے گی۔ یار دوستوں اور رشتے داروں سے ملنا جلنا بھی ہو گا۔ قانونی نوعیت جیسے مسائل کا شکار ہیں تو اس کا فیصلہ اگر اس عرصے میں ہوتا ہے تو وہ آپ کے لیے بہتر ثابت نہ ہوگا۔ آپ کے اخراجات میں اضافہ ہو گا، سیر و تفریح کے کافی پلان بنائیں گے۔ لیکن چند ایک دفعہ ہی جا سکیں گے۔ ننھیالی رشتے داروں سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو وہ حل ہو جائیں گے۔ اعلیٰ

راٹھور وقتی نجوم

علم نجوم کے موضوع پر چند ہی کتب دستیاب ہیں۔ جہاں تک وقتی نجوم کا تعلق ہے تو اس پر قابل اعتماد مواد اور کتب کا اُردو زبان میں انتہائی فقدان ہے۔ خالد اسحاق راٹھور، ایڈیٹر، راہنمائے عملیات نے اپنے طویل تجربے کی روشنی میں علم نجوم کی ایک اہم شاخ ''وقتی نجوم'' پر یہ کتاب تحریر کی ہے۔ وہ طالب جو اس حوالے سے کتاب کی تلاش میں سرگرداں تھے، اب اِن کو وقتی نجوم کے موضوع پر عظیم خزانے سے بڑی نعمت اِس کتاب کی شکل میں دستیاب ہوگئی ہے۔ نجوم کے ہر ماہر اور طالب علم کو اس کتاب کا مطالعہ مفید اور نئی سمت دینے کا سبب بنے گا۔ علم کے متلاشیوں کے لیے ایک خزانہ۔

تعلیم حاصل کرنے والے طالب علموں کی توجہ تعلیم کی طرف کم رہے گی۔ دوسروں کی مدد کر کے خوشی ملے گی۔

9 تا 16 مارچ

انعامی سکیمیں، بانڈ نمبر وغیرہ کھیلتے ہیں تو اس سے کوئی مالی فائدہ حاصل نہ کر سکیں گے۔ غیر ضروری اخراجات میں اضافہ ہوتا نظر آ رہا ہے۔ ملازمت پیشہ افراد کو کام کے حوالے سے پریشانی کا سامنا کرنا پڑے گا۔ کاروباری افراد کے کام میں بہتری آئے گی۔ گھر کی تزئین و آرائش کی طرف رجحان رہے گا۔ ساس کے ساتھ ناراضگی تھی تو وہ دور ہو جائے گی۔ حکومتی افسران سے وابستہ اگر کوئی مسائل ہیں تو وہ ان دنوں میں حل ہو جائیں گے۔ لوگوں سے بہت زیادہ اُمیدیں وابستہ نہ کریں یہ آپ کے کام نہیں کریں گے۔ ظاہری اور خفیہ دشمن دونوں آپ کے لیے مسائل پیدا کرتے نظر آ رہے ہیں۔ شریک حیات کے ساتھ تعلقات بہتر رہیں گے۔ سیر و تفریح کا پلان بنائیں گے لیکن جا نہ سکیں گے۔

17 تا 24 مارچ

عبادات کی طرف رجحان زیادہ رہے گا نیز اس بارے میں شریک حیات کو بھی ہدایت دیں گے۔ لوگوں کی نظر میں عزت و مقام اونچا رہے گا۔ چھوٹے بہن بھائیوں سے منقطع رہیں گے۔ گھر کی تزئین و آرائش کے بارے میں سوچیں گے لیکن اس حوالے سے کوئی حتمی فیصلہ نہ کر پائیں گے۔ کمپیوٹر کا غیر ضروری استعمال کریں گے۔ اندرون ملک سفر کے دوران اشیاء گم یا چوری ہونے کا اندیشہ ہے۔ علوم مخفی کی طرف رجحان رہے گا۔ اس بارے میں مزید راہنمائی حاصل کرنے کے لیے کوشاں رہیں گے۔ (ہمارے ادارے کی کتب اور کورسز سے آپ مستفید ہوسکتے ہیں)۔

25 تا 31 مارچ

آپ کو اپنی والدہ اور ننھیالی رشتے داروں سے مدد ملنے یا حسب خواہش راہنمائی ملنے کی توقع نہیں ہے۔ دوسری شادی کے خواہش مند ہیں تو اس عرصے میں رشتہ ملنے کی توقع ہے۔ رواں دنوں میں دیگر مصروفیات کے ساتھ ساتھ سیر و تفریح کی طرف بھی دھیان رہے گا۔ اپنے اخراجات پر کافی حد تک قابو پالیں گے۔ اچھے خواب اور خیالات آئیں گے۔ یہ وقت دوسرے لوگوں کے ساتھ بلاوجہ کی بحث و تکرار لے کر آئے گا۔ کوشش کریں ہر فرد کے ساتھ بحث میں نہ پڑیں۔ زراعت سے منسلک افراد کے لیے اچھا وقت ثابت ہوگا۔ مذہبی کاموں میں رجحان بڑھے گا۔ مندرجہ بالا عرصے کے دوران اگر آپ حالت سفر میں خصوصاً اپنے شہر سے باہر گھوم پھر رہے ہیں تو حد درجہ محتاط رہیں۔

سعد تاریخیں	2-7-11-19-24-29
نحس تاریخیں	9-15
لکی نمبر	1-3-4

عرصہ حکومت	22 دسمبر تا 19 جنوری
منسوبی کوکب	زحل

منسوبی حروف	خ، ج، گ
خوش قسمت اعداد	8'6'5
خوش قسمت پتھر	نیلم ہیرا
خوش قسمت دن	بدھ، جمعہ، ہفتہ
خوش قسمت رنگ	نیلا، سفید، سبز

یکم تا 8 مارچ

ذاتی کاروبار کرنے والے افراد کے کام میں بہتری آتی نظر آ رہی ہے، لیکن شراکتی کاروبار سے وابستہ افراد کے کام میں کوئی تبدیلی نہ آئے گی۔ اولاد کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی۔ اولاد اور شریک حیات کے ساتھ سیر و تفریح کے لیے بھی جائیں گے۔ عمر میں بڑے لوگوں سے وابستہ اگر کوئی کام درپیش ہیں تو وہ حل نہ ہوسکیں گے۔ انعامی سکیمیں، لاٹری وغیرہ کھیلنا آپ کے لیے فائدہ مند رہے گا۔ یار دوستوں سے ملنا جلنا کم رہے گا۔ زمین و جائیداد وغیرہ کی خرید و فروخت کرنا آپ کے لیے فائدہ مند ثابت نہ ہوگا۔ معاشرے میں اور لوگوں کی نظر میں آپ کی عزت پہلے کی طرح برقرار رہے گی۔

9 تا 16 مارچ

مالی حالات بہتر رہیں گے۔ سواری کی مرمت پر اخراجات ہوں گے۔ وہ افراد جو نئی سواری خریدنا چاہتے ہیں ان کی یہ خواہش پوری نہ ہوسکے گا۔

قانونی مسائل کا شکار ہیں تو کوشش کرنے پر یہ مسائل حل ہوسکتے ہیں۔ سفر کے امکانات بھی ہیں۔ کاروباری افراد کو کام کے حوالے سے پریشانی کا سامنا کرنا پڑے گا۔ لیکن اگر یہ کام میں بہتری کے حوالے سے نئی سکیمیں بنائیں تو نقصان اور پریشانی کم ہوگی۔ وہ افراد جو ملٹی نیشنل فرموں اور کمپنیوں میں نوکری حاصل کرنے کی کوششیں کر رہے ہیں، ان کو کامیابی ملنے کی توقع ہے۔ انٹرلیول اور اس سے کم درجے کی تعلیم حاصل کرنے والے طالب علموں کا دھیان تعلیم کی طرف کم رہے گا۔ دشمنوں کی طرف سے کسی قسم کی پریشانی کا اندیشہ نہیں۔

17 تا 24 مارچ

مالی معاملات میں آپ کو تھوڑی بہت تنگی کا سامنا کرنا پڑے گا۔ صحت کے حوالے سے پریشانی کی کوئی بات نہیں۔ آپ تندرست ہوتے نظر آ رہے ہیں۔ وراثتی مکان یا جائیداد کا مسئلہ رواں دنوں میں زیر بحث آتا ہے تو اس کا کافی حد تک فیصلہ آپ کی اُمید کے مطابق ہوگا۔ وہ افراد جو نوکری کی تلاش میں ہیں ان کو چاہیے کہ اپنی کوششوں کو اور تیز کر دیں، انشاء اللہ آپ کو ملازمت مل جائے گی۔ اندرون ملک سفر کے دوران احتیاط برتیں، سامان کھونے کا زیادہ اندیشہ ہے۔ عبادتوں کی طرف رجحان رہے گا۔ مذہبی کتابوں میں بھی دلچسپی دیں گے۔ ماں کے بہن بھائیوں سے ملاقات ہوگی۔ سوتے میں برے خواب آئیں گے۔

25 تا 31 مارچ

کاروباری مفادات کے حوالے سے یہ ایسا وقت ہے جب آپ ذاتی کاوش کی بجائے کسی دوسرے خصوصاً شریک حیات یا شریک کار وغیرہ کے کندھے پر رکھ کر بندوق چلائیں اور مفاد حاصل کریں۔ ذہنی پریشانی کا شکار رہیں گے۔ کسی ایک فیصلہ پر پہنچنا آپ کے لیے مشکل ہوگا۔ حکومتی اور صاحب حیثیت لوگوں سے محتاط رہیں۔ اپنے بچوں کی صحت و تندرستی کو لازمی مدنظر رکھیں۔ خصوصاً کم عمر بچوں کے بیمار ہونے وغیرہ کا امکان ہے۔ اگر اس وقت وراثت یا کسی پرانی جائیداد یا رقم کی تقسیم کا مسئلہ ہے تو اس کو ٹالیں مت، مطلوبہ نتائج حاصل ہونے کے امکانات کافی ہیں۔ انعامی سکیموں، لاٹری وغیرہ سے بڑا انعام نکلنے کی توقع نہیں ہے۔ خفیہ دشمنوں پر حاوی رہیں گے۔ اندرون ملک سفر کے لیے جانا ہو گا۔ یہ سفر کاروبار، نوکری کے سلسلے میں بھی ہوسکتا ہے اور گھریلو مسائل کی وجہ سے بھی کرنا پڑسکتا ہے۔

سعد تاریخیں	7-12-21
نحس تاریخیں	11-24
لکی نمبر	1-3-4

دلو

عرصہ حکومت	20 جنوری تا 18 فروری
منسوبی کواکب	زحل، یورانس
منسوبی حروف	س، ش، ث، ص
خوش قسمت اعداد	8,6,3
خوش قسمت پتھر	نیلم، پکھراج، ہیرا
خوش قسمت دن	جمعرات، جمعہ، ہفتہ
خوش قسمت رنگ	نیلا، گلابی، ہرا

یکم تا 8 مارچ

آپ کے اپنی ساس کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی۔ آپ کا رجحان مذہبی کاموں کی طرف زیادہ رہے گا۔ قانونی نوعیت کے مسائل در پیش ہیں تو کوشش کریں حل ہو جائیں گے۔ کاروبار سے منسلک افراد کو کام میں پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑے گا۔ اندرون ملک سفر کرنا چاہتے ہیں تو وہ ممکن نہیں۔ ملازمین سے وابستہ کام مقررہ وقت پر حل نہ ہو سکیں گے۔ حکومتی عہدیداروں سے وابستہ کام حل نہ ہو سکیں گے۔ خاندانی یا ذاتی زمینیں ہیں تو اس سے فائدہ ہوتا نظر آ رہا ہے۔ انٹر اور اس سے کم درجے کی تعلیم حاصل کرنے والے طالب علموں کی توجہ تعلیم کی طرف زیادہ رہے گی۔

9 تا 16 مارچ

گھریلو معاملات میں اونچ نیچ رہے گی۔ کاروبار سے وابستہ افراد کو کام سے کوئی خاص فائدہ حاصل نہ ہوسکے گا۔ کسی کو رقم قرض دی ہوئی ہے تو اس کے واپس ملنے کے امکانات بن رہے ہیں۔ سفر کرنے سے گریز کریں، مقصد میں کامیابی نہ مل سکے گی۔ حادثہ کا بھی خدشہ ہے۔ انعامی سکیمیں، لاٹری کی طرف رجحان بڑھے گا، نیز کامیابی ملنے کی توقع بھی ہے۔ مالک مکان سے مکان کی مرمت یا کرایہ کا مسئلہ چل رہا ہے تو وہ حل نہ ہو سکے گا۔ لڑائی جھگڑے کریں گے۔ دشمنوں میں اضافہ ہوتا نظر آ رہا ہے۔ طالب علموں کی توجہ تعلیم کی طرف پوری طرح نہ ہوگی، یہ کتابیں پڑھنے میں تھکاوٹ محسوس کریں گے۔ خواہشات کو پورے کرنے کے لیے کافی محنت کریں گے۔

17 تا 24 مارچ

منگنی، نکاح کرنے کے لیے سعد وقت ہے۔ انعامی بانڈ، گھڑ سواری کے شوقین کے پاس وقت ہے کہ سب وہ ان کاموں سے مالی فائدہ حاصل کر سکتے ہیں۔ آپ کی توجہ شریک حیات کی طرف زیادہ رہے گا۔ نیز شریک کار کا حکم بھی زیادہ مانیں گے۔ اخلاقیات کے دائرہ سے باہر نکل کر گفتگو کریں گے۔ بیماری کا شکار ہیں تو صحت یاب ہو جائیں گے۔ اُمیدوں کو پورا کرنے کی کوششوں کا کوئی نتیجہ نہ نکل سکے گا۔ رشتے داروں کے ساتھ سیر و تفریح کے لیے جائیں گے۔ میٹرک اور اس سے کم درجے کی تعلیم حاصل کرنے والے طالب علموں کا تعلیم کی طرف دھیان کم رہے گا۔

25 تا 31 مارچ

ذاتی اور ذہنی دباؤ کا شکار رہیں گے۔ کاروبار چاہے شراکتی ہو یا ذاتی، محنت اور جدوجہد کریں، فائدہ ہوگا۔ غیر ضروری اخراجات ہوں گے۔ یہ اخراجات

عمر میں بڑے لوگوں کی وجہ سے بھی ہو سکتے ہیں۔ رواں دنوں میں تعلیمی نتائج آتے ہیں تو وہ آپ کے لیے مسرت کا باعث نہ بنیں گے۔ اپنی اولاد کے معاملات پر خصوصی توجہ دیں۔ وہ افراد جو نوکری کی تلاش میں ہیں ان کو چاہیے کہ محنت جاری رکھیں۔ ملازمت کی آفر ملنے کی توقع ہے۔ خفیہ دشمنوں کی سازشوں کا شکار ہوتے دکھائی دے رہے ہیں۔ شادی کے خواہش مند خواتین وحضرات کو اس عرصے میں رشتے ملنے کے امکانات ہیں۔ تعلیم کے حوالے سے بیرون ملک جانا چاہتے ہیں تو اس میں آسانیاں پیدا ہوں گی۔

سعد تاریخیں	2-7-11-15-24-29
نحس تاریخیں	19-25
لکی نمبر	0-1-8

حوت

عرصہ حکومت	19 فروری تا 20 مارچ
منسوبی کواکب	مشتری، نیپچون
منسوبی حروف	ج، د
خوش قسمت اعداد	9، 6، 3
خوش قسمت پتھر	پکھراج، مرجان، مونگا
خوش قسمت دن	منگل، جمعرات، جمعہ
خوش قسمت رنگ	ہلکا براؤن، لال، نارنجی

یکم تا 8 مارچ

قرضہ لینا چاہتے ہیں یا کوشش کر رہے ہیں تو رواں عرصے میں اپنی کوشش کو جاری رکھیں، آپ کا کامیابی ملتی نظر آ رہی ہے۔ بیرون ملک سفر کرنا چاہتے ہیں تو وہ ممکن نہیں ہے۔ وراثت وغیرہ کا مسئلہ ہے تو کوشش کریں وہ حل ہو جائے گا۔ آپ کے اخراجات قابو میں آتے نظر آ رہے ہیں۔ آپ کا انداز گفتگو لوگوں کے ساتھ سخت رہے گا، جس کی وجہ سے اکثر کام حل نہ ہو سکیں گے۔ آپ کا کامیابی مل جائے گی۔ ننھیالی رشتے داروں سے وابستہ کام حل نہ ہو سکیں گے۔ فلاحی کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں گے۔ تعلیم کے حوالے سے بیرون ملک جانا چاہتے ہیں تو اس میں آسانیاں پیدا ہوں گی۔

9 تا 16 مارچ

قانونی معاملات اور وراثتی معاملات مزید پیچیدگیاں اختیار کرتے نظر آئیں گے۔ اگر قانونی مقدمات کا حل نکلا بھی تو آپ کے لیے بہتر نہ ہوگا۔ غیر ضروری گفتگو سے باز رہیں، کیونکہ آپ کی زبان سے ایسے الفاظ نکل سکتے ہیں جو آپ کو لوگوں کی نظر میں برا بنا دیں۔ کاروبار سے وابستہ افراد کا کام چلتا رہے گا، لیکن ان کے لیے بہتر ہے کہ نئی سکیمیں بنائیں جس کے ذریعے ان کی دکانداری بڑھے گی۔ خاندان کے لوگوں سے ملنا جلنا ہوگا۔ شریک حیات اور سسرال کے ساتھ بھی تعلقات بہتر رہیں گے۔ چھوٹے بہن بھائیوں کی وجہ سے اخراجات میں اضافہ ہوگا۔ عمر میں بڑے لوگوں اور حکومتی افسران سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو وہ حل ہو جائیں گے۔ شادی بیاہ کی تقریبات میں شرکت کریں گے۔

17 تا 24 مارچ

کاروبار میں بہتری کے حوالے سے آپ کے ذہن میں عمدہ خیالات آئیں گے۔ لیکن آپ کے وسائل اس بات کی اجازت نہ دیں گے۔ گھریلو سکون میسر آئے گا۔ نیز گھر کی تزئین و آرائش کے لیے بھی کام کریں گے وہ افراد جو نوکری کی تلاش میں ہیں اور کوشش بھی کر رہے ہیں ان کی یہ محنت رنگ لاتی نظر آ رہی ہے۔ حکومتی عہدیداروں سے خواہشات وابستہ کرنا بے کار ہے کیونکہ وہ آپ کے کسی کام نہ آ سکیں گے۔ ذہن میں برے خیالات آئیں گے۔ زیورات یا سواری وغیرہ کی خریداری کے لیے موزوں وقت ہے۔

25 تا 31 مارچ

اولاد اور شریک حیات کے ساتھ وقت گزارنے میں خوشی محسوس کریں گے۔ ان کے ساتھ کھانے پینے کے لیے جائیں گے۔ آپ کے تعلقات اپنے رشتہ داروں کے ساتھ خراب رہیں گے۔ مقبولیت میں اضافہ ہوگا۔ نوکری میں ٹرانسفر کی کوشش کر رہے ہیں تو رواں دنوں میں کافی امکانات ہیں کہ آپ کی ٹرانسفر ہو جائے۔ دشمن اس عرصے میں متحرک رہیں گے، اور آپ کو کسی نہ کسی طرح نقصان پہنچانے کی فکر میں لگے رہیں گے۔ خیرات، مذہبی معاملات اور اعلیٰ تعلیم کے حصول جیسے معاملات کو نمٹانے میں آسانی رہے گی۔ معاملاتِ عشق و محبت میں کامیابی ملنے کی توقع نہیں ہے۔ رتبے میں بڑے اور افسران آپ کے لیے آسانیاں پیدا کریں گے۔ آپ ان کی مدد لے کر اپنے معاملات کو حل کر پائیں گے۔ لوگوں کے ساتھ انداز گفتگو اچھے ماحول میں رہے گا۔

سعد تاریخیں	11-12-17
نحس تاریخیں	2-15-29
لکی نمبر	2-3-8

☆☆☆☆☆☆

مرجان

جوڑوں کا درد اور امراض

بیماری انسانی زندگی کا ایک اہم حصہ ہے۔ حالانکہ کوئی نہ کوئی بیماری اختتام زندگی کی طرف لے جاتی ہے۔ تاہم انسان کی کوشش اس بیماری سے نجات کی ہوتی ہے اسی طرح جوڑوں کے درد اور دیگر امراض میں مبتلا افراد کو مرجان سرخ کا استعمال کرنا چاہیے۔ مفید ثابت ہوگا۔ کم از کم سات کیرٹ کا ہو۔ چھوٹے دانے ہوں تو ایک سے زیادہ استعمال کریں۔

خالد روحانی لائبریری

500 سے زائد قدیم اور نایاب کتب آپ کی منتظر ہیں

نجوم، عملیات، تعویذات، روحانیات، تصوف، جفر، رمل، نفس، پامسٹری، حروف، حکمت، سحر، جنتر، منتر تنتر، ہمزاد، جادو، موکلات، رمل، اعداد، تسخیر اور دیگر موضوعات پر اردو، فارسی، عربی اور انگلش زبان میں قدیم و نایاب کتب کا ذخیرہ

نمبر	نام کتاب
147	مناجات مقبول مکمل
148	حزب البحر اسمائے عورتین
149	حزب الاعظم
150	وردِ اعظم شریف
152	شمس العارفین
153	راہِ نجات
154	مجموعہ اعمال اکابرو مشائخ 8 کتب اکٹھی
155	اعمال قرآنی مترجم
156	ہپناٹزم کا مکمل نصاب از شاد گیلانی
157	جفر الامام از شاد گیلانی
158	جفر بدوح یلین از شاد گیلانی
159	سرغیب مستحصلہ ابوطالبی از شاد گیلانی
160	سانس از شاد گیلانی
161	جفر الجامع خافیہ از شاد گیلانی
162	قاعدہ شاہ از شاد گیلانی
163	نکات جفر از شاد گیلانی
164	علم حروف کا الجبرا از شاد گیلانی
165	تنویم اور نفسیاتی علاج کی تاریخ
166	ریکھا دیا آئینہ تقدیر از کرتن کلدندھی
167	تصوف اسلام از عبدالماجد
168	اسرار النفس
169	مجرب آسمانی معروف تجربات انسانی
170	اگنی ہوتر از بال کرشن
171	سیر الافلاک
172	الکلام المبین فی معجزات سید المرسلین
173	کوک شاستر
174	اندر جال کلاں طلسمی
175	دعائے حزب البحر مترجم
176	تقویۃ الایمان از شاہ اسماعیل شہید
177	تقدیر کی تصویر
178	نیر اعظم
179	احکام وشانشوتری
180	اسرارِ حیات
181	اسرار آگہی آپ کا ہاتھ
182	بزم انجم
183	مجرب اعمال و تعویذات
184	نقش رحمانے • مہر سلیمانے
186	بیاض عملیات و تعویذات
187	کاشف الرموز
188	طلسمات عجائب از باوا شیام گہر سنیاسی
189	نقش مصطفائی
190	گنجینہ جواہرات
191	علم النفس از شفیق رامپوری
192	کتاب الدعاء
193	پیشن گوئیاں مکمل شاہ نعمت اللہ
194	علاج بذریعہ جنتر منتر تنتر
195	علم رمل از شاد گیلانی
196	دی نیو سائنس آف ہیلنگ
197	مفتاح النجوم
198	سلک معجز نما طب از شاد گیلانی
199	خزینہ رمل از شاد گیلانی
200	علاج شمسی
201	علم النفس
202	الوتنتر عرف خزانہ طلسمات 2 حصے
203	کو تنتر
204	دل کی گیتا ترجمہ شریمد بھگوت
205	تعبیر خواب عکسی
206	کتاب تقدیر کتاب رمل
207	مکمل سرخاب رمل رمل کورس 2 حصے
208	عملی کتاب رمل از پنڈت کرشن کمار
209	تعویذات و عملیات صوفیہ یعنی معدن البرکات فی اعمال الصالحات
210	ہاتھ میں قسمت از ناموس
211	حدائق الخفیہ
212	آئینہ مسمریزم از گپتا دہلی
213	ارکان توجہ از شاد گیلانی
214	فالنامہ عجیب و غریب
215	شعبدہ بازی
216	مربع کلیمی اردو ترجمہ
218	ہاتھ بولتے ہیں
219	تحفۃ العالمین المروف خزینہ فال دوم
220	لوح تسخیر ہمزاد از رموز اسرار ہمزاد
221	سیر رمل از شاد گیلانی
222	مجرب گنجینہ عملیات و تعویذات و وظائف
223	عتیق النجوم ترجمہ از فارسی
224	مکمل شہنشاہی کوک شاستر قدیمی انڈیا
225	حاجت روا قلمی نسخہ
226	آئینہ عملیات
227	ماہنامہ ستارہ۔ رامپور یوپی 8 رسائل
228	بحر العملیات کامل قلمی
229	حالات و اعمال غوث پاک
230	معمولات اولیاء
231	ماہنامہ ستارہ۔ رامپور یوپی 7 رسائل
236	رسالہ تصوف سلسبیل
237	میزان الطب
238	جواہر خمسہ
239	الحکیم۔ اگست 1949
240	الحکیم۔ ستمبر 1949
241	الحکیم۔ اکتوبر 1949
242	بیاض کبیر اصل اول 1955
243	صنم خانہ عملیات قلمی
244	مجربات فیصل کی (اول)
246	عملیات عشق محبت
247	کشکول قلندری (حصہ دوم)
248	طلسمات کواکب
249	زمرد، موتی و نیلم بنانے کے عمل
250	مجموعہ اوراد
251	عملیات بزرگان دین
252	عملیات صابریہ
253	روحانی علاج
254	حقیقت تصوف
255	الوظیفۃ الکریمۃ، احمد رضا خان بریلوی
256	آفتاب عملیات (انڈیا)
257	طلسماتی دنیا (انڈیا)
258	روحانی اسرار ماہنامہ (رد جادو و عملیات)
259	طلسماتی دنیا (جنات نمبر)
260	طلسماتی دنیا (امراض جسمانی)
261	طلسماتی دنیا (شیطان نمبر)
262	طلسماتی دنیا (جادو ٹونا نمبر)
263	فرانس اور امریکہ کا جادو
264	وظائف و عملیات رحمانی، انڈیا
265	کلید نوشتہ قسمت
266	کرشمات روحانی
267	خزانہ عامرہ
268	مجربات امام غزالی
269	مفتاح الجفر جدید تصحیح کاش البرنی
270	اصلی مکمل کنز الحسین مترجم
271	حرز سلیمانی
272	خواب و تعبیر
273	مجموعہ علوم مخفی
275	عملیات صوفی وارثی
277	رحیم الاعداد (دوم) (عبدالرحیم)
278	رحیم الاعداد (سوم) (عبدالرحیم)
279	اعجاز الحروف (عبدالرحیم)
280	صنم خانہ عملیات
281	اصلی بیاض محمدی
282	صحیفۃ النور جفر
283	معمولات اولیاء
284	آیت الکرسی عظمت وافادیت
285	نور العیون ترجمہ ضیاء العیون
286	رشتہ صالحہ

طلسماتی چھری

تحریر: سید عبدالخالق عباس، کراچی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم تمام تعریف اللہ ہی کے لیے ہیں جو ہم تمام جہانوں کو پالنے والا ہے۔ قارئین کرام کو السلام علیکم اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔ میرے مضمون کا عنوان ''طلسماتی چھری'' ہے۔ یہ خاص طریقے سے تیار کی جاتی ہے جس سے ہر طرح کا گندہ سفلی جادو ختم ہو سکے۔ اس چھری کے استعمال سے ہر طرح عامل و عام آدمی تحفظ میں رہے گا۔ یہ طلسماتی چھری والا عمل میری آنے والی کتاب کا عمل ہے جو میرے نانا غلام محمد صاحب کا دیا ہوا ہے۔ آج کل جگہ جگہ عامل پیدا ہو گئے ہیں۔ ہر عمل کی کاٹ 24 گھنٹے میں، محبوب آپ کے قدموں میں عقل حیران ہو جاتی ہے۔ 24 گھنٹے میں یہ فرعونی دعوے ہیں یہ فریب ہیں۔ عوام کی پریشانی کو مزید بڑھاتے ہیں ہر طرح کی بندش، جادو بد اثرات، بد نظر، جناتی اثرات اور سب سے اہم بات گندے عامل سے نجات حاصل ہوگی ''طلسماتی چھری'' کے کرامات سے ہر طرح کا اثر عمل زائل ہو جائے گا۔ اس کی خصوصیات کے بارے میں بتاتا چلوں کہ اس چھری کو۔ اگر کسی کے مکان میں بد اثرات ہیں یا جادو ہوا ہے۔ اس چھری کو عرق گلاب سے دھو کر مکان کے چاروں کونوں پر چھڑکیں ہر آذان کے 2 منٹ بعد 7 یوم کے اندر اندر بحکم اللہ بد اثرات و جادو زائل ہو جائے گا۔

اگر کسی لڑکی کا نکاح بندش کر دیا ہو جمعے کی صبح صلوۃ فجر کے طلسماتی چھری کو پانی سے دھو کر سر پر ڈالیں یہ عمل چھ جمعے کریں۔ انشاء اللہ بندش ختم ہوگی۔ وہ پانی کسی درخت کے اندر یا گھاس میں ڈال دیں۔

کاروبار میں نظر بد یا بندش نحوست ہو تو جمعرات کے دن سوا کلو سالم ٹکڑا گوشت کا لیں پوری کاروباری جگہ پر پھیریں پھر سمندر میں ڈال دیں اگلے دن جمعہ کو سات مسجدوں کا پانی لیں چھری دھو کر جب دکان کھولیں تو پانی چھڑکیں 11 یوم تک۔ انشاء اللہ گیارہ دن کے اندر اندر فرق پائیں گے۔

اگر کسی عورت کی اولاد کی بندش کر دی ہو 9 مسجدوں کا پانی لیں ایک ٹب میں ڈالیں چھری دھوئیں۔ اس سے وہ عورت اپنا سر دھوئے اور وہ پانی گھاس یا ایسی جگہ ڈالیں جہاں پاؤں نہ پڑے دن منگل نماز فجر کے بعد اور پھر عرق کیوڑہ سے چھری دھوئیں۔ انشاء اللہ بندش ختم ہو جائے گا۔ جنات اگر تنگ کرتا ہو اور بہت ضدی ہو ہرمل لیں سورۃ مزمل 7 بار 41 بار سورۃ الناس، 41 بار سورۃ فلق، 131 بار سورۃ کوثر ہرمل پر دم کریں۔ بیری کی لکڑی کا کوئلہ لیں اُس پر دھونی دیں۔ نماز فجر، عصر اور مغرب کے درمیان چھری کا دھویا ہوا پانی رات سونے سے پہلے مکان کے چاروں کونوں پر چھڑکیں کوشش کریں عرق گلاب سے دھوئیں اور انشاء اللہ مکان ہر طرح سے پاک ہو جائے گا 21 یوم کرنا ہوگا۔

اگر کسی پر روزگار کی بندش کر دی ہو منگل کے دن آدھ پاؤ گوشت اپنے سر سے 9 بار وار کر چیل، کوؤں کو ڈال دیں گھر آ کر غسل کریں۔ اس چھری کو دھو کر اس کا پانی میں گیارہ یوم تک ہر نماز کے بعد یارزاق 489 بار پڑھیں اول و آخر درود شریف گیارہ بار انشاء اللہ جلد اچھا روزگار مل جائے گا۔ اس چھری کو جو استعمال میں لائے گا وہ خود حیران ہو جائے گا۔

عمل، تانبہ لیں کم از کم 9 گرام وزن ہو پاک صاف کر لیں لال کپڑے میں محفوظ رکھیں پھر اس پر عزیمت کو کندہ کریں۔ نوروز کے وقت چھری تیار کریں۔ تیار باوضو ہو کر کریں۔ 583 بار درود شریف پڑھ کر ہدیہ کریں۔ عمل ختم ہونے کے بعد بچوں میں مٹھائی تقسیم کریں عامل اگلے دن ایک کالے بکرے کی سری 9 بار وار کر سمندر کنارے جائے اپنے سامنے کی طرف دونوں ہاتھوں سے اٹھا کر پیچھے کی طرف پھینک دیں اور گھر آ کر غسل کریں۔ اُمید ہے آپ کو میرا یہ مضمون بہت پسند آئے گا مجھے اپنی خاص دعاؤں میں یاد رکھیں۔

نوروز کا وقت مورخہ اتوار 20 مارچ 2016 صبح 9 بجکر 31 منٹ ہے۔ دوسرا بہترین وقت شرف مریخ ہے۔ مورخہ 05 نومبر ہفتہ صبح 08:21 سے مورخہ 6 نومبر 17:15 اختتام ہوگا۔

عادت سے مجبور

تحریر: محمد عمران رضا قادری، شاہدرہ

محترم قارئین ماہنامہ راہنمائے عملیات آج کی نشست میں آپ کے لیے چند اعمال لے کر حاضر ہوا ہوں جو کہ مجھے میرے ایک دوست کے گھر سے ملنے والی کسی نامعلوم کی لکھی ہوئی ہاتھ کی ذاتی ڈائری سے لیے ہیں۔ اس کے متعلق آپ کو بتادوں کہ یہ ڈائری کے چند اعمال جو میرے پاس آئے ہیں وہ کس طرح آئے ہیں وہ اس طرح کہ میری چند ایک کتابیں جن میں ایک تھی (خان آصف) کی کتاب (صلاح الدین ایوبی) اور (شعلوں کا کفن) اور ایک علامہ عالم فقری کی کتاب (فقری اسم اعظم) یہ کتابیں ایک دوست مجھ سے لے گیا ہوا تھا۔ مجھے اُن کی جب ضرورت پڑی تو میں اُس کے گھر گیا کہ یار مجھے میری کتابیں تو واپس کردو تو وہ مجھے اپنے گھر کے اندر اپنے کمرے میں لے گیا اور کہا کہ تم بیٹھو اور میں تمہاری کتابیں لے کر آیا اور میں بیٹھ گیا لیکن میں اپنی عادت سے مجبور وہ آپ نے مثال تو سنی ہوگی کہ لوہار اور درزی کے ہاتھ آرام سے نہیں رہتے۔ ان ہاتھوں کے ساتھ ہر وقت کوئی نہ کوئی حرکت ہوتی رہتی ہے جیسے ان ہاتھوں میں کوئی بلی پکڑی ہو اور وہ بار بار ان کو پنجہ مار رہی ہو تو میں اپنی (عادت سے مجبور) اُس کے کمرے کی کتابوں کی الماری کی زیارت کرنے اور تلاشی لینے لگا۔ اُن میں ہی ایک طرف یہ ڈائری بھی پڑی ہوئی تھی میں نے پکڑ کر اس کی ورق گردانی شروع کی تو مجھے پتہ چلا کہ یہ کیا چھپا ہوا خزانہ ہے۔ جب میرا دوست واپس آیا تو اُس نے میرے ہاتھ میں یہ ڈائری دیکھی تو اُس نے ایسے مجھ سے چھین جیسے ملا کسی نے ہے یہ جملہ کرتی ہے۔ کہتا کہ تو نے یہ ڈائری کیوں پکڑی میں نے کہا کہ یار بس تیرا انتظار کرنے کے لیے پکڑی تھی کہ پتہ نہیں تم واپسی تک کتنا انتظار کرواؤ گے پھر میں نے کہا کہ یار یہ ڈائری مجھے ذرا پڑھنے کے لیے تو دے دو۔ اُس نے انکار کردیا کہتا کہ یہ مجھے کسی نے اپنی آخری نشانی کے طور پر دی ہے جو میں نہیں دے سکتا آخر بہت بحث و تکرار کے بعد وہ اس طرح مانا کہ میں خود تمہارے ساتھ جاؤں گا۔ اس میں سے فوٹو کاپی کروانا ہے وہ کروالو۔ تو قارئین ماہنامہ ''راہنمائے عملیات'' اُس مکمل ڈائری میں سے جو جو عمل مجھے پسند آیا وہ میں آپ کی نظر میں رکھنا چاہتا ہوں کیونکہ وہ اس لیے کہ ہوسکتا ہے کہ یہ فوٹو کاپی کے اوراق مجھ سے گم ہو جائیں۔ اس سے پہلے میں ان کو ماہنامہ ''راہنمائے عملیات'' کی زینت بنا کر ان کو ریکارڈ میں شامل کروانا چاہتا ہوں تا کہ یہ محفوظ ہو جائیں اگر بعد میں مجھے بھی ان کی ضرورت پڑے تو میں بھی ان اعمال کو لے سکتا ہوں۔ اب میں آپ اور اعمال کے درمیان زیادہ دیر رقیب بن کر کھڑا نہیں رہوں گا۔

زبان بندی کی مجرب عظیم دعا

بسم اللہ الرحمن الرحیم لا الہ الا اللہ خصمان لا الہ الا اللہ زمین سے تا آسمان لا الہ الا اللہ آسمان سے تا عرش لا الہ الا اللہ عرش سے تا کرسی لا الہ الا اللہ کرسی سے تا لوح لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ۔ میں نے زبان باندھی تمام برا کہنے والوں کی میں نے زبان باندھی دشمنوں گلہ کرنے والوں کی۔ میں نے زبان باندھی حسد کرنے والوں کی، دشمن سیاہ روئے زمین کے دشمنوں کی میں نے زبان باندھی سفید کی اور چھیاسٹھ رگ بنی آدم کی۔ حوا کی بیٹیوں کی اس ہیکل رکھنے والے کے حق میں بحق لا الہ الا اللہ میں نے مہر کردی بحق محمد رسول اللہ میں نے باندھی زبان بحق ایک لاکھ چوبیس ہزار انبیاء کے جن کے اول حضرت آدم اور ان کے آخری حضرت محمد ﷺ ہیں میں نے باندھی زبان تمام دشمنوں کے اولین سے آخرین تک میں نے زبان باندھی تمام حاسدوں کے اولین سے آخرین تک۔ بحق چھ ہزار چھ سو چھیاسٹھ آیات کلام اللہ المجید یا الٰہا۔ بارخدایا میں نے زبان باندھی تمام دشمنوں کی اولین سے آخرین تک۔ بحق توریت حضرت موسیٰ علیہ السلام انجیل عیسیٰ علیہ السلام زبور داؤد علیہ السلام اور صحفِ ابراہیم علیہ السلام اور فرقان مجید حضرت محمد ﷺ میں نے زبان باندھی بحق ایک سو چودہ سورہ کلام اللہ کے میں نے بحق اٹھائیں حروف تہجی۔ ا ب ت ث ج ح خ د ذ ر ز س ش ص ض ط ظ ع غ ف ق ک ل م ن و ہ ی ہ۔ میں نے زبان باندھی بحق بارہ مہینے تیس دن اور رات مہینے کے۔ ہفتہ اور سات دن۔ دن اور رات کے چوبیس گھنٹوں اور بحق بارہ برجوں حمل، ثور، جوزا، سرطان، اسد، سنبلہ، میزان، عقرب، قوس، جدی، دلو، حوت کے۔ میں نے باندھی زبان بحق سات ستاروں زحل، مشتری، مریخ، شمس، زہرہ، عطارد اور قمر کے۔ میں نے زبان باندھی بحق عرش کرسی، لوح، قلم، صراط، میزان، بہشت اور دوزخ کے میں نے زبان باندھی کعبہ زمزم، حرم کے رکنوں، مروہ، صفا، منیٰ، کوہ ابوقیس، مدینہ، کربلا، نجف، سامرہ اور کاظمین کے اور بحق خاتمہ سلیمان بن داؤد علیہ السلام کے۔ میں نے زبان باندھی بحق عظیم ناموں، قدیم ناموں اور میں نے زبان باندھی تمام اولین و آخرین دشمنوں اور حاسدوں کی بحق لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ وجعلنا من بین ایدیھم سداو من خلفھم سدا فاغشینا ھم فھم لایبصرون صم بکم عمی فھم لا یرجعون ختم اللہ علی قلوبھم وعلی سمعھم وعلی ابصار ھم غشاوۃ لھم عذاب عظیم عقدت لسان بنی آدم و بنات حوا بروستی ھذہ الاسماء فتبارک اللہ احسن الخالقین۔

قرآن کی 6 آیات اور 60 قاف

پہلی آیت سورۃ البقرہ کی:

الم تر الی الملاء من بنی اسرائیل سے لے کر علیم با الظالمین۔

دوسری آیت آل عمران کی:

لقد سمع اللہ سے لے کر عذاب الحریق تک۔

تیسری آیت سورۃ النساء کی:

الم تر الی الذین قیل لھم سے لے کر ولا تظلمون فتیلا تک۔

چوتھی آیت سورۃ مائدہ کی:

واتل علیم نبا بنی آدم سے لے کر من المتقین تک۔

پانچویں آیت سورۃ رعد کی:

قل من رب السموت سے لے کر ھو الوحد القھار تک۔

چھٹی آیت سورۃ مزمل کی آخری آیت:

ان ربک یعلم سے لے کر غفور رحیم تک۔

ان کی تلاوت کا طریقہ یہ ہے کہ ان کی تلاوت کے وقت ان کے قافوں پر توجہ رکھے۔ اور ہر قاف پر سیدھے ہاتھ کی چھوٹی انگلی بند کرتا جائے جب آیت مکمل ہو جائے تو پچاس مرتبہ (یا قوی) اور پچاس مرتبہ (یا باقی) اور پچاس مرتبہ (یارزاق) کہے۔ پھر دوسری آیت کی تلاوت اس طرح کرے کے تمام آیات کی تلاوت کرے۔ تسخیر کے لیے اکثیر ہے۔ ان کا نقش یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یاجبرائیل	ق	ق	ق	ق	ق	ق	یامیکائیل
ق	ق	ق	ق	ق	ق	ق	ق
ق	ق	ق	ق	ق	ق	ق	ق
ق	ق	ق	ق	ق	ق	ق	ق
ق	ق	ق	ق	ق	ق	ق	ق
ق	ق	ق	ق	ق	ق	ق	ق
ق	ق	ق	ق	ق	ق	ق	ق
یااسرائیل	ق	ق	ق	ق	ق	ق	یاعزرائیل

ترک عادات بد

اس طریقہ کار سے آدمی کی ہر بری سے بری عادت چھوٹ سکتی ہے مثلاً شراب خوری، نشہ آواری وغیرہ وغیرہ۔

طریقہ:

لٹھے کا کپڑا لے کر اُس کے ایک ہاتھ کے برابر مکمل انسان کی طرح کا ایک پتلہ بنائیں۔ اُس کے سینے پر اپنا نام یا جس کے لیے تیار کیا ہے۔ اُس کا نام، اس کی ماں کا نام اور اس کی عادت کا نام لکھیں اور اس کو اصل مکمل میت کی طرح غسل اور کفن دے کر ایک قبر تیار کریں اور اُس قبر کے کنارے کھڑے ہو کر اس پتلے پر نماز جنازہ ادا کریں اور دعا کریں کہ۔ اے خالق جہاں جس طرح میں نے اپنی عادت کا پتلہ دفنا دیا ہے۔ اس طرح تو مجھ کو اس گناہ سے بچالے۔ اپنے محبوب کے صدقے میری دعا کو قبول فرما۔ آمین

اور واپس گھر آ جائیں۔ یادر ہے یہ عمل آپ کسی قبرستان کے اندر نہ کریں۔ بلکہ کسی ویران جگہ پر کریں اور قبر زیادہ گہری ہونی چاہیے۔

زبان بندی کا مختصر عمل

(لا الٰہ الا اللہ بر جانش عصائے موسیٰ بر جگرش مہر سلیمان بن داؤد علیہ السلام ہر دھنش بر حنک یا ارحم الرحمین)۔ اس کو سات مرتبہ پڑھ کر دونوں ہاتھ پر دم کر کے جسم پر پھیر لیں یا چاروں طرف پھونک دیا کریں۔

تسخیر دشمن

دشمن کے شر سے محفوظ رہنے کے لیے اور حاکم کو مہربان کرنے کے لیے لوگوں میں عزت حاصل کرنے کے لیے اور میاں بیوی کی روز روز کی چیخ پکار (لڑائی جھگڑے) نجات کے لیے مجرب ہے۔

سو مرتبہ چہل کاف حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی والے اور بسم اللہ الواسع جل جلالہ پڑھ کر مقصد کی دعا کریں۔ اور جس کی تسخیر کے لیے یہ عمل کیا جارہا ہے۔ اُس کا تصور کر کے اُس کے سینے پر پھونک ماردیں۔ مدت چالیس یوم ہے۔ یہ عمل خواتین بھی کر سکتیں ہیں خواتین ناغے بعد میں پورے کریں۔

کیا علم الاعداد سے علم النجوم کی طرح پیشنگوئی کی جاسکتی ہے؟

جیسا کہ ماہرین علم الاعداد عددوں سے پیشنگوئی فرمارہے ہوتے ہیں کہ آج کا دن کیسا رہے گا یا کیسا گزرے گا؟ یہ ماہ کیسا رہے گا یا یہ سال کیسا رہے گا؟ ان سوالات کا جواب دینا مشکل ہے۔ ماسوائے اس بات کے کہ قدیم طرائق پر عددوں سے چند منسوبات قائم کرکے اس کی بنا اور اساس پر پیش کر دینا۔ جس طرح نجوم والے بروج کی منسوبات سے آثار النجوم سے اخبار النجوم پیدا کرتے ہیں۔ گویا علم الاعداد میں اعداد کی اہمیت اس طرح ہے۔ جس طرح نجوم کے علم میں بروج کی اہمیت ہے۔ منجم حضرات اس وقت کوئی پیشنگوئی نہ کرسکتے ہیں جب تک سیارگان کی بروج میں گردش ظاہر نہ کریں اسی طریقہ کار کے مطابق علم الاعداد والے پیش گوئی نہ کرسکتے ہیں۔ مگر جو لوگ اعداد کی شرح وتشریح خالص نجوم کے مطابق کررہے ہوتے ہیں۔ وہ جعلی طریقہ کے مطابق دراصل نجوم میں جاری سال کے مہینوں کے مطابق بروج کی شرح وقتی نقل کررہے ہوتے ہیں۔ دراصل یہ ایک قسم کا علمی فراڈ، دھوکہ اور جعل سازی ہوتی ہے۔ جن کو اہل علم کے علاوہ اور کوئی نہیں جانتا۔ عام طور پر ماہرین علم الاعداد، اعداد کی شرح کرتے وقت ذیل کے جدول پر نگاہ رکھتے ہیں۔

اعداد			اعداد کی خاصیت اور تعبیر و علامت
ایک	1	۱	آغاز، راھنمائی و قیادت، حاکمیت، اعتماد، آزادی اور قوت تدبیر
دو	2	۲	باہمی تعاون، قوت جاذبہ، ہمدردی، سلیقہ، ہوشیاری اور سنجیدگی
تین	3	۳	عقلمندی، خوش قسمتی، رعایت، سخاوت، دولت اور انصاف استقلال،
چار	4	۴	خوش اسلوبی، توجہ، قوت عمل، نظم و ضبط اور تجربہ
پانچ	5	۵	ذہانت، ہمہ گیری، مہارت، حس مزاح، سفر، تنوع اور تغیر پذیری
چھے	6	۶	محبت، حسن و خوبصورتی، رومانس، خوش مزاجی سحریت اور شہرت
سات	7	۷	حقیقت، قوت تخیل، قوت تسکین، اعتدال، فلسفہ اور حقیقت شناسی
آٹھ	8	۸	مشاہدہ، ثابت قدمی، شوق، ہمت، جلد بازی، غصہ اور جوش واقعات
نو	9	۹	شعور، ادراک، وجدان، تاثرات، قوت احساس اور اختتام

اس کے علاوہ اعداد مفرد اور اعداد مرکب کی اس قدر شرحیں، تاویلیں اور تعبیریں بتائی گئی ہیں کہ علم الاعداد ایک الگ علم کا درجہ حاصل کرتا جارہا ہے۔ علم الاعداد میں صفر کی اہمیت اور صفر کا صوفیانہ فلسفہ۔

علم الاعداد والے صفر کو استعمال نہیں کرتے اور نہ ہی خاطر میں لاتے ہیں۔ زمانہ قدیم میں جب صفر ایجاد نہ ہوئی تھی ریاضی دان بہت مشکل میں ہوتے تھے۔ جمع، تفریق، ضرب اور تقسیم کا عمل مشکل اور پیچیدہ تھا۔ اس وقت جدید ترین نظام رومی نظام کہلاتا تھا مگر وہ بھی مشکل تھا۔ اور نہایت دقیق و عرق ریز تھا۔ موسیٰ خوارزمی نے صفر کا ہندسہ وضع وایجاد کرکے علم الریاضی میں انقلاب پیدا کردیا۔

صفر کسی چیز کے نہ ہونے اور عدم وجود میں ہونے کی علامت ہے یا کسی وجود کے ختم ہوجانے، معدوم ہوجانے، اٹھ جانے، یا اختتام کی علامت کے طور پر استعمال ہوتی ہے۔ چنانچہ صفر کی علامت کو کچھ لوگ ایک سے قبل سمجھتے ہیں اور کچھ لوگ نو کے بعد میں سمجھتے ہیں۔ اس بات کو سمجھنے کے لیے ایک مثال کا سہارا لیں تو بات سمجھ آجائیں گی۔

عدم سے ظہور

01	2	3	4	5	6	7	8	9	10

ظاہر سے معدوم

1	2	3	4	5	6	7	8	9	10 1

ریاضی دان سب سے بڑا عدد ۹ کو مانتے ہیں۔ اور ۱۰ کے عدد کو دہائی کی ابتداء مانتے ہیں۔ دس تک گنتی کے نظام کو آجکل اعشاری نظام کہا جاتا ہے۔ اس نظام میں صفر کو خاص اہمیت حاصل ہے۔ علم الاعداد والے دس کے ہندسہ کو اور صفر کے ہندسہ کو شمار میں نہ لاتے ہیں۔ خواہ رقم، اکائی، دہائی، سینکڑہ، ہزار، دہ ہزار، لاکھ، دہ لاکھ، کروڑ، دہ کروڑ، ارب، دہ ارب، کھرب، دہ کھرب، نیل، دہ نیل، پدم، دہ پدم، سنکھ اور مہا سنکھ تک کیوں نہ ہو۔ حالانکہ یہ اعداد و شمار ہندسہ صفر اور دس کے بغیر ناممکن ہیں۔ بالخصوص عددوں کی تکمیل کے بعد تو تصور بھی ناممکن ہے۔

آج کل صفر کی اہمیت کا اقرار کیا جارہا ہے۔ چنانچہ صفر کو پلوٹو کے ماتحت مانا جارہا ہے۔ اس طرح باقی اعداد کے منسوب کواکب اس طرح ہوں گے۔ ۱۔ شمس، ۲۔ قمر، ۳۔ مشتری، ۴۔ یورانس، ۵۔ عطارد، ۶۔ زہرہ، ۷۔ نیپچون، ۸۔ زحل، ۹۔ مریخ، ۰۔ پلوٹو اگر صفر کو جدید نظام کائنات کے نظریہ کے تحت شمس سے منسوب کردیں اور باقی اجرام فلکی کو باقی اعداد پر تقسیم کریں تو مناسبت اعداد کواکب اس طرح ہوگی۔ ۰۔ شمس، ۱۔ عطارد، ۲۔ زہرہ، ۳۔ زمین، ۴۔ مریخ، ۵۔ مشتری، ۶۔ زحل، ۷۔ یورانس، ۸۔ نیپچون، ۹۔ پلوٹو۔ یا ترتیب اس طرح ہوسکتی ہے۔ ۱۔ مریخ، ۲۔ زہرہ، ۳۔ عطارد، ۴۔ شمس، ۵۔ یورانس، ۶۔ پلوٹو، ۷۔ مشتری، ۸۔ زحل، ۹۔ نیپچون۔ یہ ترتیب دائرۃ النجوم میں بروج کے منسوب کواکب کی ترتیب کے مطابق ہے۔

اعداد کو سیارگان سے منسوب کرنے کا طریقہ غلط ہے۔ جس طرح ہفتے کے سات دنوں کو سیارگان سے منسوب کرکے روشناس کرایا گیا تھا۔ اب مزید

سیارگان کے دریافت ہوجانے کے بعد یہ نظریہ غلط ہوگیا ہے۔ اسی طرح اعداد کو سیارگان سے منسوب کرنے کا طریقہ، نظریہ قطعی غلط ہے۔ جس طرح بروج کی فلاسفی ہے۔ اسی طرح اعداد کی فلاسفی ہونا چاہیے۔ یعنی اعداد دراصل ایک قسم کے بروج ہیں اور بروج ایک قسم کے اعداد ہیں۔ جس طرح کواکب کی سیر بروج میں ہے۔ اسی طرح سیارگان (کواکب) کی سیر اعداد میں ہونا چاہیے۔

اگر اعداد کو بروج کی مثال سمجھ لیں تو صفر کی ضرورت اور اہمیت ختم ہوجاتی ہے جس طرح ہم کسی کا کوئی برج منسوب کرتے ہیں۔ اسی طرح کوئی نہ کوئی عدد بھی ضرور دینا پڑے گا۔ اس طرح کوئی برج یا عدد صفر نہیں ہوسکتا ہے۔ جب کوئی بندہ / شخص پیدا نہ ہوا تھا تو وہ اس وقت وہ صفر تھا اور مرجانے کے بعد بھی صفر ہوجائے گا۔ اسی طرح کائنات وجود میں آنے سے قبل صفر تھی اور فنا ہوجانے کے بعد بھی صفر ہوجائے گی۔ بعض ماہرین اعداد صفر کو اہمیت دیتے ہیں اور عدد نو کو بھی صفر مانتے ہیں۔ کیونکہ اعداد کی جتنی بڑی رقم ہو ان میں سے نو کے ہندسے جس قدر ہوں ان کو حذف کردیں باقی کو استعطاق کرلیں یا نو پر تقسیم کردیں تب بھی عدد مفرد وہی ہوگا جو غیر حذف شدہ عدد نو سے حاصل ہوگا۔ خواہ اس میں سے صفر کو حذف کرلیں یا نہ کریں۔ البتہ کسی مجموعہ اعداد میں صفر کی موجودگی میں مخرد ملی عدد استخراج کرتے وقت کافی فرق بلکہ اختلاف برآمد ہوگا۔ صفر اگر اکائی کے مقام پر ہوگی تو اس کا جواب کچھ اور ہوگا اور دہائی کے مقام پر ہوگی تو اس کا عدد مخرد ط کچھ اور ہوگا۔ اسی طرح مقام سینکڑہ اور ہزار کا جواب ہے۔ مشق کرکے دیکھ لیجئے گا۔ اور نتیجہ اخذ کرلینا۔ علمائے ریاضی صفر کے ہندسہ کا دائیں طرف اعتبار کرتے ہیں کیونکہ اس سے رقم کی مقامی قیمت میں کمی یا بیشی کا اندازہ ہوتا ہے۔ جبکہ بائیں طرف ہونے سے رقم میں کوئی تبدیلی یا کمی یا بیشی یعنی مقامی قیمت میں کوئی فرق نہ پڑتا ہے۔ جبکہ آج کل ٹیلی فون کے نمبر، بانڈز کے نمبرات میں صفر بائیں طرف استعمال ہوتی ہے اور اثر انداز بھی ہورہی ہے۔ اس طرح ثابت ہوا کہ صفر جہاں بھی ہوگی۔ اثر انداز ہوگی۔ بعض اوقات ایک صفر سے زیادہ تعداد میں صفریں ہوتی ہیں۔ جو دائیں طرف کے علاوہ بائیں طرف بھی ہوتی ہیں۔

صفر اور ایک کا ہندسہ

کمپیوٹر کا نظام ان دو اعداد پر مشتمل ہے۔ جو ثنائی نظام کے تحت آتا ہے جو دو کے اساس والا نظام کہلاتا ہے۔ جب کوئی چیز وجود میں تھی تو صفر تھی اور جب وجود میں آگئی تو ایک ہوگئی اور جب فنا ہوگئی تو پھر صفر ہوگئی۔ اب ایک کو مزید کسروں میں تقسیم کیا جائے تو نصف نصف کریں دو کا وجود ثابت ہوا یا تصور پیدا ہوا۔ اور اگر تین برابر حصوں میں تقسیم کرنا چاہیں یا چار برابر حصوں میں تقسیم کرنا چاہیں تو ایک سوچ پیدا ہوتی ہے کہ نصف جو ایک کا تھا اس کو مزید نصف کریں تو چار کا ہندسہ وجود میں آئے گا جسے چوتھائی کہیں گے۔ اور مزید چوتھائی کو نصف کریں تو آٹھ کا حصہ وجود میں آئے گا۔ جسے اٹھاوس یا آٹھویں کہیں گے۔ اس طرح تہائی یا ثلث یعنی تیسرا حصہ کو مزید نصف کریں تو چھٹے کا حصہ وجود میں آئے گا یعنی چھٹا حصہ یا اسی تیسرا حصہ کو مزید تین تین حصوں میں تقسیم کریں تو نو کا ہندسہ وجود میں آتا ہے جو ناتواں کہلاتا ہے۔ اب اس بحث میں پانچ اور سات کا ہندسہ وجود میں نہیں آیا۔ اگر ایک کو دس حصوں میں تقسیم کریں تو نصف کرنے سے پانچ کے ہندسہ وجود پیدا ہوتا ہے۔ جو دراصل نصف ہے یعنی دو کا متبادل ہے۔ اس عملی ریاضی میں سات کا ہندسہ ثابت نہ ہوا ہے۔ ذرا غور کرو چھے اور آٹھ کے ہندسے کے درمیان جو حصہ وجود میں آیا۔ اس کسر کا کیا نام رکھا جائے جو نہ کسی کا اضعاف ہے اور نہ ہی تنصیف ہے۔ دراصل یہ ہندسہ وجود میں ہے۔ جو عملی طریقہ سے مشکل سے محسوس ہوتا ہے مگر وجود میں ہے۔ اسی لیے علماء ہندسہ اس ہندسہ کو روحانیت اور ماورائی وجود خالق المخلوق سے منسوب کرتے ہیں اور سب سے مثبت اور طاق ہندسہ ہے۔ آٹھ سے ہندسے منفی ہوجاتے ہیں۔ نو کا ہندسہ صفر ہے یا صفر کے برابر ہے اور دس کا ہندسہ دراصل ایک ہے۔

۰۱	۰۲	۰۳	۰۴	۰۵	۰۶	۰۷	۰۸	۰۹
۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸
۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴	۲۵	۲۶	۲۷
۲۸	۲۹	۳۰	۳۱	۳۲	۳۳	۳۴	۳۵	۳۶
۳۷	۳۸	۳۹	۴۰	۴۱	۴۲	۴۳	۴۴	۴۵
۴۶	۴۷	۴۸	۴۹	۵۰	۵۱	۵۲	۵۳	۵۴
۵۵	۵۶	۵۷	۵۸	۵۹	۶۰	۶۱	۶۲	۶۳
۶۴	۶۵	۶۶	۶۷	۶۸	۶۹	۷۰	۷۱	۷۲
۷۳	۷۴	۷۵	۷۶	۷۷	۷۸	۷۹	۸۰	۸۱
۸۲	۸۳	۸۴	۸۵	۸۶	۸۷	۸۸	۸۹	۹۰

۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰
۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰
۲۱	۲۲	۲۳	۲۴	۲۵	۲۶	۲۷	۲۸	۲۹	۳۰
۳۱	۳۲	۳۳	۳۴	۳۵	۳۶	۳۷	۳۸	۳۹	۴۰
۴۱	۴۲	۴۳	۴۴	۴۵	۴۶	۴۷	۴۸	۴۹	۵۰
۵۱	۵۲	۵۳	۵۴	۵۵	۵۶	۵۷	۵۸	۵۹	۶۰
۶۱	۶۲	۶۳	۶۴	۶۵	۶۶	۶۷	۶۸	۶۹	۷۰
۷۱	۷۲	۷۳	۷۴	۷۵	۷۶	۷۷	۷۸	۷۹	۸۰
۸۱	۸۲	۸۳	۸۴	۸۵	۸۶	۸۷	۸۸	۸۹	۹۰
۹۱	۹۲	۹۳	۹۴	۹۵	۹۶	۹۷	۹۸	۹۹	۱۰۰

پہلے اور دوسرے جدول کے برعکس صفر سے جدول کو شروع کریں تو یہ جدول دوسرے جدول کے اعداد کا عکس ہے۔ جہاں دہائیاں بعد میں ختم ہوتی تھیں۔

اب دہائی سے ابتداء ہوگی۔

۰۰	۰۱	۰۲	۰۳	۰۴	۰۵	۰۶	۰۷	۰۸	۰۹
۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹
۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴	۲۵	۲۶	۲۷	۲۸	۲۹
۳۰	۳۱	۳۲	۳۳	۳۴	۳۵	۳۶	۳۷	۳۸	۳۹
۴۰	۴۱	۴۲	۴۳	۴۴	۴۵	۴۶	۴۷	۴۸	۴۹
۵۰	۵۱	۵۲	۵۳	۵۴	۵۵	۵۶	۵۷	۵۸	۵۹
۶۰	۶۱	۶۲	۶۳	۶۴	۶۵	۶۶	۶۷	۶۸	۶۹
۷۰	۷۱	۷۲	۷۳	۷۴	۷۵	۷۶	۷۷	۷۸	۷۹
۸۰	۸۱	۸۲	۸۳	۸۴	۸۵	۸۶	۸۷	۸۸	۸۹
۹۰	۹۱	۹۲	۹۳	۹۴	۹۵	۹۶	۹۷	۹۸	۹۹

اعداد کو اعداد سے جمع کر کے اعدادی نتائج کرنا ہو تو ریاضی کا عمل جمع کو دہرانا پڑے گا۔ اگر طریقہ استنطاق کو ملحوظ خاطر رکھیں چوتھے جدول کو دیکھیں تو ثابت ہوتا ہے کہ سب سے بڑا عدد نو ہے۔ بڑے عدد نو کی دوبارہ پڑتال کی تو ان نو (۹) اعداد کو باہم ضرب دے کر پھر استنطاق کیا تو پھر بھی بڑا عدد نو ثابت ہوا۔ علم الاعداد میں جدول نمبر ۴ اور نمبر ۵ بہت اہم شمار ہوتے ہیں۔ کیونکہ استنطاق کا عمل اسی سے حل ہوتا ہے۔

۰۰	۰۱	۰۲	۰۳	۰۴	۰۵	۰۶	۰۷	۰۸	۰۹
۰۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱
۰۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱	۲
۰۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱	۲	۳
۰۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱	۲	۳	۴
۰۵	۶	۷	۸	۹	۱	۲	۳	۴	۵
۰۶	۷	۸	۹	۱	۲	۳	۴	۵	۶
۰۷	۸	۹	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷
۰۸	۹	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸
۰۹	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹

اعداد کو ضرب دے کر پھر مفرد اعداد میں تبدیل کر کے یہ جدول تیار کیا گیا ہے۔

۰۰	۰۱	۰۲	۰۳	۰۴	۰۵	۰۶	۰۷	۰۸	۰۹
۰۱	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹
۰۲	۲	۴	۶	۸	۱	۳	۵	۷	۹
۰۳	۳	۶	۹	۳	۶	۹	۳	۶	۹
۰۴	۴	۸	۳	۷	۲	۶	۱	۵	۹
۰۵	۵	۱	۶	۲	۷	۳	۸	۴	۹
۰۶	۶	۳	۹	۶	۳	۹	۶	۳	۹
۰۷	۷	۵	۳	۱	۸	۶	۴	۲	۹
۰۸	۸	۷	۶	۵	۴	۳	۲	۱	۹
۰۹	۹	۹	۹	۹	۹	۹	۹	۹	۹

درج بالا جدولوں سے اعداد کی خاصیت بلحاظ ترکیب و ترتیب سے جو نتائج اخذ ہوئے۔ ان میں سے ایک بات یہ ہے کہ صفر اور نو کا ہندسہ ایک ہی قسم کی خاصیت رکھتا ہے۔ صفر وجود کی نفی ہے اور ایک وجود ہونے کا اقرار ہے۔ تمام اعداد صفر اور ایک درمیان ہیں۔ ایک سے سات تک مثبت عروج اعداد ہیں۔ آٹھ کا عدد مسلسل منفی اور تنزل میں ہے۔ صفر جفت ہے اور ایک طاق ہے یا صفر مخفی ہے اور ایک ظاہر ہے۔

اکائی کے اعداد مفرد، مرکب، جفت و طاق ہونے کی صورت میں تطابق عددی۔

ایک خط پر نو یا دس نشانات نقاط علامتی طور پر ظاہر کرنے کا نام علامت یا ہندسہ ہے۔ اگر علامت یا نشان ایک یا اکیلی یا مفرد ہو تو ہندسہ کہلائے گی اور اگر ایک زیادہ ہو تو عدد کہلائے گی۔ اس طرح اکائی کے عدد کے ساتھ بائیں طرف صفر لازمی ہے۔ پاکستان سے مغرب کی طرف بالخصوص اور پوری دنیا میں عربی انگو اعداد استعمال ہوتے ہیں۔

اردو علامات	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰
رومن اشکال	I	II	III	IV	V	VI	VII	VIII	IX	X
عربی اشکال	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰
عربی اینگلو اشکال	1	2	3	4	5	6	7	8	9	10

9886 E35G HOB

درج بالا اشکال کو غور سے دیکھنے پر محسوس ہوگا کہ یہ اشکال اردو، عربی اور عربی اینگلو (عربی اینگلو دراصل موجودہ انگریزی ہندسوں کا نام ہے۔ جس کو مصریوں نے وضع کیا تھا) اشکال یعنی ہندسوں میں واضح نظر آتی ہیں۔ ان اشکال کی بنیاد پر الیکٹرون گھڑیاں چل رہی ہیں۔ جبکہ رومن اشکال کی ابتدائی تین اشکال (I، II، III) سے عربی کی ابتدائی تین اشکال (۱، ۲، ۳) وضع شدہ ہیں۔ اسی طرح (۲ کا الٹ ۶) ہے اور ۴ میں ذرا اختلاف شکلی پیدا کیا گیا ہے جو ۲ کا تقریباً مشابہ ہے۔ جو دراصل رومن ہندسہ IV چار کو ملا کر بنایا گیا ہے اسی طرح ۶ کی شکل VI کو ملا کر بنایا گیا ہے۔ (VI=۶، IV=۴ جیسے خوش خطی میں ۴=۶ لکھا گیا) جبکہ رومن پانچ (V) کو الٹ کر کے بند کر دیا ہے یعنی ۸= △ = ♡ =۵ پھر اس رومن اشکال سے سات VII اور آٹھ ۸ کی اشکال وضع کی گئی ہیں۔ رومن عربی، فارسی، اردو اور انگریزی میں عدد ایک (۱) اور عدد نو (۹) کی شکل مشترک ہے۔

طاقت اور ہمت کا حصول

وہ لوگ جن کو خواہش ہو کہ ان کو معاشرہ میں طاقت، وقار اور مقام حاصل ہو۔ یا ایسے لوگ جن کے اندر لوگوں کا مقابلہ کرنے کی ہمت و جرأت نہ ہو۔ ان کو ٹائیگر آئی کا استعمال کرنا چاہیے۔ یہ ایسے مرد و زن کو معاشرہ کا مقابلہ کرنے اور ہمت و توانائی فراہم کرنے کا باعث ہوگا۔

اعداد میں تقسیم کا عمل

(مفرد اعداد کثیر رقمی اعداد پر تقسیم کرنے کا طریقہ)

اعداد اور ریاضی صرف دو اشکال سے شروع ہے کہ چیز موجود ہے یا نہ ہے۔ یعنی وہ چیز موجود ہے یعنی ایک اور وہ چیز نا موجود ہے یعنی صفر ہے۔ ان دو اشکال کے بعد دوسرا وجود ثابت ہونے کے بعد تیسرا وجود ہے۔ عدد دو اور تین سب سے اہم ہیں۔ دو کے اضعاف چار اور آٹھ ہیں۔ تین کے اضعاف چھ اور نو ہیں۔ پھر اہم ہندسہ دس کا ہے۔ دس کے بعد اعداد بڑھتے جاتے ہیں۔ ان اعداد کو اکائی کے ہندسوں پر تقسیم کرنا چاہیں تو ان کے چند قواعد ہیں۔

۱۔ صفر پر تقسیم کرنا۔ اس ہندسہ پر تقسیم کا عمل نہ ہے کیونکہ قاسم کے لیے منقسم ہونا چاہیے تاکہ مقسوم حاصل کیا جائے۔ اس لیے تقسیم کا عمل نہ ہو سکے گا۔

۲۔ ایک پر تقسیم کرنا۔ اس ہندسہ پر تقسیم کا عمل ہو سکتا ہے۔ گویا قاسم، منقسم اور مقسوم ایک ہی ہے۔ اس لیے ساری چیز ایک ہی شخص کی ملکیت ہوگا۔

۳۔ دو پر تقسیم کرنا۔ اگر کسی عدد کا اکائی کا ہندسہ دو پر تقسیم ہو جاتا ہے تو وہ تمام عدد دو پر پورا تقسیم ہو جائے گا۔

۴۔ تین پر تقسیم کرنا۔ اگر کسی عدد کا حاصل جمع یا استطاق تین پر تقسیم ہو جائے تو وہ تین پر پورا پورا تقسیم ہو جاتا ہے۔

۵۔ چار پر تقسیم کرنا۔ اگر اکائی اور دہائی کے مقام پر صفر ہو یا اکائی اور دہائی ہندسوں میں ایک یا دونوں چار پر تقسیم ہو جائیں تو وہ عدد چار پر پورا پورا تقسیم ہو جاتا ہے۔

۶۔ پانچ پر تقسیم کرنا۔ اگر اکائی کا ہندسہ صفر یا پانچ ہے تو پانچ پر تقسیم ہو سکتا ہے۔

۷۔ چھ پر تقسیم کرنا۔ اگر کسی عدد کے اکائی کا ہندسہ دو پر تقسیم ہو جاتا ہو اور اس کے ہندسوں کا حاصل جمع / استطاق تین پر تقسیم ہو جائے تو وہ عدد چھ پر مکمل تقسیم ہو سکتا ہے۔ یعنی چھ پر تقسیم کرنے کیلئے دو اور تین کا قانون لاگو ہوگا۔

۸۔ سات پر تقسیم کرنا۔ یہ ہندسہ صرف سات کے اضعاف پر پورا پورا تقسیم ہوتا ہے۔

۹۔ آٹھ پر تقسیم کرنا۔ یہ ہندسہ دو، چار کے بعد آٹھ کا ہے جو کسی عدد کے اکائی دہائی اور سینکڑا کے مقام پر صفر یا ان تینوں مقامات (اکائی، دہائی اور سینکڑا) پر بننے والا عدد آٹھ پر پورا پورا تقسیم ہو جائے تو وہ عدد پورا پورا تقسیم ہو جاتا ہے۔

۱۰۔ نو پر تقسیم کرنا۔ یہ ہندسہ تین کے ہندسہ کا اضعاف ہے۔ اگر کوئی ہندسہ اور عدد کا حاصل جمع یعنی استطاق نو پر پورا پورا تقسیم ہو جائے تو وہ عدد نو پر مکمل تقسیم ہو جائے۔ یہ ایک ایسا ہندسہ ہے۔ جس رقم کا عدد کو بذریعہ تقسیم سے باقی ماندہ ہندسہ اور استطاق سے حاصل جمع ہندسہ کا جواب ایک ہوتا ہے۔ یعنی رقم یا عدد میں سے ایسے ہندسے نکال لیں جن کا مجموعہ نو بنتا ہو تو باقی عدد باقی ماندہ عدد یا ہندسہ ہوگا۔

اس ہندسہ سے جو بھی ضرب کھاتا ہے۔ مجذوب ہو کر تو تبدیل ہو جاتا ہے۔

۱۱۔ دس پر تقسیم کرنا۔ ہر وہ عدد جس کی اکائی نہ ہوگی یعنی اکائی کے مقام پر صفر ہوگی تو وہ عدد دس پر پورا پورا تقسیم ہو جاتا ہے۔ دس کے ہندسہ سے جو بھی ضرب کھاتا ہے اپنی ذات کو قائم رکھتا ہے۔ دس کا ہندسہ مجذوب ہو جاتا ہے۔ مثال کے طور نو کی مثال یہ ہے کہ ۹، ۱۸، ۲۷، ۳۶، ۴۵، ۵۴، ۶۳، ۷۲، ۸۱ اور دس کی مثال یہ ہے کہ ۱۰، ۲۰، ۳۰، ۴۰، ۵۰، ۶۰، ۷۰، ۸۰، ۹۰ وغیرہ۔

علم الاعداد، علم الریاضی اور علم الاوفاق میں مثلث، مربع اور مخمس کی اشکال اہم ہیں۔ سہ کونہ، چوکونہ اور پنج کونہ اشکال/ ہندسہ بہت اہمیت کی حامل ہیں۔ اسی طرح صفر اور ایک کے بعد ۳، ۴، ۵ کے عدد ہیں۔ یعنی ۳+ ۳= ۲، ۳+ ۴= ۷، ۴+ ۴= ۸، ۴+ ۵= ۹ اور ۵+ ۵= ۱۰ ہے جبکہ صفر، ایک اور دو کا ہونا تین کیلئے لازمی ہے۔ اس لیے عرب کے نزدیک ایک واحد ہے۔ دو تثنیہ ہے اور جمع تین سے ہے۔

مہندس کی آخری شکل یا ہندسہ سے آٹھ اس طرح کی اشکال برآمد ہوتی ہیں۔ جس سے اہل روم نے رومن اعداد کی بنیاد رکھی اور اہل عرب نے ترمیم کر کے اپنی اشکال بنالیں۔ آپ ذرا غور کریں تو یہ مثلث اور مربع کے اتصال سے وجود میں ذیل کی اشکال آئی ہیں۔

علم الہندسہ کی نسخ اور نستعلیق اشکال بنانے کا طریقہ

نجوم میں مستعملہ بارہ بروج کے لیے بارہ اشکال بالترتیب یا عاکس معکوس استعمال ہو سکتے ہیں۔ ریاضی کے اعداد اور علم الاعداد کے لیے نو اشکال کا انتخاب کیا جا سکتا ہے۔ یہ اشکال خط نسخ (نسخ) میں نظر آرہے۔ اس کے کونے گول کرلیں تو نستعلیق میں تبدیل ہو جائیں گے۔ ان اشکال کے مطابق گنتی کی ابتدائی نو ابتدائی اشکال بنائی جا سکتی ہیں۔ یا ذیل کی عربی اینگلو طرز پر بھی گنتی کی موجودہ نو اشکال مقرر ہو سکتی ہیں۔

ان اشکال کے مطابق گنتی کی ابتدائی نو ابتدائی اشکال بنائی جا سکتی ہیں یا ذیل کی عربی اینگلو طرز پر بھی گنتی کی موجودہ نو اشکال مقرر ہو سکتی ہیں۔

زمانہ قدیم سے گنتی کے ہندسے تین لکیروں پر مشتمل ہوا کرتے رہے ہیں۔ خواہ مثلث اشکال ہیں یا مربع اشکال ہیں۔ مثال کے طور پر (V یا U) کو لیں۔ یہ دونوں اشکال اس وقت انگریزی حروف وی اور یو ہیں۔ جسے اس طرح U,A,A,V بھی لکھا جا سکتا ہے۔

مثلث کی شکل سے بھی چند اشکال وجود میں آتی ہیں جن میں چند ایک قدیم رومن اور موجودہ عربی گنتی کے اکائی کے ہندسے ہیں۔

مہندس اصحاب نے مثلث اور مربع اشکال سے علم الہندسہ کی بنیاد رکھنے کوشش کی ہے۔ جو نسخ انداز کی معلوم ہوتی ہیں۔ مگر خطاط حضرات نے ان اشکال اور علامات کو نستعلیق میں خوشخط بنانے کی کوشش کی ہے۔ مخمس، مسدس، مسبع، مثمن، متسع اور معشر بند اشکال درجہ بدرجہ قریب الدائرہ ہو جاتی ہیں۔ یعنی مثلث، مربع کی طرح سہ کون اور چوکون نہ ہوتی ہیں۔ ہندسہ کی اشکال دائرہ میں وضع کرنے سے نستعلیق بن جاتی ہیں۔

ذیل کی اشکال چوکور اور دائرہ میں وضع کی جا سکتی ہیں۔ اس سے نو اشکال بن سکتی ہیں۔

۰	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹

ان پر مزید تحقیق کی ضرورت ہے۔ عددی اشکال مقرر کرنے پر اب بھی تحقیق کر رہا ہوں۔ یہ جدول حتمی نہ ہے۔

دیگر طریق استخارہ

جب یہ چاہے کہ خواب میں وہ حال دیکھے جس میں اس کے نکاسی ہو اس تنگی سے جس میں وہ مبتلا ہے تو وضو کر کے پاک کپڑے پہن کر روبقبلہ ہو کر داہنے کروٹ پر لیٹے اور سورہ والشمس کو سات بار اور واللیل کو سات بار اور قل ھواللہ کو سات بار پڑھے اور دوسری روایت میں قل ھواللہ کے عوض سورہ والتین کا سات بار پڑھنا آیا ہے۔ پھر یوں کہے: اللھم ارنی فی منامی کذا و کذا واجعل لی من امری فرجاو مخرجا وارنی فی منامی مااستد ل به اجابة دعوتی۔ تو اُسی رات اگر وہ چیز خواب میں دیکھے جو چاہتا ہے تو بہتر ورنہ اسی طرح دوسری رات کرے پھر تیسری رات اسی طرح سات رات تک انشاءاللہ تعالیٰ ساتویں کے آگے نہ بڑھے گا کہ حال کھل جائے گا ہماری صحبت والوں نے تجربہ کیا ہے۔ انتہائی میں کہتا ہوں کہ یہ طریق استخارہ مجرب ہے۔ مشائخ سے اور جو طریق اس کا حدیث صحیح میں آیا ہے وہ اس رسالے میں مذکور ہو چکا ہے۔ وہ بہ نسبت اس طریق کے سہل اور آسان ہے حاجت مند کو اختیار ہے کہ وہ بھی کرے یا یہی کرے یہاں تک کہ تشفی خاطر دل ہو۔

استخارہ حرکات وسکنات از کتاب فتوحات

